CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

سرمد

رادھاسوامی ستسنگ۔ بیاس

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

سرمد

رجیت سنگھ سیتل

رادھا سوامی ست سنگ۔ بیاس

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

سرمد

ڈاکٹر جیت سنگھ سیتل

ناشر :

سیوا سنگھ

سیکریٹری

رادھا سوامی ست سنگ، بیاس

ضلع امرتسر، پنجاب

© Radha Soami Satsang Beas, 1990

بار اوّل	1990	4,000
بار دوم	1999	2,000

Printed at : Sartaj Printing Press, Joshi Estate. Tanda Road, Jalandhar.

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

عُمریست کہ آوازۂ منصور کہن شُد
مَن از سرِ نو جلوہ دہم دار و رسن را

سرمد

ترجمہ:

منصور کی کہانی بہت پُرانی ہوگئی ہے
مَیں نئے سرے سے سُولی چڑھنے کا جلوہ دِکھاتا ہُوں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

فہرست مضامین

ناشر کی طرف سے ——— 5

سوانح حیات ——— 11

فلسفۂ حیات ——— 43

رُباعیات ——— 85

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ناشر کی طرف سے

'مشرق کے درویش' نامی سلسلۂ کُتب کے تحت سنت کبیر، گورُو نانک صاحب، گورُو رویداس، سنت نامدیو، سنت دادُو دیال، میراں بائی، گوسوامی تُلسی داس، سنت تُلسی صاحب (ہاتھرس)، سنت پلٹوُ صاحب، حضوُر سوامی جی مہاراج، سائیں بُلھے شاہ، سنت دریا صاحب (بہار والے) سنت چرن داس صاحب اور حضرت سُلطان باہُو کی سوانح حیات اور اُن کی رُوحانی تعلیم پر مبنی کُتب شائع کی جا چکی ہیں۔ جو ناظرین میں بہُت مقبوُل ہوئی ہیں۔ زیرِ دست کتاب صوُفی درویش سرمد کے بارہ میں ہے۔

کافی عرصہ پہلے ست سنگ (ڈیرہ) کی طرف سے صوُفی فقیر سرمد پر انگریزی میں ایک کتاب شائع کی گئی تھی مگر اُسے دوُسری زبانوں میں نہ چھپوایا جا سکا۔ یہ امر باعثِ مسرّت ہے کہ فارسی زبان کے عالم اور پنجابی زبان کے مشہوُر مصنّف ڈاکٹر جیت سنگھ سیتل، سابقہ ڈائریکٹر بھاشا وِبھاگ، پنجاب نے سرمد کی زندگی اور تعلیم کے متعلق پنجابی زبان میں ایک کتاب تصنیف کی جسے عوام نے بہت پسند کیا۔ اُردو داں حضرات کی مانگ کے پیشِ نظر اب اُسی کتاب کا اُردو ترجمہ شائع کیا جا رہا ہے، تاکہ اُردو داں ناظرین اِس عظیم صوُفی درویش اور مالک کے عاشق صادق کے کلام کو پڑھ کر اُس سے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

رُوحانی طور پر مُستفید ہو سکیں۔

سرمد مُغل بادشاہ اورنگ زیب کے عہد میں ہُوا ہے۔ مالک کے ہر سچّے عاشِق کی طرح سرمد کافِر اور مومِن کی مصنُوعی تقسیم میں یقین نہیں رکھتا تھا۔ اُس کے نزدیک کافِر و مومِن، کُفر و دین کے تفرقات بے معنی تھے۔ وہ قُدرت کو قادر کی صُورت سمجھتا تھا۔ وہ ہر فرد و بشر میں بِلا لِحاظ مذہب و مِلّت ایک ہی خُدا کا نُور دیکھنے والا مست فقیر تھا۔

سرمد ہر طرح کی بیرونی شریعت سے آزاد تھا۔ وہ صِرف خُدا کے سچّے عِشق، پیار یا بندگی کو ہی اُس کے حصُول کا اصل ذریعہ سمجھتا تھا۔ وہ اُن صُوفی درویشوں میں سے ہے جِنہوں نے شہادت کا جام نوش کرنا منظُور کیا۔ لیکن حقیقت کے ساتھ کِسی طرح کا سمجھوتہ کرنا قبُول نہ کیا۔ سرمد کا سر قلم کیا گیا، صِرف اِس لئے کہ وہ متعصّب اور بے جان شریعت کی آبائی قید و بند کو تسلیم کرنے کو ہرگز تیّار نہ تھا۔

سرمد کا کلام رُباعیات کی صُورت میں دستیاب ہے۔ رُباعی چار سطُور کی چھوٹی سی منظُوم صِنف ہے جِس میں شاعر کِسی ایک خیال کا اِظہار کرتا ہے۔ کِسی ایک فلسفہ کے تمام پہلوؤں کو ایک ہی رُباعی میں بیان کر پانا ناممکن ہے۔ رُباعیات کی بِنا پر سرمد کے فلسفہ کی سِلسلہ وار تشکیل کر پانا مُشکل کام ہے۔ تب بھی فارسی اور پنجابی دونوں زبانوں کے وسیع مُطالعہ کے باعث ڈاکٹر جیت سنگھ سیتل، سرمد کے نظریہ پر گہرائی سے غور و خوض کرنے اور اِس درویش کے فلسفہ کے کئی بُنیادی پہلوؤں کو اُجاگر کرنے میں کامیاب رہے ہیں۔

کتاب کو اُردو صُورت دیتے وقت زُبان کی خُوب صُورتی اور معیار کو برقرار رکھا گیا ہے اور اصل تصنیف کی رُوح (SPIRIT) کو ترجمہ میں اُتارنے کی کامیاب

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کوشش کی گئی ہے۔ کتاب میں منتخب رُباعیات مضمون وار دی گئی ہیں۔

اُمید ہے کہ کتاب ہذا کے شائع ہونے سے رُوحانیت کے دلدادہ اُردو داں حضرات کی عرصہ سے چلی آرہی مانگ پُوری ہوجائے گی اور اس عظیم درویش کا یہ رُوحانیت سے پُر کلام متلاشیانِ حق کے لئے راہِ رُوحانیت میں تحریک کا کام دے گا۔

ایس۔ ایل۔ سوندھی
سیکریٹری
رادھاسوامی ست سنگ بیاس

ڈیرہ بابا جیمل سنگھ
ضلع امرتسر۔ پنجاب

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

دُوسرا ترمیم شُدہ ایڈیشن

کِتاب کا پہلا ایڈیشن شائع ہونے کے بعد، سرمد کی زندگی کے مُتعلق چند مزید تاریخی حقائق سامنے آئے۔ لہٰذا اُن کی روشنی میں کِتاب میں سرمد کی 'سوانح حیات' کے باب میں ضروری ترمیم کی گئی ہیں۔ ایسا کرتے وقت ہینسن کی کِتاب 'The Peacock Throne'، رضوی کی کتاب 'A History of Sufism in India' اور پروفیسر اسیری کی کِتاب 'رُباعیاتِ سرمد' سے خاص طور سے اِستفادہ کیا گیا ہے۔ اُمید ہے کہ اِس سے سرمد کی 'سوانح حیات' کا باب مزید مُستند ہو جائے گا۔

اُردو زبان کے نامور شاعر و ادیب جناب بالمکند عرشؔ ملسیانی مرحُوم نے سرمد کی فارسی رُباعیات کا اُردو زبان میں ترجمہ رُباعیات ہی کی صُورت میں اپنی تخلیق 'نغمۂ سرمد' میں بڑی خُوب صُورتی سے کیا ہے۔ اُن کی اہلیہ محترمہ راج عرشؔ صاحبہ نے ازراہِ نوازش ادارہ رادھا سوامی ست سنگ بیاس کو اپنی اُردو اور دیگر زبانوں میں شائع ہونے والی کتابوں میں 'نغمۂ سرمد' سے اِستفادہ و اقتباس کی اجازت دے دی ہے۔ جِس کے لئے ہم اُن کے بے حد شکر گزار ہیں۔

سیوا سِنگھ
سیکریٹری
رادھا سوامی ست سنگ بیاس

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

سوانح حیات

"سادھ کی سوبھا سادھ بن آئی" (گورو ارجن دیو جی، سکھ منی) باتھرس کے پورن سنت حضور تلسی صاحب نے دوسرے صوفی فقرا کی مانند سرمد کو بھی شغلِ سلطان الاذکار (سرت شبد ابھیاس) کے ذریعہ کل مالک سے وصال کرنے والا کامل درویش مانا ہے۔

منصور، سرمد، بوعلی اور شمس مولانا ہوئے
پہنچے سبھی اس راہ سے جس نے کہ دل پختہ کیا

آگرہ کے پرم سنت سوامی جی مہاراج نے جن کامل پیروں اور فقیروں کے نام گنوائے ہیں ان میں سرمد کو بھی شامل کیا ہے۔[1]

سرمد خود اپنے کلام میں اپنے بارہ میں کہتا ہے:

---

[1] "تھوڑے سے نام پورے اور سچے سنتوں کے اور سچے سادھ اور فقیروں کے جو پچھلے سات سو برسوں میں پرگٹ ہوئے یہاں لکھے جاتے ہیں۔ کبیر صاحب، تلسی صاحب، جگجیون صاحب، غریب داس جی، پلٹو صاحب، گورو نانک صاحب، دادو جی، تلسی داس جی، نابھ جی، سوامی ہری داس جی، اور ویاس جی اور مسلمانوں میں شمس تبریز، مولانا روم، حافظ، سرمد، مجدد الف ثانی۔"
(سار بچن وارتک حصہ 1- بچن 39)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

شاہ و درویش و قلندر دیدہ ای
سرمدِ سرمست و رُسوا زا ببیں
زندہ کش جاں نباشد دیدہ ای
گر نہ دیدستی ، بیا مارا ببیں (سرمد اشعارِ متفرقہ)

مطلب : کیا تُو نے کبھی بادشاہ ، درویش و قلندر کو دیکھا ہے ؟ اگر نہیں تو آ بدمست اور بدنام سرمد کو دیکھ۔ کیا تُو نے کسی کو جیتے جی بغیر جان کے دیکھا ہے ؟ اگر نہیں تو آ ہمیں دیکھ۔

سرمد کا لفظی مطلب ہے 'ازل' و 'ابد' سے بری ، جو لافانی اور دائم ہے۔ ہمیشہ زندہ ہے ، جاوید ہے ، وہی سرمد ہے۔ جو زماں و مکاں سے پرے ہے۔ جو لامُنتہا ، لامحدُود اور فہم و اِدراک سے بعید ہے ، وہ سرمد ہے۔ ایسا تو فقط وہ خالقِ کائینات کِردگار ہی ہے یا پھر وہ اِنسانِ کامل اِن اوصاف کا مالک ہوسکتا ہے جو اپنے مالک ، اُس خالق و کِردگار کے ساتھ ہم آہنگ ہوکر ، اُس میں جذب ہوکر ، اُسی کی صُورت ہوچُکا ہو۔ " ہر کا سیوک سو ہر جیہا + بھید نہ جانہو مانس دیہا (گورُو ارجن دیو جی) اپنی ہستی اپنے مولا میں فنا کرچُکا سچّا درویش مولا کی ہی ظاہرہ صُورت ہوتا ہے۔ رِضوی نے سرمد کا شُمار اُن مجذوب فُقرا میں کیا ہے جو ہمیشہ مالکِ کُل کی یاد میں مُستغرق (محو و مگن) رہتے ہیں[1]۔

سرمد وہ نِرالا اِنسان تھا جو ظاہرہ تو مستِ مولا ، لاغرض و بے نیاز فقیر تھا مگر باطن میں نفس پر قابُو پاکر رُوحانی شہنشاہ بن چُکا تھا۔ وہ حقِ اعظم سے ہم آہنگ ہوکر اور مذہبی شریعت کی تنگ وادی پار کر کے مُکمّل وحدانیت کے کُھلے آسمان کا آزاد طائر بن چُکا تھا۔ وہ اپنی رُوح جان سب کچھ محبُوب کے حوالے کرکے محبُوب کا

---

[1] Rizvi: A History of Sufism in India. Vol. II, page 475

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

ہو چکا تھا۔ اور محبوب کے سب کچھ کا مالک ہو چکا تھا۔

سرمد آرمینیا کا یہودی تھا۔ اُس کی پیدائش ایران کے مشہور تجارتی مرکز ' کاشان ' میں ہوئی۔ اُس کے آباواجداد پہلے آرمینیا کے باشندہ تھے جو بعد میں ایران آبسے تھے۔

کچھ تاریخ دانوں نے سرمد کا نام محمد سعید مانا ہے جو ایک اسلامی نام ہے۔ جب کہ یہ بھی حقیقت ہے کہ سرمد یہودی خاندان کا نونہال تھا جو بعد ازاں مشرف بہ اسلام ہوا۔ اس حقیقت کو سرمد خود بھی مانتا ہے۔ وہ کہتا ہے :

سرمد بہ جہاں بسے نکو نام شدی
از مذہب کفر سوئے اسلام شدی

ترجمہ : اے سرمد تو جہاں میں بڑا نیک نام ہوا۔ تو کفر کا مذہب ترک کر کے اسلام کی طرف راغب ہوا۔

سرمد کی تاریخ پیدائش کے متعلق کوئی یقینی فیصلہ کرپانا ممکن نہیں کچھ تاریخ دانوں نے اُس کی پیدائش 1618ء میں مانی ہے، جب کہ دوسری طرف سرمد کے 1632-33ء میں تجارت کے لئے ہندوستان پہنچنے کی بات کہی جاتی ہے۔ یقیناً وہ 14-15 سال کی عمر میں تجارت کے لئے ہندوستان نہیں آسکتا۔ یہی نہیں، وہ ہندوستان آنے سے پہلے زندگی کے کئی مرحلے طے کر چکا تھا۔ وہ نہ صرف یہودی عیسائی اور اسلام کی مذہبی کتب کا مطالعہ کر چکا تھا۔ بلکہ اُس زمانہ کے اعلیٰ پایہ کے علما، ملّا صدرا اور ابوالقاسم فندسکی سے اعلیٰ درجہ کی تعلیم بھی حاصل کر چکا تھا۔ اپنے مطالعہ اور تجربہ کی بنا پر وہ یہودی مذہب سے اسلام میں داخل ہو چکا تھا۔ اور اس امر کے قوی امکانات ہیں کہ اُس نے ایران میں کسی کامل درویش سے باطنی روحانی عمل کا راز حاصل کر کے شغل (ابھیاس) میں کافی ترقی کر لی ہو۔ کچھ علماء کا خیال ہے کہ سرمد نے ہندوستان پہنچنے کے بعد شیخ بھیکن یا بھیکا صاحب میں سے کسی کو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

اپنا مُرشد اختیار کیا ہو۔ مگر یہ امر دُرست معلوم نہیں ہوتا، کیونکہ بھیکن صاحب سرمد سے پہلے (1574ء میں) رحلت فرما چکے تھے اور بھیکھا صاحب کی پیدائش سرمد کی شہادت (1660ء) سے بہت بعد (1713ء) میں ہوئی۔ اِس لئے زیادہ اِمکانات اِس امر کے ہیں کہ اُس نے ہندوستان آنے سے پیشتر ایران میں ہی کسی مُرشد کی پناہ حاصل کی ہو۔ لہٰذا ہندوستان میں وہ ایک مُتلاشیٔ حق کے طور پر نہیں بلکہ ایک کامل درویش کی صُورت میں پہنچا ہوگا اور اُس کی عُمر چالیس سال سے بھی زیادہ ہو تو حیران نہ ہونا چاہیئے۔ اِس لئے جب تک پُورے حقائق نہیں مِلتے، اُس کی تاریخِ پیدائش کے مُتعلق کچھ نہ کہنا ہی مُناسب ہے۔ رِضوی بھی سرمد کی تاریخ وِلادت کے بارہ میں چُپ ہے۔

اہلِ یہُود کے رواج کے مُطابق سرمد کو بچپن میں ہی یہُودی مذہب کی مذہبی کتابوں کے مُطالعہ، غور و فکر اور وضاحت میں تاک کر دیا گیا تھا۔ کہتے ہیں کہ اُس نے یہُودیوں کی مُقدّس کِتاب 'توریت' زبانی یاد کر لی۔ اُسے سامی مذاہب کی مذہبی کِتابوں کے بارہ میں عِلم حاصل کرنے کا شوق تھا۔ اُس نے انجیل و دیگر عیسائی مذہبی کُتب کا بھی گہرا مُطالعہ کیا مگر اُس کی مذہبی کُتب کے مُطالعہ اور موازنہ کی پیاس نہ بجھی۔ اِس لئے سرمد نے اِسلامی اور پارسی مذہب کی مذہبی کتابوں کا گہرا مُطالعہ کیا۔[1]

'دبستانِ مذاہب' (صفحہ 194) میں سرمد کے مُسلمان اُستادوں کا حوالہ دیتے ہُوئے لکھا ہے کہ سرمد بہت خوش قسمت تھا کہ اُسے عربی و فارسی کی تحصیلِ علم کے لئے مُلّا صدرا اور ابُو قاسم فِندرسکی جیسے بُلند پایہ عُلماء اور کامل اُستادوں سے عِلم حاصل کرنے کا موقع مِلا۔ مُلّا صدرالدین شیرازی عوام میں مُلّا صدرا کے نام سے

---

[1] یہُودی، عیسائی اور اسلام مذہب کو سامی (Semitic) مذاہب کہا جاتا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

مشہور تھا، وہ ایک عظیم مذہبی رہنما اور آزاد خیال مفکر تھا۔ اسی طرح ابو قاسم فندرسکی (وفات : 1640ء) بھی اپنے زمانہ کا جید عالم تھا۔

ہینسن کے مطابق یہ دونوں عالم نہ صرف اسلامی تعصب سے آزاد تھے بلکہ ان پر بدھ مت اور پارسی مت کا بھی گہرا اثر تھا۔[1]

ایسے آزاد خیال استادوں کی صحبت پاکر سرمد کی سوچ کا دائرہ بہت وسیع ہوگیا۔ اس کی روح باطنی ذاتی روحانی تجربہ کو پانے کے لئے بے قرار ہوگئی اور وہ دین اسلام میں داخل ہوا ——— شریعت کے غلام تنگ دل اور کٹر و متعصب مولانوں کے اسلام میں نہیں، بلکہ فراخ دل صوفیوں کے نظریہ و تصور کے اس اسلام میں جو باہری شریعت کی بجائے نیک اخلاق، پاکیزگی اور کلمۂ الٰہی یا نام حق (شبد) کے باطنی شغل پر زور دیتا ہے۔ اس نے بے شمار مقدس مذہبی کتابوں کا مطالعہ کیا۔ مگر ساتھ ہی کتاب دل کو پڑھنے میں بھی پوری توجہ دی۔ اپنی آزاد خیالی کے تحت اس نے نہ صرف اسلام و پارسی مذہب ہی بلکہ ہندو دھرم کی مذہبی کتابوں کا بھی گہرا مطالعہ کیا۔ دراصل اس پر سب سے زیادہ اثر صوفی ادب اور صوفی علما کا تھا۔

سرمد دین اسلام اختیار کرنے اور ہندوستان آنے سے بیشتر کاشان میں اپنے آباو اجداد کے خاندانی پیشہ تجارت سے وابستہ رہا۔[2] اس کا ہندوستان آنے کا مقصد بھی تجارت میں اضافہ کرنا اور زیادہ سے زیادہ منافع کمانا ہی بتلایا جاتا ہے۔ وہ پہلے آرمینیا اور ہندوستان، بعد ازاں ایران و ہندوستان میں خشک میوہ جات، ایرانی قالین وغیرہ کو برآمد کرتا اور جواہرات، سونا چاندی، تانبے و پیتل کے برتن، ململ اور ریشم وغیرہ درآمد کرتا تھا۔ ہندوستان اور ایران کا تجارتی راستہ

---

[1] Hansen: The Peacock Throne. Page 398

[2] کاشان تب ہندوستان، ایران و عراق کی شاہراہ پر واقع ایک مشہور تجارتی مرکز تھا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

سندھ سے ہو کر گزرتا تھا۔ جس پر ٹھٹہ[1] شہر ایک مشہور تجارتی مرکز تھا۔ سرمد کو تجارت کی کشش ہندوستان میں ٹھٹہ لے آئی۔

مشہور تاریخی تصنیف 'اقبالنامہ جہانگیری' کا مصنف معتمد خاں سرمد کو لاہور میں 1044 ہجری (1634-35ء) میں ملا تھا۔ اس کی نوشت کی بنا پر 'مجمع الافکار' کا مولف لکھتا ہے کہ سرمد سمندر کے راستے 1042 ہجری (1632-33ء) میں ہندوستان میں ٹھٹہ پہنچا۔

سرمد کا ٹھٹھہ پہنچنا اس کی زندگی کا ایک بڑا واقعہ ثابت ہوا۔ کیونکہ یہاں اس کی ملاقات اپنے نوجوان مرید ابھے چند سے ہوئی جو بعد ازاں تمام عمر سایہ کی طرح اپنے مرشد کے پیچھے لگا رہا۔ سرمد جب پہلی دفعہ ابھے چند سے ملا، اس وقت ابھے چند ایک نظم میں اپنا کلام سنا رہا تھا۔ ابھے چند کی آواز میں انتہا کا درد تھا اور اس کے الفاظ میں جادو بھری کشش تھی۔ سرمد کے دل میں ابھے چند کے عشق کا چشمہ پھوٹ نکلا۔ سرمد کا ابھے چند کے تئیں ایک خاص لگاؤ و جھکاؤ ہو گیا، اور ابھے چند اس کی رحمت خاص کا حق دار بن گیا۔ پہلے پہلے تو ابھے چند کے والدین کو سرمد کی ان کے بیٹے ابھے چند سے قربت پسند نہ آئی۔ اور انہوں نے ابھے چند کو سرمد سے چھپا لیا، مگر جب انہیں سرمد کی نیک دلی پر یقین ہو گیا تب انہوں نے بصد خوشی اپنے بیٹے کو اس درویش کی صحبت سے فائدہ اٹھانے کی اجازت دے دی[2]۔

درویشوں کی رمزوں کو سمجھ پانا نہایت مشکل ہے۔ ظاہرہ تو سرمد ابھے چند کی طرف کھنچا ہوا نظر آتا تھا مگر درحقیقت یہ اس کا ابھے چند کو اپنی طرف کھینچنے یا راغب کرنے کا ایک طریق تھا۔ ایک صوفی درویش رقم طراز ہے کہ " عشق اول در دل معشوق پیدا می شود " یعنی عشق پہلے محبوب کے دل میں پیدا ہوتا ہے اور بعد میں عاشق کے

---

[1] شہر کا نام ہے ٹھٹہ یا ٹھٹھہ دونوں طرح لکھا جاتا ہے۔

[2] Rizvi: A History of Sufism in India. Vol. II. page 476

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

دِل میں، حضرت بُوعلی شاہ قلندر فرماتے ہیں :

گر ترا از عشقِ اُو باشد خبر
از تُو مُشتاق است اُو مُشتاق تر

مطلب : اگر تجھے اُس کی محبّت کی خبر ہو جائے تو تجھے معلوم ہو کہ وہ تجھے تجھ سے بھی کِتنا زیادہ محبّت کرتا ہے۔

سنتوں و فُقرائے کامِل کے حالاتِ زندگی پڑھ کر حیرانی ہوتی ہے کہ وہ کس طرح لمبی مسافت طے کر کے اپنی رُوحوں کے پاس پہنچتے ہیں۔ اور اپنے مُریدوں کے دِلوں میں اپنا عِشق پیدا کرتے ہیں۔ رُوحانیت کا یہ اٹل قانُون ہے کہ جب مُرید تیار ہوتا ہے تو مُرشد خُود بخُود اُس کے پاس پہنچ جاتا ہے۔ بعین ہی سرمد اَبھے چند کے پاس پہنچ گیا۔ اور دونوں میں پاک رُوحانی رِشتہ قائم ہو گیا۔

سرمد کی اپنے مُرید سے اِس پاک عِشق کی حقیقت کی تصدیق قریباً تمام تواریخ دانوں اور مُصنّفوں نے کی ہے۔ سرمد کا اَبھے چند سے وہی رِشتہ تھا جو ایک پُورن جوگی کا اپنے چیلے سے ہوتا ہے[1]۔ یا ایک باپ کا اپنے بیٹے سے ہوتا ہے[2]۔ مجمع الافکار کا مُصنّف لِکھتا ہے[3]۔ "سرمد کے عشقِ صادق کا نوجوان ابھے چند پر بھی کرِشماتی اثر ہُوا۔ مُرشد کی صُحبت میں آنے کے جلد بعد ہی اُس نے اپنے بھائیوں سے تعلّقات توڑ لئے اور سرمد کے پاس آکر اُسی کا شیدائی ہو گیا۔"

سرمد سے مُلاقات سے پیشتر بھی اَبھے چند کی زندگی بڑی با اُصول تھی۔ اُس کے دِل میں عِلم رُوحانیت کے لئے اِک شدید تمنّا و طلب تھی۔ اُسے بچپن

---

[1] Hansen: The Peacock Throne. Page 401

[2] ایسری، فضل محمُود۔ رُباعیاتِ سرمد۔ وِشو بھارتی۔ شانتی نکیتن۔ صفحہ VII

[3] 'مجمع الافکار' کا واحد نایاب قلمی نُسخہ، باقی پُور (پٹنہ) کی پبلک لائبریری میں محفُوظ ہے۔ (قلمی نُسخہ نمبر 8 ٹھولی 195 فارسی صفحہ 87) (ایضاً صفحہ 5)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

سے ہی شاعری کا شوق تھا اور اُس کے کلام میں رُوحانیت کی جھلک تھی۔ سرمد کے ٹھٹہ آنے سے پہلے ہی وہ مجلسوں کی زینت بن چُکا تھا۔ سرمد کی آمد اور مُلاقات نے سونے پر سُہاگہ کا کام کیا۔ اُس کے اندر دبی رُوحانیت کی چنگاری نے شعلۂ عرفان کی صُورت اُس کی زندگی و کلام کو روشنی سے مُنوّر کر دیا۔ اور عشقِ مُرشد نے اُسے مُرشد کی ہی صُورت بنا دیا۔

'دُبستانِ مذاہب' (صہ 195) کے مُطابق اَبھے چند نے اپنے مُرشد کی مدد سے بہُت سے رُوحانی ادب کا گہرا مُطالعہ کیا۔ سرمد نے اُسے یہُودی بائیبل (اولڈ ٹیسٹامنٹ) کے پہلے پانچ باب اور یہُودی دُعائیں پڑھائیں۔ 'دبستانِ مذاہب' میں پہلے باب (جینسز) کا جو فارسی ترجمہ دیا ہُوا ہے وہ ابھے چند کی ہی قلم کا کرشمہ تھا۔[1] پروفیسر اسیری نے اُس کے کلام سے، جو وقت کے ملبے تلے دب کے رہ گیا ہے، 'دبستانِ مذاہب' میں شامل مندرجہ ذیل شعر کا حوالہ دیا ہے جس سے اُس کے نیک و پاک رُوحانی جذبات کی تصویر صاف نظر آتی ہے۔

ہم مطیع فرقانم، ہم کیشِ رہبانم
ربّیٔ یہُودانم، کافرم، مُسلمانم

مطلب: مَیں قرآن کا بھی فرمانبردار ہوں، عیسائیوں کا بھی ہم مذہب ہُوں یہُودیوں کا بھی واعظ ہُوں، کافر بھی ہُوں مُسلمان بھی۔

وضاحت: (مُراد یہ کہ) ہمارے پاس فقیری کی دولت ہے، ہمارے اندر رُوح کی کشش ہے۔ ہم یہُودی بھی ہیں، ہندُو بھی ہیں اور مُسلمان بھی ہیں۔

مُرشد و مُرید، گورُو و چیلا، کا رشتۂ عشق تمام دُنیا میں مشہُور رہے۔ بھائی گورُداس عاشق و محبُوب کے عشق کو زمانہ بھر میں مشہُور و زباں زدِ عام

---

[1] اسیری فضل محمُود، رُباعیاتِ سرمد صہ VII, VI۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بتلاتے ہیں۔ یہ عشق تمام گناہ، طلب، تمنا اور دُنیاوی خواہشات کو فنا کر دیتا ہے اور سدا قائم رہتا ہے۔

1. پیر مُریداں پر ہڑی گاون پربھاتی (وار 1 : 27)
2. پیر مُریداں پر ہڑی سب پاپ پنٹھے (وار 2 : 27)
3. پیر مُریداں پر ہڑی او نِبھے نالے (وار 4 : 27)

سرمد ٹھٹہ میں ایک دو سال قیام کے بعد لاہور جا پہنچا۔ مُعتمد خاں 'دبستاں' کا مُصنّف سرمد کو 1634ء میں لاہور میں مِلا مگر وہ یہ نہیں بتلاتا کہ سرمد لاہور میں کتنا عرصہ ٹھہرا۔ معتمد خاں یہ ضرور لکھتا ہے کہ سرمد باشندگانِ لاہور میں بڑا ہر دل عزیز تھا۔ مُختلف خیالات کے لوگ اُس کے گرد جمع رہتے تھے۔ وہ لکھتا ہے کہ مَیں سرمد کو لاہور میں ایک باغ میں مِلا۔ اُس کے جسم پر لمبے گھونگرالے بال اُگے ہوئے تھے اور اُسے بڑی روانی سے شعر اُتر رہے تھے اور وہ بہت صاف فارسی زبان بولتا تھا۔

لاہور میں قیام کے دَوران سرمد کی مُلاقات بادشاہ شاہ جہاں سے ہوئی یا نہیں۔ اِس امر کی کوئی شہادت نہیں مِلتی۔ حالانکہ بادشاہ شاہ جہاں کے درباریوں کی سرمد کی صُحبت سے فیض یاب ہونے کی شہادت ضرور مِلتی ہے۔ اُس کے قیام لاہور کے دَوران سرمد کا شاہ جہاں کے ہاں ذکر ضرور ہُوا ہوگا۔

سرمد 34-1633ء میں لاہور میں ہی مقیم تھا۔ اُسکے بعد 1646ء تک اُس کا کُچھ پتہ نہیں چلتا کیونکہ وہ 1646ء میں حیدر آباد دکن جا پہنچا تھا۔ اسیری کے بیان کے مُطابق لاہور سے حیدر آباد کے سفر کے دَوران کیا وہ دہلی یا آگرہ میں رُکا؟ اِس بات کا بھی کہیں ذکر نہیں مِلتا۔ اگر وہ دہلی رُکا بھی ہوگا تو بھی وہ بادشاہ یا شاہزادہ داراشکوہ کی نگاہ میں نہیں آیا تھا۔ حالانکہ داراشکوہ اپنے صُوفی خیالات کے باعث ہر صُوفی درویش اور سادھو سنت کی تلاش میں رہا کرتا تھا۔ تب اگر دارا سرمد

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

سے مِلا ہوتا تو وہ اپنی تصنیف 'سکینۃ الاولیا' میں اِس امر کا اِشارہ ضرور کرتا۔ اُس نے یہ مجموعہ 1639ء (1049ھ) میں مکمّل کیا تھا۔ اِس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ دارا کی سرمد سے مُلاقات سرمد کی حیدرآباد سے واپسی پر ہُوئی اور وہ سرمد کا قدرداں وعقیدت مند ہوگیا۔[1]

جب سرمد حیدرآباد پہنچا تب عبداللہ قُطب شاہ (1672ء و 1083ھ) گولکنڈہ کا بادشاہ تھا اور شیخ مُحمد خاں اُس کا وزیراعظم تھا۔ 'دبستانِ مذاہب' کے حوالہ سے پتہ چلتا ہے کہ بادشاہ اور وزیر دونوں ہی سرمد کے بڑے مُعتقد اور قدردان تھے۔[2]

حیدرآباد میں سرمد کی محفل ہر روز لگا کرتی تھی۔ اُس کے عقیدتمند روزانہ اُس کی حاضری دیتے۔ سرمد بھری محفل میں اپنی رُباعیاں سُناتا۔ جن سے دُنیاوی خواہشات کے ترک کا سبق مِلتا۔ اِس دُنیا اور اِس کے مال وزر، عزّت و شُہرت، دوست واِحباب کے فانی ہونے کی آگاہی ہوتی۔ اور عِرفانِ حق کے لئے تڑپ پیدا ہوتی۔ لوگ اُس کے شیدائی تھے۔ سرمد کی شُہرت قُطب شاہ کی سلطنت سے باہر بھی دُور دور تک پھیل گئی۔ لوگ اُسے ایک کامل درویش مانتے تھے اور اُس کی عُریانی کو درویشوں کی بے پرواہی خیال کرتے تھے۔

سرمد حیدرآباد میں کچھ عرصہ قیام کے بعد دہلی آیا۔ سرمد حیدرآباد میں کِتنا عرصہ رہا اور کب دہلی آیا اسکے مُتعلق کوئی باوثوق جانکاری دستیاب نہیں۔ رضوی

---

[1] ایرج۔ فضل محمود۔ رُباعیاتِ سرمد۔ صہ VIII, VII

[2] (i) مصنّف 'دبستانِ مذاہب'، صہ 196 پر رقمطراز ہے کہ ۱۰۷۹ھ میں وہ سرمد کی حیدرآباد کی اُس محفل میں موجود تھا جس میں سرمد نے میر جُملہ کو اُونچے مرتبہ کی دُعا دی تھی۔ اور اُس کے حق میں دُعا کی تھی۔ فقیر سرمد کی یہ دُعا سچ ثابت ہُوئی۔ میر جُملہ مُغل سرکار کا مُلازم ہُوا اور بعد ازاں بنگال کا صُوبہ دار مُقرر ہُوا۔

(ii) Hansen: The Peacock Throne. Page 402

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

کے مُطابق وہ 1654ء تک دہلی پہُنچ چُکا تھا۔ تب تک سرمد تمام ہندوستان میں ایک عظیم صُوفی، درویش اور آزاد خیال مُفکّر کے طور پر مشہُور ہو چُکا تھا۔

قیاس ہے کہ سرمد کو اِس امر کا اِحساس تھا کہ وہ حیدر آباد سے دہلی اپنی آخری آرام گاہ یا قتل گاہ کو جا رہا ہے۔ جہاں اُس کا اپنے محبُوب خُدا سے وِصال ہونے والا ہے۔ اُسے بخُوبی عِلم تھا کہ وہ اب فریدُالدین عطار کی مانند جلّاد کی شکل میں خُدا کے رُوبہ رُو دیدار کرنے والا تھا۔ اُسے یہ بھی معلُوم تھا کہ وہ منصُور الحلاج کی طرح شہادت کا رُتبہ پانے والا تھا۔ وہ ایک رُباعی میں اِس عنقریب ہونے والے حادثہ یا واقعہ کی طرف اِس طرح اِشارہ کرتا ہے۔

ما سرِ خُود را چُوں کوہ و ذرّۂ پا دانستہ ایم
شہرِ دہلی را بہ شانِ کربلا دانستہ ایم
رفت منصُور از قضا و رفت سرمد نیز ہم
دارہا را از عطائے کِبریا دانستہ ایم

ترجمہ: سر کو اپنے ایک کوہ و خاکِ پا سمجھے ہیں ہم
شہر دہلی کو مثالِ کربلا سمجھے ہیں ہم
گیا منصُور قضا سے تو سرمد بھی گیا جانو
دار و رسن کو اِک عطائے کِبریا سمجھے ہیں ہم

سرمد کے دہلی پہُنچنے سے پہلے ہی اُس کی شہرت وہاں پہُنچ چُکی تھی۔ اہلِ دہلی اُس کی آمد کے مُنتظِر اور اُس کی دِید کے لئے بے تاب تھے۔ کہا جاتا ہے کہ اُس کے دہلی پہُنچتے ہی لوگ جوق در جوق اُس کے دِیدار کے لئے اُمڈ پڑے۔ برنیر ایک فرانسیسی ڈاکٹر تھا۔ جو سرمد کے قیامِ دہلی کے دَوران وہاں ہی تھا اُس نے سرمد کو کئی دفعہ دہلی کی گلیوں میں ننگے گھُومتے دیکھا تھا۔[1] برنیر کے مُطابق

[1] برنیر ٹریولز صہ 317

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

سرمد کو اورنگزیب کے فرمانوں یا دھمکیوں کی کوئی پرواہ نہیں تھی۔[1]

سارے دہلی شہر میں سرمد کی آمد کی دھوم مچ گئی۔ بادشاہ کے درباری، اُمراء، وُزراء اور مُعززینِ شہر بھی سرمد کے دِیدار کو آنے لگے۔ شاہ جہاں اور داراشِکوہ بھی سرمد کے عقیدت مند تھے۔ دارا مشہور قادری درویش مُلّا شاہ (کشمیری) کا مُرید تھا۔[2] مگر وہ حضرت میاں میر وغیرہ دُوسرے صُوفیائے کرام کی بھی تعظیم کرتا تھا۔ وہ سرمد کو بھی ایک کامل درویش کی صُورت دیکھتا تھا۔ دارا اکثر سرمد کے دربار (محفل) میں حاضر ہوتا تھا۔ اُسکی خواہش تھی کہ اُس کے والد شہنشاہ شاہ جہاں کو بھی اِس کامل درویش کے دِیدار نصیب ہوں۔

شاہزادہ داراشِکوہ مُستقبل قریب میں ہندوستان کا بادشاہ بننے والا تھا۔ شاہزادے کا سرمد جیسے فقیر کے تکیہ پر جانا ایسا تھا جیسے دُنیاوی تخت و تاج درویشوں کے دربار کی حاضری دے رہا ہو۔ مگر اِس سے دارا اور سرمد کی دوستی تمام مُلک میں مشہور ہو گئی۔ اور بعد ازاں یہی شُہرت دونوں کے لئے جان لیوا ثابت ہُوئی۔ کیونکہ جب اورنگزیب بادشاہ بنا تو اُس نے اپنے مُخالفوں میں سب سے پہلے دارا اور سرمد کو مَوت کے گھاٹ اُتارنے کا فیصلہ کیا۔

بادشاہ شاہ جہاں کے آگرہ چلے جانے کے بعد اور اورنگ زیب کے زور و جبر کے بعد، بھائیوں میں تختِ حُکومت کے لئے خانہ جنگی شروع ہو گئی۔ شُجاع نے دارا کے بیٹے سُلیمان شِکوہ کو شکست دی۔ اورنگ زیب اور مُراد نے مِل کر دارا کا تعاقب کیا۔ دارا بے چارا، غم و آلام کا مارا، بستی بستی، صحرا صحرا بھٹکتا پھرتا تھا۔ آخر ملک جیون نے گرفتار کر کے اورنگ زیب کے حوالے کر دیا۔

سیاست کی دُنیا میں دارا اورنگ زیب کا رقیب تھا، رفیق یا بھائی نہیں۔

---

[1] برنیر ٹریولز صہ 317

[2] Rizvi: A History of Sufism in India. Vol. II, page 122

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

اورنگ زیب نے اپنے دستور کے مطابق شرعی عدالت سے دارا کے خلاف کفر کا فتویٰ حاصل کر کے اُسے موت کے گھاٹ اُتار دیا۔

دارا کو بھڑکانے لگانے کے بعد حاسد و مخالف فریق نے اورنگ زیب کو سرمد کو ختم کرنے کے لئے بھڑکایا۔ اُنہوں نے اورنگ زیب کو تنبیہہ کرتے ہوئے کہا کہ سرمد آج اِتنا مشہور اور ہر دلعزیز ہے کہ اُس کے ایک لفظ یا اِشارہ پر دہلی کے لوگ باغی ہو کر بادشاہ (اورنگ زیب) کو تخت سے اُتار پھینکیں گے۔ اُنہوں نے یہ بھی چُغلی کھائی کہ سرمد نے دارا کو بادشاہت کی دُعا دی تھی۔ اُن لاعلموں کو کیا علم کہ سرمد نے دارا کو رُوحانی دُنیا کی لافانی بادشاہت کی پیش گوئی کی تھی، نہ کہ اِس فانی دُنیا کی حکومت کی۔

دارا کو ہندوستانی فلسفہ اور رُوحانی ادب سے خاص رغبت تھی۔ یہ شوق بھی اُس کی موت کا ایک سبب بنا۔ سرمد کی صُحبت نے دارا کو ایک حقیقی اِنسان بنا دیا تھا۔ وہ سرمد کو از راہِ تعظیم پیر و مُرشد خطاب کرتا تھا۔ اور اپنا درد و کرب اپنے پیر و مُرشد کے سامنے ہی ظاہر کرتا تھا۔

اُس کے ایک خط کا ترجمہ درج ہے :

دارا بنام سرمد !

پیر و مُرشد

" مَیں ہر روز آپ کے دِیدار کا اِرادہ کرتا ہوں مگر وہ پایۂ تکمیل کو نہیں پہنچتا۔ اگر واقعی مَیں، مَیں ہی ہُوں تو میرا یہ مُصمّم اِرادہ پُورا کیوں نہیں ہوتا اور اگر مَیں کچھ بھی نہیں، تو پھر میرا قصُور ہی کیا ہے ؟ اگر حضرت حُسین کا قتل خُدا کی مرضی سے ہُوا تو حسین کے قتل کا ذمہ دار ٹھہرایا گیا، یزید کون ہوتا ہے ؟ اور اگر یہ قتل خُدا کی رضا سے نہیں ہُوا تو اِس بات کے کیا معنی ہوئے کہ "خُدا جو کچھ چاہتا ہے کرتا ہے" جب رسُولِ خُدا حضرت محمد صاحب کافروں کے خلاف فوج کشی کرتے تھے تو اِسلامی فوج کو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

شکست کا مُنہ کیوں دیکھنا پڑتا تھا؟ عالموں کا فرمان ہے کہ یہ ایک سبق تھا، مگر جو خود کامل یا مکمل ہوں اُن کے لئے سبق یا تعلیم کی کیا ضرورت ہے۔"

دارا اِس کامل درویش سے اپنے تمام شکوک رفع کراتا تھا اور اُس کے کئی شک جاتے رہے۔ سرمد نے اُسے فقط اپنے محبُوب خُدا کی یاد میں محو و مست رہنے کا درس دیا۔ سرمد نے مُندرجہ بالا خط کا جواب صِرف دو فِقروں میں دیا۔

"میرے عزیز دوست!، جو کچھ ہم نے پڑھا ہے، بھُول گئے ہیں سِوائے اپنے محبُوب کے ذِکر کے، جس میں ہم ہمیشہ محو و مگن رہتے ہیں۔"

سرمد کے جواب پر یہ شعر صادق آتا ہے:

ما قِصۂ سِکندر و دارا نہ خواندہ ایم
از ما بجُز حکایتِ مہر و وفا مپُرس

معنی: ہم نے سِکندر اور دارا کا قِصّہ نہیں پڑھا۔ ہم سے سِوائے پیار و محبّت کی کہانی کے اور کچھ مت پُوچھ۔

دارا کا دربار درویشوں، صُوفیوں اور عالموں سے بھرا رہتا تھا۔ دارا اُن سے عِلمی تبادلۂ خیالات کرتا اور اُن کی صُحبت و سخن کا لُطف اُٹھاتا۔ اُسے اُمورِ سلطنت کی کوئی پرواہ یا فِکر نہ ہوتی۔ آخر اُسے اِس لاپرواہی کی بھاری قیمت ادا کرنی پڑی شاہ جہاں کی بیماری اور قلعہ آگرہ میں قید کئے جانے سے حالات ہی بدل گئے اور اورنگ زیب اپنی سیاست و طاقت سے تخت پر قابض ہو گیا۔

اورنگ زیب صِرف دارا کے ہی خِلاف نہ تھا، جس کسی کا بھی دارا سے تعلّق تھا یا جو بھی دارا کا ہم خیال تھا، خواہ وہ صُوفیوں کے کِسی بھی سِلسلہ کا پیرو کار تھا وہی تلوار کا شِکار بنا۔ دارا سے رابطہ رکھنے والے تمام صُوفی درویشوں کو ختم کرنے کے بعد اورنگ زیب کی نظر اب سرمد پر تھی۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

سرمد کی روز افزوں شہرت و عظمت، اُس کی مجلس کی بڑھتی ہوئی رونق اور عقیدت مندوں کی عقیدت، متعصب مولاناؤں، شرعی عالموں اور حاسد درباریوں کی آنکھوں میں کانٹوں کی طرح چبھتی تھی۔ وہ سرمد کو بادشاہ کی نظروں میں ایک خطرناک باغی اور ملزم کے طور پر پیش کرنے لگے۔ وہ سرمد کے ہر عمل کو کفر ثابت کرنے لگے تاکہ کفر کا فتویٰ لگا کر اُسے ملزم اور قابلِ قتل قرار دیا جا سکے۔ قاضی ملّا عبدالقوی سرمد کا سخت مخالف اور جانی دشمن تھا۔ اُس نے اپنی تمام قوت سرمد کے خلاف لگا دی۔ صوفی سرمد کے خلاف شرعی مولاناؤں نے مندرجہ ذیل تین الزامات لگائے۔

الزامات

1. سرمد ننگا رہتا ہے۔ جو مذہبِ اسلام کے بنیادی اصولوں کے خلاف ہے۔
2. سرمد کلمۂ پاک آدھا پڑھتا ہے۔ پورا نہیں پڑھتا۔ وہ صرف لاالہ (کلمہ کا پہلا حصہ) ہی پڑھتا ہے۔ لاالہ کا مطلب ہے "نہیں ہے معبود" اس کے معنی یہ ہوئے کہ سرمد اللہ کی ذات سے منکر ہے، جو کفر ہے۔
3. سرمد رسولِ خدا حضرت محمد صاحب کی شبِ معراج[1] سے بھی منکر ہے۔ شبِ معراج کو حضرت محمد صاحب اللہ کے دیدار کے لئے ساتویں آسمان پر گئے تھے۔[2]

ان الزامات کو مرتب کرنے میں سب سے بڑا ہاتھ اعتماد خاں ملّا قوی کا تھا۔ وہ اورنگ زیب کا منہ لگا درباری تھا۔[2] اُسے اپنے عہدہ پر بڑا تکبر تھا۔ وہ بہت

---

[1] معراج کے معنی ہیں اُوپر چڑھائی کرنا۔ حضرت محمد صاحب رسولِ خدا کا ساتویں آسمان پر اللہ کے حضور پہنچنا معراج کہلاتا ہے۔ اُس رات کو شبِ معراج یا لیلۃ المعراج بھی کہا جاتا ہے۔

[2] معاصر اکمرا صہ 226

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

مغرور تھا۔ وہ بندگانِ خدا اور عارفانِ حق کی ذرا پرواہ نہ کرتا تھا۔ وہ کسی اور کی شہرت برداشت نہ کرسکتا تھا۔ مُلّا قوی اور اُس کے خوشامدیوں نے بادشاہ اورنگزیب کے کان بھرنے شروع کر دیئے۔ وہ تو شروع سے ہی سرمد کے خون کے پیاسے تھے۔ انہوں نے سرمد پر عُریانی کا اِلزام لگایا، جب سرمد کو یہ پتہ چلا تو اُس نے مندرجہ ذیل رُباعی کہی۔

آں کس کہ ترا تاجِ جہاں بانی داد
مَا را ہمہ اسبابِ پریشانی داد
پوشاند لباس ہر کرا عیبی دید
بے عیباں را لباسِ عُریانی داد

مطلب : (اے اورنگ زیب) جس (مالک) نے تجھے یہ تاجِ سُلطانی دیا ہے اُسی نے ہمیں یہ سب سامانِ پریشانی دیا ہے۔ جو پُرعیب ہیں اُنہیں وہ (مالک) لباس سے سنوارتا ہے اور جو (مجھ جیسے) بے عیب ہیں اُنہیں فقط عُریانی سے نوازتا ہے۔[1]

درویش اپنی موج کے مالک ہوتے ہیں۔ وہ رضائے اِلٰہی سے جُڑے ہوتے ہیں۔ اِس لئے جب جیسا مُناسب خیال کرتے ہیں، کہتے اور کرتے ہیں۔ اُن پر اِس باہری دُنیا کے نامکمل اِخلاقی قانون عاید کرنا لاعِلمی ہے۔ اسی لئے سو پردوں تلے ڈھکا ہُوا زناکار و بدکار دُنیا دار، ننگا و برہنہ ہے۔ مگر بالکل بے پردہ، پاک فقیر رحمتِ الٰہی کی اُس لطیف چادر میں لپٹا ہُوا ہوتا ہے۔ جو اِنسانی نظر کی گرفت سے بعید ہے۔ اِس لئے سرمد اپنی عُریانی کی صِرف یہ وجہ بتلاتا تھا کہ میرے مولا کی یہی رضا ہے۔

---

[1] آئی۔ اے۔ ایز ائیکل صہ 24

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

مولانا ابوالکلام آزاد نے سرمد کی عُریانی کو اِن الفاظ میں بیان کیا ہے: "سرمد کی عُریانی اُس کی دُنیاوی لگاؤ سے ترکِ تعلّق کا باہری اِشارہ اور اُس کی اِنتہا درجہ کی جذبۂ مسکینی و عاجزی کا نِشان تھی۔[1]"

حاسدوں و دُشمنوں نے سرمد کے خِلاف یہ اِلزام بھی لگایا کہ اُس نے دارا کو تخت و تاج و سلطنت کی دُعا دی تھی۔

اورنگ زیب نے خُود سرمد کو مُخاطب کرتے ہُوئے کہا، "تُو نے پیش گوئی کی تھی کہ بادشاہ شاہ جہاں کے بعد دارا دہلی کے تختِ شاہی پر بیٹھے گا۔ مگر اب تیرا عزیز دارا کہاں ہے؟"

سرمد نے پُر رمز لہجہ میں جواب دیا۔ "خُدا نے اُسے لافانی تخت و ابدی سلطنت بخش دی ہے۔ میری پیش گوئی غلط ثابت نہیں ہُوئی۔[2]"

سرمد نے بڑی دلیری سے یہ بھی کہا، "تو دارا کو دیکھ نہیں سکتا کیوں کہ تُو نے سلطنت ہڑپ کرنے کے لئے اپنے ہی بھائیوں کی جان لی ہے۔ علاوہ ازیں اور بھی بہُت ظُلم و سِتم کئے ہیں۔[3]"

مُلّا، قاضی اور اورنگ زیب جانتے تھے کہ صِرف عُریانی کے جُرم میں سرمد کو قتل نہیں کیا جا سکتا اِس لئے مزید اِلزامات تراش اور تھوپ کر سرمد کو بڑے قاضی، مُلّا قوی کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ سرمد کو اورنگ زیب اور مُلّا قوی کی نیتِ بد کا پتہ تو تھا ہی، اُس نے مُلّا کی عدالت کی کوئی پرواہ نہ کی اور اُس نے خُود کو بے قصُور و بے گُناہ بتلایا۔

---

[1] محمد قُربان علی بسمل: رُباعیات سرمد (اُردو) (مُقدمہ مولانا ابوالکلام آزاد)

[2] Hansen: The Peacock Throne. Page 408

[3] Hansen: The Peacock Throne. Pages 409

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

جوابِ اِلزامات

۱۔ پہلا اِلزام سرمد پر برہنہ پن کا تھا۔ جب کہ عُریانی کو مذہبِ اِسلام میں کہیں ممنُوع قرار نہیں دیا گیا ہے۔ پیغمبر اشیا عہدِ پیری میں ننگے پھرتے رہتے تھے۔ ہینسن لکھتا ہے کہ دُشمنوں کی نظروں میں صِرف سرمد ہی ننگا تھا۔ حالانکہ بیشمار ننگے سادھو و فقیر دہلی کی گلیوں میں پھرا کرتے تھے۔ مگر وہ دارا کے ساتھی نہ تھے[1] درحقیقت سرمد کے مُخالفوں کا اصل مقصد حسد اور بدلہ تھا مگر بہانہ سرمد کی عُریانی کو بنایا گیا۔ ورنہ ٹھٹہ، لاہور، حیدرآباد، گولکنڈہ اور پھر دہلی میں لمبے عرصہ تک اُس کے قیام کے دَوران ہزارہا لوگ اُس کی مجلس میں اُس کے سُخن سُننے آتے رہے تھے۔ مگر کِسی ایک شخص نے بھی اُس کے مزاج، سلُوک یا برہنگی کے مُتعلّق ایک لفظ بھی بطور شکایت نہ کہا تھا۔

2. دُوسرے اِلزام آدھا کلمہ پڑھنے کے مُتعلق سرمد نے کہا۔ "بلاشُبہ میں کلمۂ پاک کا پہلا حِصّہ ہی پڑھتا ہُوں یعنی صِرف لاالٰہ ہی کہتا ہوں (جس کا مطلب ہے، نہیں ہے اللہ) میرے لئے یہ صحیح ہی ہے کیونکہ مَیں نے ابھی تک اللہ تعالےٰ کا دِیدار نہیں کیا، اب تک مجھے حقیقتِ اِلٰہی کا حصُول نہیں ہُوا۔ جب مَیں مُکمّل حقیقت کو پالُونگا اور محبُوب خُدا کے رُوبرُو دِیدار کرلوں گا تو پُورا کلمہ (کلمۂ شہادت) پڑھنے لگُوں گا۔ (پُورا کلمۂ پاک ہے۔ 'لاالٰہ الا اللہ محمدالرسُول اللہ' معنی "نہیں ہے معبُود سوائے اللہ کے، اور محمد اللہ کے رسُول ہیں") کِسی کو دیکھے بغیر اُس کی ہستی کی گواہی دینا جھُوٹی گواہی دینے کے برابر ہے۔ اور میں جھُوٹی شہادت نہیں دیتا۔"

تب سرمد کو کلمۂ پاک پڑھنے کو کہا گیا۔ سرمد 'لاالٰہ' کہہ کر چُپ ہوگیا۔ اِن دو الفاظ کے بعد اُس کے مُنہ سے ایک حرف بھی نہیں نِکلا۔

سرمد کے اِس طرح آدھا کلمہ پڑھنے کو کُفر و مُنکریت کا عمل مانا گیا اور اِسے

---

[1] Hansen: The Peacock Throne. Pages 396, 409

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اِقبالِ جُرم قرار دے کر سرمد کو کافر و بے دین قرار دیا گیا۔ کُفر کی سزا مَوت تھی اور یُوں سرمد کو موت کا سزاوار بنا دیا گیا۔

3. تیسرے اِلزام کے لئے یہ رُباعی پیش کی گئی :

ہر کس کہ سرِّ حقیقتش باور شُد
اُو پہن تر از سپہر پہناور شُد
مُلّا گوید کہ بر فلک شُد احمد
سرمد گوید فلک بہ احمد در شُد (126)

ترجمہ : جس کسی نے اُس کی حقیقت کے راز کو پالیا وہ وسیع آسمان سے بھی وسیع تر ہوگیا۔ مُلّا کہتا ہے کہ احمد (حضرت مُحمد صاحب) آسمان پر گئے مگر سرمد کہتا ہے کہ آسمان احمد کے باطن میں آئے۔

اِس رُباعی میں سرمد نے حضرت محمد صاحب کی شان کے خِلاف کچھ نہیں کہا بلکہ اُن کی عظمت ہی بیان کی ہے۔ وہ تو صِرف مولاناؤں کے اِس وہم کو دُور کرنا چاہتا تھا کہ شاید حضرت محمد صاحب جسمانی طور پر کسی باہری ساتویں آسمان پر گئے تھے بلکہ وہ اُس رُوحانی راز کی طرف اِشارہ کرنا چاہتا تھا کہ دراصل حضرت محمد صاحب کو یہ ساتوں رُوحانی آسمان اپنے اندر نظر آئے تھے۔ اور اُنہوں نے اپنے باطن میں اُن آسمانوں کی طرف چڑھائی کی۔ حضرت سُلطان باہُو نے فرمایا ہے۔ "چودہ طبق دِلے دے اندر، تنبُو دانگوں تانے ہُو" یہ تو حضرت محمد صاحب کی رُوحانی عظمت کا اِظہار ہے نہ کہ اُن کی شان کے خِلاف گُستاخی۔

لیکن رُوحانی رمزوں سے کورے و ناواقف مگر شرع کے غُلام و پابند فتویٰ دینے والے مُتعصِّب مُلّاؤں کو یہ سچائی و حقیقت کیسے پسند آسکتی تھی اُنہوں نے مندرجہ بالا رُباعی کا مطلب غلط اور توڑ مروڑ کر پیش کیا اور بالآخر سرمد پر موت کا فتویٰ صادر کر دیا گیا۔ اور یُوں تعصُّب نے حقیقت کا خُون کر ڈالا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

سرمد کے قتل کا فتویٰ جُمعرات کو دیا گیا اور اُس کے شارع عام قتل کے لئے (اگلا دِن) جُمعہ کا روز مقرّر کیا گیا۔ یہ 1661-62ء کا خُونی سال تھا۔[1]

سرمد کے قتل کی پُوری تیاری کی گئی، تمام شہر فوج کے حوالے کر دیا گیا۔ عام شہریوں میں یہ دہشت پھیلا دی گئی کہ قانُون کسی کا لحاظ نہیں کرے گا ہندوستان کے دارالخلافہ نے سیاہ ماتمی لباس پہن لیا۔[2]

اگلے دن یعنی جمعہ کے روز جامع مسجد کی سیڑھیوں کے سامنے ایک۔ اُونچا چبُوترا بنایا گیا جسے مقتل کا کام دینا تھا۔ اورنگ زیب نے دارا کو تو قید خانہ کی بند کوٹھڑی میں مروایا تھا۔ مگر سرمد کے قتل کو تماشۂ عام بنا دیا گیا۔ شہر میں اُس کے قتل کا اِعلان کیا گیا۔ یُوں تو جمعہ کے روز جامع مسجد کے پاس بے شُمار لوگ جمع ہوتے ہی تھے مگر اُس دن لوگوں کا لا انتہا ہجُوم ایک بھیانک منظر دیکھنے کے لئے موجُود تھا۔ ایک زبردست خوف کا ماحول طاری تھا۔ سرمد کے عقیدتمندوں کی حالت ناقابلِ بیان تھی۔ ہر دل رو رہا تھا۔ ہر آنکھ اشکبار تھی۔

سرمد کو سپاہیوں کی حراست میں لال قلعہ سے باہر لایا گیا۔ لوگوں کا ایک بے پناہ، ہجُوم اُس کے آگے پیچھے تھا۔ سرمد ہمیشہ کی طرح بے فکر و بے پرواہ تھا۔ گویا قتل کے لئے نہیں بلکہ ایک عاشقِ صادق، جاں باز کی طرح ہتھیلی پر سر رکھے اپنے محبُوبِ حقیقی سے وِصال کے لئے جا رہا ہو۔ کِتنا دلسوز منظر تھا!

سرمد ایک صادق و با ایمان عاشق کی طرح مستانہ وار جھُومتا اور رُباعیات گاتا چلا آ رہا تھا۔ اُس کے چہرہ پر کمال کا جلال تھا۔ وہ خُود اِعتمادی اور اِطمینان

---

[1] (a) Hansen: The Peacock Throne. Page 410
(b) Rizvi: A History of Sufism in India. Vol. II, page 485

[2] اے۔ آئی۔ ایزائیکل۔ سرمد، صفحہ 28

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

کا مجسّم تھا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ پریشانی، فکر یا خوف کا سایہ بھی اُس کے پاس سے نہ گزرا تھا۔

آخر سرمد کو چبوترے پر کھڑا کیا گیا اُس کی آنکھیں اور بازو آسمان کی طرف اُٹھے ہوئے تھے۔ اُس کی رُوح جسمانی قید و بند توڑ کر ہمیشہ کے لئے اپنے محبوبِ حقیقی کی آغوش میں جانے کے لئے بے تاب تھی۔

جلاّد ننگی تلوار لئے چبوترے کی طرف بڑھا۔ اُس نے بموجب قاعدہ سرمد کے چہرے کو کپڑے سے ڈھانپنا چاہا، مگر سرمد نے چہرہ ڈھانپنے سے اِنکار کر دیا۔ اُس نے مُسکرا کر جلاّد سے مُخاطب ہوتے ہوئے کہا:

"فدائے تو شوم بیا۔ بیا کہ تُو بہر صُورتے کہ می آئی من ترا خوب می شناسم"

مطلب: اے میرے محبوب تو (تیغ برہنہ) لئے آگیا ہے۔ میں تیرے قربان۔ آ۔ کہ تُو جس صُورت میں بھی آئے مَیں تجھے خُوب پہچانتا ہُوں[1]۔

روایت ہے کہ نیشاپُور کے حادثہ کے وقت جب ہلاکُو خاں کے لشکری فریدالدین عطّار کو قتل کرنے لگے تو اُس نے بھی جلاّد کو اِن الفاظ سے مُخاطب کیا تھا۔

"بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش۔ من خُوب می شناسم آں یارِ آشنا را"

مطلب: میرے محبُوب تُو جس بھی رنگ و لباس میں آئے، مَیں تجھے خُوب پہچانتا ہُوں۔

اِتنا کہہ کر سرمد نے سر جُھکا دیا۔ جلاّد کی تلوار کے ایک ہی وار نے سر تن سے جُدا کر دیا۔ (شعر العجم۔ ۱)

---

[1] معارف، مئی 1646 ۔ جے۔ اے۔ ایس۔ بی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

مُعارف کے مُطابق سرمد نے یہ شعر بلند آواز میں پڑھا:

شور شُد وما از خوابِ عدم چشم کشُودیم
دِیدیم کہ باقیست شبِ فِتنہا غنُودیم

مَطلب : شور ہُوا اور ہم نے عدم کے خواب سے ذرا آنکھ کھولی، دیکھا کہ فِتنوں کی رات ابھی باقی ہے، دوبارہ سو گئے۔

رِضوی کے مُطابق سرمد کا وحدت الوجُود[1] یا ہمہ اُوست کے اُصول پر یقینِ مُحکم تھا صُوفی درویش کائنات میں نظر آنے والی لاانتہا کثرت یا ثانویت کی پُشت پر ایک ہی وجُود یا واحد ذات کے دِیدار کرتے ہیں۔ سائیں بُلھے شاہ کے مُطابق عشقِ اِلٰہی کی تلوار کثرت یا ثانویت کا پردہ چاک کر دیتی ہے۔ اور عاشقِ صادق کو ہر جگہ اُس قادرِ مُطلق کا نُور نظر آتا ہے۔ "عِشق کی تیغ سے مُوئی + نہیں وہ ذات کی دُوئی" آپ فرماتے ہیں کہ مارے جانے والے ہرن میں بھی وہی بیٹھا ہے۔ اور مارنے والے چیتے میں بھی وہی۔ مالک اور نوکر دونوں میں ایک ہی قادر کا نُور جلوہ گر ہے۔ گانے والا بھی وہی ہے، بجانے والا بھی وہی ہے اور سُننے والا بھی وہی ہے، منصُور سے اناالحق کہلانے والا بھی وہی ہے۔ اُسے سُولی پر چڑھانے والا بھی اور اُسے سُولی پر چڑھائے جانے کا تماشہ دیکھنے والا بھی وہی خُود ہے۔

1. آپے آہُو آپے چیتا آپے مارن دھایا
آپے صاحِب آپے بردا آپے مُل وِکایا

2. آپے سُنیں تے آپ سُناویں، آپے گاویں آپ وجاویں
ہتھوں قُول سرود سُناویں، اناالحق دی تار ہِلاویں
سُولی تے منصُور چڑھاویں، اُوتھے کول کھلوکے ہسدے ہو
کیہنُوں لامکانی دسدے ہو

---

[1] Rizvi: A History of Sufism in India. Vol. II. page 476

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

گورو ارجن دیوجی نے اِسے "برہم گیانی متر ستر سمان" (سکھ منی) والی کیفیت کا نام دیا ہے۔ یہ وہ پاک و بالا رُوحانی کیفیت ہے جس میں عاشق اپنی خُودی خُدا میں فنا کر کے اُسی کی صُورت ہو جاتا ہے۔ یہی صُوفی کی فنا فی اللہ اور بقا بی اللہ کی کیفیت ہے۔ جس میں سرمد جذب ہو چُکا تھا۔

'نغمۂ سرمد' کے مُصنّف کے مُطابق سرمد نے اُس وقت یہ شعر پڑھا:[1]

عُمریست کہ آوازۂ منصُور کہن شُد
من از سرِ نو جلوہ دہم دار و رسن را

مطلب : مُدّت گزری، منصُور کا نعرۂ حق پُرانا ہو چُکا ہے۔ مَیں از سرِ نو تختۂ دار و رسن کا تماشہ (جلوہ) دِکھانے لگا ہُوں۔

اورنگ زیب کا میر مُنشی عاقل خاں غازی لکھتا ہے کہ سرمد نے قتل سے پہلے یہ شعر پڑھا تھا:

عُریانیٔ تن بُود غُبارِ رہِ دوست[2]
آن نیز بہ تیغ از سرِ ما وا کردند

مطلب : میرے جسم کی عُریانی (ننگا پن) میرے محبُوب دوست کے عِشق کی راہ میں گرد و غبار تھا۔ جلّاد نے تلوار سے میرا سر کاٹ کر اُس گرد کو بھی ایک طرف کر دیا۔

روایت ہے کہ قتل سے پہلے سرمد کے ایک دوست شاہ عبداللہ نے سرمد سے کہا، "میرے دوست! میرا یقین ہے اب بھی جان بچ سکتی ہے۔ اگر تُو عُریانی کو ڈھانپ

---

[1] (i) دیکھئے جرنل ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ، جلد 9 صہ 120
(ii) عرش ملسیانی، نغمۂ سرمد، صہ 20

[2] مُعارف، مئی 1946 (جے۔اے۔ایس۔بی)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

لے اور کلمۂ پاک پورا پڑھ لے تو تیری جان بخشی جائے گی۔"[1] مگر سرمد کو موت کا کوئی خوف نہ تھا۔ اُس کے لئے تو موت وِصالِ حق کا وسیلہ تھی۔

اگر مقتول سرمد اور قتل کرانے والا (قاتل) اورنگ زیب، دونوں نام کچھ دیر کے لئے ایک طرف رکھ دیئے جائیں تو مقتول و قاتل، اِنسانی تاریخ میں سدا سے برسرِ پیکار دو (مختلف) طاقتوں کی شکل اِختیار کرلیں گے۔ ایک طاقت وہ ہے جو اِنسان کو اِس دامِ فریب میں پھنسانا چاہتی ہے کہ صرف کسی مذہب کا نام چسپاں کرنے اور خاص قسم کے لباس، شریعت یا رسم و رواج اِختیار کرنے سے ہی اِنسان خُدا کی بارگاہ میں رسائی پاسکتا ہے۔ جبکہ دُوسری طاقت اِس حقیقت کی مظہر ہے کہ خُدا کو صرف عِشق پیارا ہے۔ تصنّع یا بناوٹ نہیں۔ گورو نانک صاحب نے فرمایا تھا۔

"ہمری جات پات سچ ناؤں"

مطلب : ہمارا اصل مذہب حق (ست نام) کا عِشق ہے۔

مولانا رُوم فرماتے ہیں :

"عاشقاں را مذہب و مِلّت خُدا است"

مطلب : عاشقوں کا ایک ہی مذہب، عشقِ خُدا (محبوب) ہے۔

سائیں بُلھے شاہ کا قول ہے۔

"عِشق کی لگے راہ دے نال"

مطلب : عِشق حقیقی کا باہری مذہبی دستُور سے کیا واسطہ؟ یعنی وہ اِن شرعی دستُور کا پابند نہیں ہوتا۔

جب بھی خُدا کے سچے عاشق نسلِ اِنسانی کو اِس وہم (خُدا شریعت کی پابندی سے مِلتا ہے۔) سے آزاد کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ تب ہی مذاہب کے ٹھیکیدار

---

[1] معارف، مئی 1964ء (جے۔اے۔ایس۔بی)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

پادری، پروہت اور مُلّا وغیرہ وقت کے حاکموں سے مِل کر اُن عاشقانِ خُدا کی مُخالفت کرتے ہیں مگر خُدا کے یہ عاشق اپنی جان پر کھیل کر وصالِ حق کی حقیقی راہ روشن کر جاتے ہیں، اور یہ سِلسلہ ازل سے جاری ہے۔

مولانا ابُوالکلام آزاد رقم طراز ہیں:

اِسلام کی تیرہ سو سال کی تاریخ میں مذہبی مُصنّفوں اور قاضیوں کا قلم، تیغِ بے دریغ کی طرح چلتا رہا ہے اور ہزاروں حق کے پرستاروں کے خُون کا ذمہ دار رہا ہے۔ جب بھی بادشاہ کے سر پر قتل و خون کا بھُوت سوار ہوتا، فقہ کے ماہر کا قلم اور سپہ سالار کی تلوار برابر شانہ بہ شانہ چلتے تھے۔ شریعت کے عالموں میں سے جو بھی رمزِ حقیقت سمجھنے لگتا یا رازِ حقیقت کو پانے کے قابل ہوتا، فقہ اور اہلِ شریعت اُسے ٹھکانے لگا دیتے۔ حق پرستوں کو بے شُمار اذیتیں سہنا پڑتیں۔ اور آخر جان دے کر خلاصی ہوتی۔[1]"

سرمد پر لگائے گئے اِلزامات لوگوں کی آنکھوں میں دُھول جھونکنے کے لئے تھے۔ دراصل سرمد کے قتل کا اصل مقصد یہ تھا کہ عام رعایا اور خصُوصاً سرمد کے عقیدت مند اور پیروکار اِس قدر دہشت زدہ ہو جائیں کہ وہ اِس قتل کے خِلاف کوئی باغیانہ قدم نہ اُٹھا سکیں۔

سرمد سے پیشتر بھی مُتعصّب مولاناؤں اور مذہبی حاکموں کے ہاتھوں شمس تبریز، منصُور الحلاج، فریدُالدین عطّار، شہابُ الدین سُہروردی جیسے درویش مَردانِ حق جامِ شہادت پی چُکے تھے۔ سرمد بھی اپنی شہادت سے تاریخ کے خونی صفحات پر اپنا نقش، پتھر پر لکیر کی صُورت ہمیشہ کے لئے چھوڑ گیا۔ وہ صُوفی شہیدوں کی لمبی فہرست میں ایک پاک نام کا اور اِضافہ کر گیا۔[2]

---

[1] ابوالکلام آزاد۔ سوانح سرمد (ریسرچ مقالہ) [2] مُعاصرُالامرا ۔ 1 ۔ 227

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

جامع مسجد کے سامنے جس چبوترے پر سرمد کو قتل کیا گیا اب وہاں اُس کا مزار ہے۔ ریاض الشعراء کے مصنف ولی داغستانی نے سرمد کی شہادت کے کچھ سال بعد اِس مزار کی زیارت کی تھی۔ اُس نے قبر کو پھولوں سے ڈھکا ہُوا دیکھا۔ روزانہ لاتعداد عقیدت مند مزار پر گلہائے عقیدت پیش کرنے آتے تھے۔ داغستانی لکھتا ہے۔ "منصورِ ثانی سرمد کے مزار کو ہرا سرسبز گھاس سارا سال ڈھکے رکھتا ہے۔ کبھی خشک نہیں ہوتا۔ سرمد کی رُوح کی طرح جو دورانِ حیات تروتازہ رہی اور شہادت کے بعد بھی مُرجھائی نہیں۔"

شہیدوں کی یاد نہ کبھی مُرجھاتی ہے نہ مرتی ہے۔

سرمد کثرت سے مکمل وحدانیت میں پہنچ چکا تھا۔ وہ مذہبوں کے تنگدلانہ تفرقات سے بھی آزاد ہو چکا تھا۔ اُس کا نہ کوئی دُنیاوی مذہب تھا اور نہ ہی کوئی رسمی دھرم۔ وہ نہ مُسلمان تھا، نہ ہندو، نہ یہودی، نہ تُرک۔ اُس کا واحد مذہب عشقِ خُدا تھا۔ وہ صرف اپنے محبوب کی راہ کا راہرو تھا جو اپنے محبوب سے وِصال کے لئے مُتواتر گامزن رہا اور آخر کار اُس کی راہ میں سب کچھ قُربان کر کے ابدی شہید ہو گیا۔ اُس کے لئے دوست و دُشمن، ہمدرد و جلاّد میں کوئی فرق نہ تھا۔ اُس کے لئے جان دینے والا اور جان لینے والا یکساں تھے۔ کیونکہ وہ دونوں ایک ہی سکّہ کے دو رُخ تھے۔

سرمد کا قتل لافانی رُوح کی فانی جسم پر فتح کی بے مثال شہادت ہے۔ اُسے نہ ہند کا بادشاہ شکست دے سکا، اور نہ موت کی ملکہ۔ دُنیا نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا کہ بادشاہ کی تلوار عاشقانِ خُدا کے سر تو کاٹ سکتی ہے مگر اُن کی رُوح کو جُھکا نہیں سکتی۔ عاشقانِ حق گاہے گاہے اِس حقیقت کی شہادت پیش کرتے رہتے ہیں تاکہ اہلِ دُنیا یہ سبق بھول نہ جائیں کہ تیغِ شاہی عاشقانِ صادق

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

کے جسم کے ٹکڑے کرسکتی ہے، مگر اُن کی رُوح کو پسپا نہیں کرسکتی۔ اُن کو اپنا محبوبِ حقیقی پیارا ہے اور محبُوب کو حق یعنی سچ یا حقیقت سے پیار ہے اِسی لئے عاشقانِ صادِق اپنے محبُوب کی خُوشنودی کے لئے راہِ حق کا اِنتخاب کرتے ہیں۔ خواہ وہ موت کی گلی سے کیوں نہ گزرتی ہو۔

سرمد کو اِس لئے تہ تیغ کیا گیا کیونکہ وہ صِرف وہی کچھ کہنے اور کرنے کے لئے تیار تھا جو اُسے سچ یا حقیقت محسُوس ہوتا تھا۔ اُسے بادشاہ اورنگ زیب کی نہیں بلکہ شہنشاہوں کے شہنشاہ اُس مالکِ کُل کی خُوشنودی درکار تھی۔ اُس کی خُوشی کے لئے وہ کچھ بھی کر گزرنے کو تیار تھا۔ سرمد کا قتل بادشاہ کی فتح نہیں، شِکست کا زندہ ثبُوت تھا۔ کیونکہ بہادُری اور فتح سچائی اور حقیقت کو برداشت کرنے میں ہے، سچّائی سے بھاگنے یا حقیقت کو قتل کرنے کی کوشش میں نہیں۔ بہادُری اور فتح حقیقت پر قُربان ہونے میں ہے۔ حقیقت کو قتل کرنے میں نہیں۔ حقیقت کو نہ تلوار کاٹ سکتی ہے، نہ پانی گلا سکتا ہے اور نہ آگ جلا سکتی ہے۔ سرمد کا باطن نُورِ حقیقی سے مُنوّر تھا۔ اُس کے اندر نُورِ حق شُعلہ زن تھا۔ ایک لمحہ کے لئے اُس نُورِ حق کی تجلّی، بجلی کی طرح، قاتل اورنگ زیب، اُس کی عدالت اور اُس کے مُنصفوں کے اُوپر بھی چمکی۔ اور اُن سب کو چکا چوندھ کر دیا۔ وہ ظاہرہ طور پر تو اپنی کامیابی پر شادیانے بجاتے، خُوشی مناتے اور ڈینگیں مارتے پھرتے تھے۔ مگر دراصل اندرونی طور پر اپنے دِل میں شِکست خُوردہ، شرمِندہ اور پژمُردہ تھے۔ جہاں تک عام رعایا کا سوال ہے اُن کے لئے شہید سرمد، زندہ سرمد سے کہیں زیادہ پُرجلال و پُرجمال تھا۔ سرمد کی شہادت نے اُس کے فلسفہ کی سچائی، اُس کی بزُرگی، پارسائی، عاشقی اور خُدا پر یقین کی پختگی نے لوگوں کے دِلوں پر ایک نہ مِٹنے والا نقش بنا ڈالا۔ حق تو یہ ہے کہ سرمد

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

وہ عاشقِ صادق، بندۂ خُدا تھا، جس نے اپنا سر داؤ پر لگا کر عشق کی بازی جیت لی۔

سرمد جیسے صُوفی جب بھی دُنیا میں آتے ہیں تاریخ کے سینے پر سُرخ انگاروں کی صُورت ہمیشہ دہکتے رہتے ہیں۔

سرمد ایسے عاشقانِ صادق میں سے تھا، جن کے مُتعلق یہ کہا گیا ہے:

جو تُو پریم کھیلن کا چاؤ
سر دھر تلی گلی میری آؤ

(آدگرنتھ، صفحہ 1412)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کلام

فارسی شُعرا نے زیادہ تر رُباعی، مثنوی اور غزل کی صِنف شاعری کا اِستعمال کیا ہے۔ سرمد کا بیشتر کلام رُباعیات کی صُورت میں مِلتا ہے۔ یہ کلام اُس کے دَورانِ حیات ہی لوگوں سے قبولیت، عزّت و توقیر، شہرت اور دادِ تحسین کا شرف حاصل کر گیا تھا۔

سرمد کے مُنہ سے رُباعیاں یوں بے ساختہ نِکلتیں، جیسے بادلوں سے بارش یہ رُباعیاں سامعین پر جادُو کا اثر کرتی تھیں۔

رُباعی عربی زبان کے 'ربع' مصدر سے نِکلا لفظ ہے۔ جس کا مطلب ہے۔ 'چوتارا دھاگا' یا 'چار' کی تعداد سے مُکمل کرنا۔ 'ربع' کے معنی ہیں چوتھا حِصّہ، فارسی شاعری میں رُباعی سے مُراد چار مصرع والی ایسی صِنفِ شاعری ہے جِس کے پہلے دُوسرے اور چوتھے مصرعے کا قافیہ اور ردیف ایک سا ہوتا ہے۔ اگر چار کے دو مصروعوں کا قافیہ اور ردیف ایک سا مِلتا ہو تو اُسے دُو مصرع یا ترانہ کہتے ہیں۔

رُباعی کی ایرانی تاریخ میں 'رودکی' (وفات 925ء) کو اِس کا بانی و اوّلین شاعر کہا جاتا ہے۔ وہ بھی ہومر کی طرح نابینا نغمہ گو تھا۔ اُسے فارسی شاعری کی اِس صِنف کا 'اُبُوالابائی' یعنی 'جدِ امجد' کہا جاتا ہے۔ وہ سب سے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

پہلے رُباعی کو حقیقی حُسن و عشق کے جذبات کے اِظہار کے لئے کام میں لایا۔ رابعہ بصری، رودکی، کی ہمعصر صُوفی شاعرہ تھی۔ اُس نے بھی رُباعی کا اِستعمال کیا ہے۔ ایک اور ابتدائی مشہور رُباعی گو صُوفی ابُوسعید بن ابی الخیر (وفات: 1049ء) ہے۔ جس نے سَنائی، عطّار، رُومی، سعدی، حافِظ اور جامی جیسے عظیم صُوفی مُفکّروں اور شاعروں کو ترغیب و تحریک دی۔ اُس کی تصنیف بعد میں آنے والے صُوفیائے کرام کے لئے مثال و بُنیاد ثابت ہُوئی۔ اُس کی رُباعیات میں سادگی پاکیزگی، جمال و حُسن اور قُوتِ تاثیر لاانتہا اور بدرجۂ بُلند مِلتی ہے۔ اُس نے سب سے پہلے رُباعی کو صُوفیانہ رمزوں کے اِظہار کا ذریعہ بنایا۔ عُمرخیّام (وفات: 1123ء) وہ مشہُور رُباعی گو ہے، جس کی سرمد نے اپنی رُباعی کے طرزِ فکر کی صُورت و سیرت کا فیصلہ کرنے کے لئے پیروی کی ہے۔ جس طرح رودکی عُمرخیّام کا پیش رو تھا اُسی طرح سرمد اُس کے نقشِ قدم پر چلنے والا پیرو ثابت ہوتا ہے۔ اُس کی اکثر رُباعیوں میں عُمرخیّام سے حیران کُن مُطابقت نظر آتی ہے۔

سرمد نے کہا ہے:

امّا بہ رُباعی ام مُرید خیّامم
نہ جُرعہ کشِ بادۂ اُو بسیارم

مطلب: مَیں رُباعی کہنے میں خیّام کا شاگرد ہُوں مگر مَیں نے اُس کی شراب سے زیادہ لُطف نہیں اُٹھایا۔

عُمرخیّام میں فلسفیانہ رنگ اُجاگر ہے۔ جبکہ سرمد میں فقیرانہ انداز زیادہ نُمایاں ہے۔ عُمرخیّام کی طرح سرمد بھی دُنیاوی اشیا کی فنائیت پر زور دیتا ہے مگر وہ ساتھ ہی تقدیر یا قسمت کے نوشتہ کا بھی قائل ہے۔ عُمرخیّام کل کا فکر چھوڑ کر لمحۂ حال کا لُطف لینے کی تلقین کرتا ہے۔ جبکہ سرمد موجُودہ زندگی کو جاویدیت یا بقا حاصل

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

کرنے کا وسیلہ بنانے پر زور دیتا ہے۔

سرمد کی رُباعیات کا مرکزی جذبہ، خُدا کی مُکمل وحدانیت اور اُس کا قادرِ مُطلق ہونا ہے۔ خُدا ہر شے میں موجُود ہے اور اپنی رضا کا مالک ہے۔ قادرِ مُطلق ہونے کے باوجُود وہ رحم و کرم کا بحرِ بیکراں ہے۔ وہ رحیم و کریم و غفّار و غفُور ہے۔ مُرشد خُدا کی ہی ظاہرہ صُورت ہے اور وصالِ حق کا واحد وسیلہ ہے۔ حقیقی مُرید، حق اور مردِ حق (خُدا اور مُرشد) کو ایک سمجھ کر ہمیشہ دونوں کی رضا میں رہتا ہے۔ وہ زر و مال، شان و شوکت اور غم و آرام کی پرواہ نہیں کرتا۔ اُس کی نظر یا تو اپنے گُناہوں پر ہوتی ہے یا اُس رحمان الرحیم کی رحمت پر۔

دُنیا ایک سُہانا باغ ہے۔ صُوفی اِسے مالک سے وِصال کا مقام اور عُمر کو نادر موقعہ سمجھتا ہے۔ 'شراب' اُس کے مالک کا نام، نامِ خُدا اور آبِ حیات ہے۔ 'ساقی' اُس کا مُرشد ہے۔ وہ مے عشقِ حقیقی پی کر محو و مست رہتا ہے۔ لیکن مست و بے خُود ہوتے ہُوئے بھی وہ اپنے منصُوبہ و منزلِ مقصُود کے تئیں ہُشیار و خبردار رہتا ہے۔ وہ عُمر کو دُنیا کے لگاؤ و فضول کاموں میں رائیگاں نہیں کرتا بلکہ اُسے غنیمت جان کر وصالِ محبُوب کی کوشش کرتا ہے۔ اُسے دُنیا کی لعنت و ملامت کی پرواہ نہیں ہوتی۔ وہ اپنی تعریف و توصیف نہیں چاہتا۔ بلکہ اُس مالک کی عظمت کے گیت گاتا ہے۔ مگر اندرُونی رُوحانی راز کسی حالت میں بھی افشا نہیں کرتا۔ اُس کے لئے زندگی اور مَوت میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔ اِسی لئے وہ ہنستے ہنستے جامِ شہادت غٹاغٹ پی جاتا ہے۔ اُسے یہ پُختہ یقین ہوتا ہے کہ وہ اپنے مالک کا جزُو ہے اور اُسے آخرکار اُسی میں جذب ہونا ہے۔ اُس کی بقا فنا میں ہے۔ اُس کا محبُوب لافانی و جاوید ہے۔ اِس لئے اُس (مُرید) کی رُوح بھی لافانی ہے۔ وہ اپنے مالک کی ہی صُورت ہوتا ہے۔ جب تک وہ علیحدہ ہے، محض سایہ، عکس یا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

پرچھائیں ہے۔ اور اُس وسیع خُدائے بیکراں میں مِل کر وہ بھی اُسی کی صُورت ہو جاتا ہے۔ کئی بار مستی و بے خُودی میں وہ اپنی نورانی اصلیّت کو دیکھ کر، خُود حق کی صُورت ہونے کا نعرہ لگا بیٹھتا ہے۔ جِس کے باعث اُس کے مُنہ سے بے ساختہ 'انا الحق' (مَیں حق ہُوں) نکل جاتا ہے، جِس کی قیمت اُسے اپنی جان دے کر چُکانی پڑتی ہے۔

دراصل صُوفی کا کام صِرف اُس اصل حقیقت کو پہچاننا ہے۔ وہ اِسی کام کے لئے جیتا ہے اور اِسی کے لئے اپنی ہستی 'اُس لافانی' حق میں نابُود کر دیتا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

فلسفۂ حیات

سرمد کے فلسفۂ حیات میں صُوفی نظریہ کے تمام پہلوؤں کا بڑا خوب صُورت بیان مِلتا ہے۔ صُوفی اندازِ فکر کا مرکزی خیال عِشق خُدا ہے۔ اور یہی سرمد کے فکر و خیال کی اصل بُنیاد ہے۔

مذہب کے دو پہلو ہیں۔ ایک بیرُونی یا ظاہری۔ اور دُوسرا اندرُونی یا باطنی۔ بیرونی پہلو ظاہرہ رسُوم اور شریعت پر مبنی ہے۔ اِس میں ایک خاص طریق کا لباس، حج، نماز، روزہ، تلاوت، زکوٰۃ وغیرہ پر زور دیا گیا ہے۔ اِس کا دُوسرا پہلو اندرونی یا باطنی، قلب کی صفائی اور عِشق محبُوب ہے۔ ہندوستان کے برگُن وادی (خُدائے غیر مجسّم والے) سنتوں کی طرح صُوفی و درویشوں نے بھی دِل کی پاکیزگی اور خُدا کے عِشق کو وِصالِ خُدا کا اصل ذریعہ مانا ہے۔

صُوفیائے کرام و سنتوں نے کئی بار مذہب کے باہری پہلو یعنی شریعت یا ظاہرہ رسُوم کے بارہ میں خاموشی اِختیار کی ہے۔ اور کئی بار اس کی زبردست مُخالفت کی ہے۔ مگر اُن کا ہر حالت میں زیادہ زور عشقِ خُدا پر رہا ہے۔ عشق محبُوب میں محو و مست صُوفی سب سے پہلے اپنے محبُوب کی تعریف و توصیف کے نغمے الاپتا ہے۔ وہ محبُوب کے اوصاف میں سب سے زیادہ زور اُس کے ہمہ اوست اور ہمہ جا اوست پر دیتا ہے۔ صُوفی نظریہ میں خُدا کے 'وحدت الوجُود' کو 'وحدت' اور

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

ہر جگہ موجودگی کو 'ہمہ جا اوست' کا نام دیا جاتا ہے۔ سرمد نے اِن دونوں اُصولوں کی نہایت خوب صورت وضاحت و تشریح کی ہے۔

سرمد کا کہنا ہے کہ وجُود فقط ایک 'حق' ہی ہے۔ وہ وجُودِ مُطلق (خُدا) ہی اصل جوہر ہے۔ فقط وہی دائم، جاوید و لافانی ہے۔ باقی سب کچھ فانی ہے۔ وہ حقیقت، واحد الاشریک ہے وہ لاثانی ہے۔ دُوسرا کوئی وُجود ہے ہی نہیں۔ اِس لئے اُس کے مُقابل کسی دُوسرے کے ہونے کا سوال ہی نہیں اُٹھتا، جو کچھ بھی ہے اُس 'واحد' کی رضا و حُکم میں ہے۔ اُس کا حُکم یا رضا، لاانتہا، لازوال و دائم ہے۔ وہ ربِّ اکبر ہے اور اُسی کی رضا ہی واحد حقیقت ہے۔ اُس کے علاوہ باقی تمام وھم و فریب ہے۔

ہمہ اوست سے مُراد ہے کہ وہ محبُوبِ حقیقی اِس تمام تخلیق کا خالق ہونے کے ساتھ ساتھ، اِس کے پتہ پتہ و ذرّہ ذرّہ میں سمایا ہُوا ہے۔ جو کچھ بھی ہے۔ اُس محبُوب کے حُکم سے ہے۔ اُسی کی صُورت ہے اور اُسی کے نُور سے مُنوّر ہے۔ دُنیا کی اِس رنگا رنگ کثرت کے پسِ پردہ ایک مُکمّل وحدانیت کارفرما ہے۔ دُوسرے الفاظ میں وہ واحد مالک و خالق ہی خُود کو انواع و اقسام کی شکل و صُورت، رنگ و رُوپ میں ظاہر کرتا ہے۔ کثرت نہ صرف وحدت سے پیدا ہُوئی ہے بلکہ تسبیح کے دانوں کی طرح وحدت کے ایک لطیف نادید دھاگے میں پروئی ہُوئی ہے۔ 'کثرت' تصنّع یا فریب ہے۔ جبکہ 'وحدت' اصلیت و حقیقت ہے۔ اِس لئے ایک اِنسان کو دُوسرے اِنسان سے، ایک مُتبرک مقام کو دُوسرے مُتبرک مقام سے، ایک مذہب کو دُوسرے مذہب سے، اچھا یا بُرا سمجھنا سراسر نادانی ہے۔ کعبہ میں موجُود سنگِ اسود میں بھی وہی ہے۔ اور مندر میں موجُود کالی مُورتی میں بھی وہی ہے۔ اِس لئے صُوفیائے کرام کسی مذہب یا اُس کے پیروکاروں کو بھلا یا بُرا ثابت کرنے کی بجائے تمام مذاہب کے لوگوں کو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri
Collection Of Adovcate Showkat

اُس واحد خالق کی خلقت جان کر اُن سے محبّت کرنے پر زور دیتے ہیں۔

شیخ بابا فرید کا فرمان ہے کہ کسی کو بُرا نہ کہو، کیوں کہ ہر انسان کے دل میں اُسی ایک مالکِ حقیقی کا بسیرا ہے۔ سب کے دل میں وہی محبُوب جلوہ افروز ہے اِس لئے ہر دل بیش قیمت ہے۔ اگر اُس محبُوب سے وِصال کی چاہ ہے تو کبھی بھی کسی طور کسی دِل کو ٹھیس مَت پہنچاؤ۔

اِک پھکا نہ گالائے سبھناں مہہ سچا دھنی
ہیئیاؤ نہ کیہی ٹھاہِ مانک سبھ امول وے
سبھنا من مانک ٹھاہن مول مچانگوا
جے تَوُ پریا دی سِک ہیئیاؤ نہ ٹھاہے کہیدا

(آدگرنتھ، صہ 1384)

بابا فرید کے کلام میں شامل اپنے شلوکوں میں گورو ارجن دیو جی نے اِس خیال کا اظہار یُوں کیا تھا کہ خالق خلقت میں ہے اور خلقت خالق میں سمائی ہُوئی ہے۔ اِس لئے کسی کو بھی بھلا بُرا نہیں کہا جا سکتا۔

فریدا خالق خلق مہہ، خلق وسے ربّ ماہے
مندا کِس نوُ آکھیئے جاں تِس بِن کوئی ناہے (آدگرنتھ، صہ 1381)

ابُوسعید ابوالخیر نے بھی اِسی انداز میں نغمہ سرائی کی ہے:

رفتم بہ کلیسائے طرسا و یہُود
طرسا و یہُود جُملگی رُو بہ تو بُود
بر یاد و وصالِ تو با بُت خانہ شُدم
تسبیحِ بُتاں زمزمۂ عِشق تو بُود

مطلب: مَیں عیسائیوں اور یہُودیوں کے گرجا گھر میں گیا۔ عیسائی و اہلِ یہُود سب تیرے حضُور کھڑے تھے۔ تیری یاد اور وِصال کے لئے مَیں بُت خانہ

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

بھی گیا۔ مَیں نے دیکھا کہ ہندُو کی مالا نیرے عشق کے گیت گا رہی تھی۔
سرمد کہتا ہے کہ ہر آئینۂ دِل میں اُسی مالک کی تصویر جلوہ گر ہے۔ دِل اور صُورتیں مُختلف ہیں۔ مگر باطن میں جلوہ اُسی واحد مالک کا ہی ہے۔

دِیدم ہمہ جا صُورتِ معنی است یکے
ایں آئینہ ہر جاست ، خُدا داد بُود (100)

ترجمہ : مَیں نے سب جگہ دیکھا، باطن میں ایک ہی تصویر ہے۔ یہ آئینہ ہر جگہ موجُود ہے۔ یہ خُدا کی ہی دین ہے۔

خالِق اور اُس کی مخلُوق ایک دُوسرے سے جُدا نہیں۔ جیسے لفظ اور اُس کے معنی، پھُول اور اُس کی خُوشبُو۔ وہ ہر وقت اپنی تخلیق کے ساتھ ہے۔ سرمد کہتا ہے۔

چُوں معنی و لفظ ، ما و اُو را بنگر
چُوں چشم و نگہہ ، جُدا و یکجا بنگر
یکدم زِ کسے جُدا نہ یابی ہرگز
مانندِ گُل و بُو است ، بہرجا بنگر (157)

مَطلب : تُو ہمیں اور اُس، کو لفظ و معنی کی طرح دیکھ۔
تُو آنکھ و نگاہ کو علیحدہ علیحدہ ہوتے ہُوئے بھی یکجا دیکھ
تُم کِسی شخص کو بھی اُس مالک سے علیحدہ نہ پاؤ گے
تُو اُسے پھُول اور خُوشبُو کی طرح یکجا دیکھ۔

سرمد مزید کہتا ہے :

چُوں شمع زِ فانوس نُمائی خُود را
پیوستہ دریں لباسِ خُود عُریانی (315)

مطلب : تُو وہ شمع ہے جو فانوس کے اندر سے بھی خُود کو ظاہر کر رہی ہے۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اپنے اِس لباس میں بھی تو عُریاں ہے۔ یعنی وہ مالک ہر جگہ اور ہر شئے میں ظاہر نظر آتا ہے، وہ پردہ میں ہوتے ہُوئے بھی پوشیدہ نہیں۔ جیسے شمع فانوس کے پردے سے بھی نظر آتی ہے۔

اِس خیال کا دُوسرا پہلو یہ ہے کہ جو محبوب ہر جگہ موجود ہے۔ وہ اِنسان کے باطن میں بھی ہے اِس لئے اِنسان کو اُس کی تلاش میں جنگل، بیابان اور مندر مسجد میں ٹھوکریں کھانے کی ضرورت نہیں۔ ہر انسان کے باطن میں نُورِ خُدا، جلوہ گر ہے۔ اور کعبۂ دل میں کلمہ، کلام یا شبد کی صدا گُونج رہی ہے۔ اِس لئے مُناسب یہ ہے کہ اِنسان باہر سے مُنہ موڑ کر اپنے دِل کے آئینہ میں اپنے مالک کے جمال کا نظّارہ کرنے کی کوشش کرے۔

سرمد خبردار کرتا ہے :

اے بے خبر از ہستیٔ خُود ہمچُو کِتاب
در جِلد تو آیاتِ اِلٰہی بہ حجاب
یعنی زِ تو حق پدید و تُو از اثرش
آگاہ نہ ای چُو شیشہ از بُوئے گُلاب (24)

مطلب : اے بے خبر اِنسان! تُو کِتاب کی مانند اپنی ہستی سے بے خبر ہے۔ کلام الٰہی تیرے اندر ہے اور تُو اُس کا پردہ دار ہے۔ خُدا تیرے اندر ہے اور تُجھے خبر نہیں تُو اُس شیشی کی مانند ہے جِس کے اندر گُلاب کا عطر ہے مگر وہ اُس کی خُوشبُو سے بے خبر ہے۔

گُورُو رامداس جی کا قول ہے :

ہوں ڈھو ڈیندی سجناں، سجن میڈے نال (آدگرنتھ، صہ 1384)

گُوربانی میں اِس خیال کو یُوں بھی نُمایاں کیا گیا ہے :

1. گھٹ گھٹ میں ہر جُو بسے، سنتن کیہو پُکار (ایضاً صہ 1426)

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri
Collection Of Adovcate Showkat

2. پار برہم کے سگلے ٹھاؤ
جت، جت، گھر راکھے تیساتن ناؤ (آدگرنتھ، صـ275)

3. پسریو آپ ہوئے انت ترنگ
لکھے نہ جاہِ پار برہم کے رنگ (ایضاً صـ 275)

وہ محبوبِ حقیقی تو ہمارے پاس ہے۔ یہ کم عقل اِنسان بے جا اُسے باہر تلاش کرتا پھرتا ہے ضرورت اُسے باہر تلاش کرنے کی نہیں بلکہ چشمِ باطن وا کرنے کی ہے۔ جب تک اندر کی آنکھ (چشمِ باطن) بند ہے۔ وہ محبوب دُور محسوس ہوتا ہے، مگر جب اُسکا جلوہ کرنے والی خُدا داد اندر کی آنکھ کھُل جاتی ہے تو وہ صاف و ظاہرہ، رُو برُو نظر آنے لگتا ہے۔

دِل اگر دانا بود اندر کنارش یار ہست
چشم گر بینا بود در ہر طرف دِیدار ہست (49)

مطلب : اگر دِل سمجھ دار ہے تو محبوب ہر دم بغل میں (پاس) ہے اگر آنکھ دیکھنے والی ہے تو ہر سُو اُس کا جلوہ ہے۔

اُس حالت میں علیحدہ پن یا اِنفرادیت مِٹ جاتی ہے۔ عاشق و معشوق، مُرشد و مُرید ایک ہو جاتے ہیں۔ وحدت کے باغ میں تو پھُول اور کانٹے کا اِمتیاز ختم ہو جاتا ہے۔

عاشق و معشوق و بُت و بُت گر و عیار یکیست
کعبہ و دیر و مساجد ہمہ جا یار یکیست
گر در آئی بہ چمن وحدتِ یک رنگی بیں
کہ در آں عاشق و معشوق و گُل و خار یکیست (متفرق)

مطلب : عاشق و معشوق و بُت و بُت تراش و عیار ایک ہی ہے
مندر و مسجد میں گویا ہر جگہ یار ایک ہی ہے۔

---

[1] یہ رُباعی کے مروجہ اوزان سے باہر ہے۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

تُو اگر باغ میں آئے تو وحدت کی یک رنگی دیکھے
کہ وہاں عاشق و معشوق اور پھول اور خار ایک ہی ہے

اِس لئے صُوفی اُس 'ہمہ جا اُوست، حاضر ناظر محبُوب کے عِشق کو ہی اپنا دین و ایمان سمجھتا ہے۔ صُوفی کی راہ بھی عِشق ہے اور منزل بھی عِشق۔

عِشق، عِشقہ مصدر سے ہے۔ جس کا مطلب ہے عِشق پیچاں، اَمربیل جو خُود زرد ہوتی ہے اور جس درخت پر پھیلتی ہے اُسے بھی زرد کر دیتی ہے۔ اُس کی اپنی جڑ نہیں ہوتی، اُسی طرح عاشق کی اپنی خُودی یا ہستی کی جڑ نہیں ہوتی۔ وہ اپنی خُودی اپنے محبُوب میں فنا کر دیتا ہے۔ اُس کے لئے جو کچھ بھی ہے، محبُوب ہے۔ اُس کی اپنی کوئی ذاتی (علیحدہ) مرضی یا رضا نہیں ہوتی۔ محبُوب کی رضا ہی اُس کی رضا ہو جاتی ہے، اِس سے وہ اُس رُوحانی کیفیت میں پہنچ جاتا ہے جس میں وہ محبُوب کے عِشق و فِراق میں ایسا غلطاں ہو جاتا ہے کہ دُنیا کے باقی تمام غم و آلام سے بَری ہو جاتا ہے۔ وہ اپنے محبُوب کے عِشق میں ایسا گرفتار ہو جاتا ہے کہ اِس گرفتاری و قید کے صدقہ وہ دونوں جہاں کی ہر قید و بند سے آزاد ہو جاتا ہے۔

ہر دِل کہ بدامِ غمِ اُو شاد بود
از ہر دو جہاں فارغ و آزاد بود (100)

مطلب : جو دل اُس کے غم میں گرفتار ہو کے بھی خُوش رہتا ہے۔ وہ دونوں جہاں کے رنج و غم سے آزاد ہو جاتا ہے۔

تصوّف کے نظریہ سے مُرشد غیر مُجسّم خُدا کی مُجسّم صُورت ہوتا ہے۔ اِس لئے عِشقِ مُرشد، عِشقِ خُدا ہے۔ صُوفی دُنیا کی ہر شے میں محبُوب کا جمال دیکھتا ہے۔ جو عشقِ مجازی کا ایک پہلو ہے۔ وہ مُرشد کو خُدا کی ظاہرہ صُورت مانتا ہے۔ جو عشق مجازی کا دُوسرا پہلو ہے۔ وہ مرشد یا محبُوب کی نُورانی صُورت کے عِشق کے ذریعہ اُس لابیاں و لامکاں محبُوبِ حقیقی کے عِشق کی منزل طے کرتا ہے۔ سرمد کہتا

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ہے کہ حقیقت (حق، خُدا) سے ہم آہنگ ہوچکا اِنسان، حقیقتِ مجسّم ہوتا ہے۔ وہ ظاہرہ انسان تو نظر آتا ہے مگر دراصل وہ خُدائے لامنتہا کی طرح تمام کائینات پر چھایا ہوتا ہے۔ اِسی لئے سرمد دعویٰ کرتا ہے۔

ہر کس کہ سرِ حقیقتش باور شُد
اُو پہن تر از سپہر پہناور شُد
مُلاّ گوید کہ بر فلک شُد احمد
سرمد گوید فلک با احمد در شُد (126)

مَطلب : جس شخص نے حقیقت کی جھلک دیکھ لی۔ اُس کی نگاہوں مین یہ وسیع آسمان ہیچ ہوگیا۔

مُلاّ تو کہتا ہے کہ احمد (حضرت محمّد صاحب) آسمان پر گئے مگر سرمد کہتا ہے کہ آسمان خُود احمد (حضرت محمّد صاحب) کے باطن میں اُتر آیا۔

مُراد یہ ہے کہ خُدا سے وِصال کر چُکے اِنسان میں تمام خُدائی اوصاف آجاتے ہیں۔

سرمد نے کہا ہے کہ جو اِنسان خُودی سے مُبرّا، کسی خُدا رسیدہ مُرشد کی پناہ لے کر اپنی خُودی مِٹا لیتا ہے، وہ بھی مُرشد کی مانند کُل مالک کی قُربت پا لیتا ہے ایسے کامل اِنسان کے نام کا سِکّہ دونوں جہاں میں چلتا ہے۔ تمام کائینات اُس کے حُکم کے تحت چلتی ہے۔ دُنیا اُس سے رحمت کی بھیک مانگتی ہے۔ سرمد کے کہنے کا مطلب ہے کہ خُدا سے وِصال پا چُکا اِنسانِ کامل، خُدائی اوصاف سے سرشار ہوتا ہے۔ وہ اُس کی رحمت کا سرچشمہ بن کر دُنیا کی نجات کا وسیلہ بنتا ہے۔ ایسے مُرشدِ کامل کا عِشق ہی عاشقِ صادق کو خُدا کے وِصال کے قابل بنا سکتا ہے۔

بگزُر زِ خُودی کہ دین قرینت گردد
سر دفترِ اعمال ہمینت گردد

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ہر دو جہاں سکۂ نامت بزنند
ہمہ عالم در زیرِ نگینت گردد (128)

ترجمہ: کر ترک خودی کہ خدا تیرے قریب ہو جائے
نیک اعمال میں لوگوں کا نقیب ہو جائے
دونوں عالم میں ترے نام کا سکہ ہو رواں
ساری دُنیا کی حکومت تیرا نصیب ہو جائے

سرمد دلیل دیتا ہے کہ جس طرح طوفان ریت و کنکر کو اپنے ساتھ اُڑا لے جانے کی طاقت و صلاحیت رکھتا ہے اُسی طرح مردانِ حق، عاشقانِ خدا، تمام اوصاف سے عاری و محروم اور ہر طرح کے گناہوں سے آلودہ، انسانوں کو اپنے ساتھ بارگاہِ ایزدی میں لے جانے کی توفیق و طاقت رکھتے ہیں۔ اِس لئے مناسب ہے کہ انسان ایسے ہی مردِ کامل کی صحبت میں جا کر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے وہیں کا ہو جائے۔ وہ جتنی مضبوطی اور پختہ یقین سے اُس کی صحبت میں رہے گا، اُتنی ہی زیادہ ترقی و توصیف اُسے خدا کی راہ میں حاصل ہوگی۔

خواہی کہ بدستِ تو بود نام و نشاں
مانندِ نگیں، خانہ نشیں شو بہ جہاں
پیوستہ چوں نقشِ پا بیا سا یک جا
بے سنگ فلاخن نشود ریگ رواں (253)

ترجمہ: چاہے کہ زمانے میں ہو تیرا بھی بڑا نام
نگینے کی طرح ڈھونڈ لے مضبوط مقام
ایک جگہ جم جا نقشِ قدم کی مانند
اُڑتے ہوئے کنکر و پتھر سے ہی پڑتا ہے طوفان کا نام

سرمد ہدایت کرتا ہے کہ ساقی یعنی مرشد کا گلاب سا چہرہ مل جائے تو اُس

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

سے فراقِ محبوب میں جلتی ہوئی آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچانا چاہیئے۔ اپنا سر مُرشد کے قدموں پر رکھ کر اپنی خودی کو ختم کر دینا چاہیئے۔ اُس سے بڑے عجز و انکساری سے پیش آنا چاہیئے کیونکہ اِس کے علاوہ اِنسان کے لئے اِس دُنیائے دنی سے بچاؤ کا کوئی اور طریقہ ہے ہی نہیں۔

ہر جا کہ شود ساقیٔ گلفام دوچار
شکرانۂ ایں نمازِ اوّل بگزار
غافل نہ شوی زِنشۂ عجز و نیاز
ہشیار کہ آخر نہ کشی رنجِ خمار (155)

ترجمہ: جب تجھے گلاب سے چہرہ والا ساقی مل جائے
تو فوراً مالکِ کُل کا شکرانہ ادا کر
عجز و انکساری کے نشہ سے نہ ہو ہرگز غافل
ایسا نہ ہو کہ تجھ پہ سستی وار کر جائے

ایسے مُرشدِ کامل کا مِلاپ اپنی کوشش سے نہیں بلکہ مُرشدِ محبوب کی بخشش و فضل و کرم سے ہوتا ہے۔ تب عاشق بے نیاز ہو جاتا ہے۔ اُسے اِتنی بڑی نعمت مِل جاتی ہے کہ اُسے کسی کی خوشامد کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔

از منصبِ عشق سرفرازم کردند
از مِنّت خلق بے نیازم کردند (124)

مطلب: خُدا نے مجھے عشق کا مرتبہ بخش کر دُنیا میں سربلند کیا ہے۔ اور لوگوں کی مِنّت و خوشامد سے بھی بے نیاز کر دیا ہے۔

اِس طرح عشقِ محبوب میں جلنا، بزم کو روشن کرنا ہے۔ یہ نُورِ باطن کا ذریعہ ہے۔ اِس سوز سے ہی محبوب کا ہم راز بننے کا رُتبہ مِلتا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

چُوں شمع دریں بزم گدازم کردند
وزِ سوختگی محرمِ رازم کردند (124)

ترجمہ: مجھے شمع کی مانند بزم میں جلایا
اِس جلن نے مجھے محرمِ راز بنایا

پنجابی کا ایک لوک گیت ہے:

تنوری تائی ہوئی آ
بالن ہڈیاں دا، روئی عشقے دی لائی ہوئی آ

سرمد جس شراب کا بار بار ذکر کرتا ہے۔ وہ عشق، محبت یا نامِ حق کی دائمی مستی بخشنے والی مئے حقیقی ہے۔ صُوفی مئے محبت اور جامِ عشقِ حق سے مست و بے خُود رہتا ہے۔ اُسے اِس مستی میں ایسی ہوش آجاتی ہے جس سے وہ دھرم، مذہب اعمال اور رسم و رواج کی قید و بند سے آزاد ہو جاتا ہے۔ وہ تو اپنے محبُوبِ حقیقی کا ہی عاشق و عابد بن جاتا ہے۔ خواہ لوگ اُسے کافر و بُت پرست کہیں مگر وہ اُن کی کچھ پرواہ نہیں کرتا۔

امیر خُسرو کا سُخن ہے:

خلق می گوید کہ خُسرو بُت پرستی می کُند
آرے، آرے می کُنم، با خلق و عالم کار نیست

مطلب: لوگ کہتے ہیں کہ خُسرو بُت پرستی کرتا ہے۔ ہاں، ہاں! مَیں کرتا ہُوں، مجھے دُنیا اور اہلِ دُنیا سے کوئی واسطہ نہیں۔

سرمد اپنے نرالے انداز میں کہتا ہے:

سرمد کہ زِ جامِ عشق مستش کردند
بالا کردند و باز پستش کردند
می خواست خُدا پرستی و ہُشیاری
مستش کردند و بُت پرستش کردند

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ترجمہ : سرمد! تجھے اُنہوں نے شرابِ عشق سے سرشار کر دیا
پہلے چڑھایا اُوپر، پھر گرا کے خوار کر دیا
تُو چاہتا ہے حق پرستی و ہُشیاری کو ساتھ ساتھ
بے خُود بنا کے تجھ کو بُت کا پرستار کر دیا

عشقِ حقیقی میں بے خُود ہُوا صُوفی اپنے محبُوب کی محبّت میں اِس قدر محو و سرشار ہو جاتا ہے کہ اُسے نیک نامی و بدنامی، جامہ پوشی و عُریانی کی پرواہ نہیں رہتی۔ اُس کے لئے جسم کی قید کوئی معنی نہیں رکھتی۔ اُس لئے صُوفی و درویش شہید ہونے سے کبھی ذرا بھی خوف نہیں کھاتے۔ سرمد اِس حالت کو اِس رُباعی میں یُوں بیان کرتا ہے۔

سرمد ما را بہ عشق رُسوا کردند
سرمست و سراسیمہ و شیدا کردند
عُریانیٔ تن بُود غبارِ رہِ دوست
آں نیز بہ تیغ از سرِ ما وا کردند (136)

ترجمہ : اے سرمد! ہمیں اُنہوں نے عشق میں رُسوا کر دیا
بے خُود بنایا اور پریشاں و سودا کر دیا
تھا جسم ہی تو پردۂ راہِ وصالِ یار
تلوار کے اِک وار سے سر سے علیحدہ کر دیا

دراصل اِس کا مطلب یہ ہے کہ صُوفی خُود کو غلاظتِ جسمانی و لذّتِ نفسانی سے بالاتر کر لیتا ہے تاکہ وہ جسم کی قید سے ہمیشہ کے لئے آزاد ہو جائے۔ سرمد کہتا ہے :

سر پا شُد و پائی سرِ ما در راہِ یار
من بے سروپا شُدم تو معذُورم دار
ہُشیار بسر چگُونہ پوشد پاپوش
دیوانہ بہ سر چگُونہ پیچد دستار (139)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ترجمہ : میں راہِ محبوب میں سر کے بل چلتا ہوں
اے خدا مجھے معاف کرنا میں بے سروپا ہوگیا ہوں
جو عقلمند ہے وہ سر پر جوتے کیوں پہنے گا
جو دیوانہ ہے وہ سر پر پگڑی کیوں باندھے گا

اِس کا مطلب ہے کہ سچّے عاشق کو خُدا کے پاس پہنچنے کے لئے جسمانی ہاتھ پاؤں کی ضرورت نہیں رہتی۔ وہ یک سُوئی و مُراقبہ کی حالت میں کثیف جسم کی قید سے آزاد ہوجاتا ہے جس سے وہ باہری آنکھوں کے بغیر ہی اندرُونی حقیقت کو دیکھتا ہے اور بیرُونی ہاتھ پاؤں کے بغیر باطنی رُوحانی دُنیا کی سیر کرتا ہے۔

عِشق صادق ہی وصالِ محبُوب کا واحد وسیلہ ہے۔ غمِ عشق سے صُوفی کا دل اُس کی جانِ لطیف یا رُوح بن جاتا ہے اور دائمی زِندگی کی ڈور کا سرا اُس کے ہاتھ آجاتا ہے۔ اگر محبُوب کی سیج کو سجانا ہے تو اُس کا واحد طریقہ اُس کا والہانہ و بے اختیار عشق ہے

دُوریٔ نفسِ مرا، از او مُمکن نیست
ایں یک جہتی بہ گفتگو مُمکن نیست (55)

ترجمہ : میرے لئے' اُس، سے ایک لمحہ کی جُدائی مُمکن نہیں
میرے اِس وِصال کا الفاظ میں بیان بھی مُمکن نہیں

لیکن یہ غمِ عشق سب کے نصیب میں نہیں ہوتا۔ لذّاتِ نفسانی میں بدمست دُنیادار اِسے کیا جانیں! اِسی لئے خُدا اُنہیں دردِ عشق کی دَولت نہیں بخشتا۔ پروانے کا سوز مکھّی کو مِلے، ناممکن ہے۔ اِس سوزِ عشق کو پانے کے لئے تو تمام زِندگی صرف کرنا پڑتی ہے، رُوحانی عمل و شغل کرنا پڑتا ہے، تب کہیں وہ محبُوب آغوش میں آتا ہے۔ یہ نادر نعمت ہر کس و عام کو نہیں مِلتی۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

سرمد غمِ عشق بوالہوس را ندہند
سوزِ دلِ پروانہ مگس را ندہند
عُمرے باید کہ یار آید بہ کنار
(94) ایں دولتِ سرمد ہمہ کس را ندہند

ترجمہ: اے سرمد یہ غمِ عشق ہوس کاروں کو نہیں ملتا
پروانے کے دل کا سوز مکھی کو نہیں ملتا
محبوب سے وصال کے لئے اک عُمر چاہیئے
یہ لافانی خزانہ سب کو نہیں ملتا

عاشق کو اپنے محبوب کے متواتر تصوّر اور ہمیشہ اُسی کے خیال میں محو رہنے سے دلی سکون و چین ملتا ہے۔ اُسے باطن میں وہ لطفِ لابیاں حاصل ہوتا ہے جو کسی بھی دُنیاوی شے میں نہیں۔ عاشقِ صادق اُسے پاکر ایسی دائمی دولت اور ابدی نعمت سے مالامال ہو جاتا ہے کہ وہ دُنیاوی زر و مال کا محتاج نہیں رہتا۔ وہ سب سے بڑا دولت مند ہو جاتا ہے۔

بے فکر و خیالِ دوست راحت نہ بود
اندیشۂ مال و جاہ و دولت نہ بود
سر رشتۂ جان و دل بہ دلبر بہ سپار
(96) با دولتِ پائدار دُورت نہ بود

ترجمہ: محبوب کے خیال و تصوّر کے بنا مسرور نہ ہو
مال و زر و مرتبہ کے فکر میں رنجور نہ ہو
دل و جاں دلبر کے حوالے کر دے
اِس دائمی دولت سے ذرا دُور نہ ہو

وہ اِنسان خوش نصیب ہے جسے لمحہ بھر بھی اِس عشقِ حقیقی کا درد نصیب ہُوا سمجھ

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

لیجئے کہ اُسے دو جہاں کی راحتِ ابدی کی نعمت مِل گئی۔ اگر محبوبِ حقیقی کی سچّی محبّت کی تصویر آپ کے دل کے نگینہ پر نقش ہوجائے تو یوں سمجھیئے کہ تمام دُنیا آپ کی مُٹھی میں آگئی۔

یک لحظہ اگر دلِ حزینت بدہند
آسودگیٔ روئے زمینت بدہند
گر مُہر خُداست نقش بر خاتمِ دِل
عالم ہمہ در زیرِ نگینت بدہند (87)

ترجمہ: اِک لمحہ گر تجھے دلِ پُر آلام مِل گیا
سارے جہاں کا جان لے آرام مِل گیا
دل کی انگوٹھی پر تری لگ جائے جو خُدائی مُہر
سارے عالم پہ تجھے اِختیارِ تمام مِل گیا

اِس عِشق صادق نے سرمد کو لازوال و لافانی بنا دیا۔ شرابِ عِشق نے اُسے جسم و جہان سے بے خُود کر دیا۔ اُسے وہ ابدی مستی و بے خُودی مل گئی کہ جلاّد کی تلوار بھی اُسے دُنیاوی ہوش میں نہ لاسکی اور اُس نے فانی جسم کا پردہ چاک کر کے لافانی زندگی حاصل کرلی۔

دِل از غمِ عِشق جان شود آخرکار
سررشتۂ ایں عُمرِ ابد را بکف آر
خواہی نصیبِ تُو شود بوس و کنار
زِنہار ازو مگیر یک لحظہ کنار (151)

ترجمہ: غمِ عِشق سے دلِ مُردہ میں جان آتی ہے ضرُور
دائمی عُمر کے پانے کا تُو اپنا لے یہ دستُور
ہے تمنّا کہ ہو بوس وکنار اُس سے نصیب
ایک لمحہ کے لئے ہونا نہ کبھی اُس سے دُور

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

دُنیا کی اصلیّت

اُس خالق کے محبُوب اور حق اور فانی ہونے کا دُوسرا پہلُو یہ ہے کہ یہ دُنیا فانی و فریب ہے اِس لئے سچا صُوفی وحق پرست اِس دُنیا اور اِس کے لگاؤ میں نہیں پھنستا۔ وہ تو بس اپنے مُرشد و مالک کی محبت میں محو و مست رہتا ہے۔ اُسے زر و مال، حُسن و جوانی، عزت و مرتبہ اور شان و شوکت کوئی شے بھی اپنی طرف راغب و مائل نہیں کر سکتی۔ دُنیا کے لوگ جسے راحت و مسرّت سمجھتے ہیں، دراصل وہ درد و غم کا باعث ہوتی ہے۔ اِس دو روزہ دُنیا سے کچھ حاصل نہیں۔ دُنیا دار عزّت و مرتبہ اور زر و مال کے بھوکے ہوتے ہیں۔ سرمد کے لئے لالچ، خواری کا اور صبر، سُکھ کا سرچشمہ ہے۔ وہ کہتا ہے کہ بے برگ شجر سے نہ سایہ ملتا ہے نہ ثمر۔ اِس لئے دُنیا کے لوگوں سے دوستی کی توقع نہیں کرنا چاہیئے۔

سرمد تو زِ خلق ہیچ یاری مطلب
از شاخِ برہنہ سایہ داری مطلب
عزت زِ قناعت است و خواری زِ طمع
با عزتِ خویش باش، خواری مطلب (25)

ترجمہ: سرمد! اہلِ دُنیا سے چاہت کی تمنّا مت کر
ننگی شاخوں سے راحت کی تمنّا مت کر
صبر سے عزّت اور لالچ سے ہے ذِلّت
عزّت پہ رہ تُو قائم، ذِلّت کی تمنّا مت کر

یہ دُنیا، اِس کی شان و شوکت اور زر و مال سب فریب ہے۔ یہ جسم

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

بھی تو عارضی و فانی ہے۔ عارضی مقام کو دائمی مسکن یا وطن نہیں بنایا جاسکتا۔ لہٰذا اِس دو روزہ قیام کے لئے اِس کی تمنّا فضول ہے۔

اندیشۂ مال و جاہِ دُنیا غلط است
ایں وہم و خیال و فکرِ بیجا غلط است
در خانۂ تن وطن نہ باشد ہرگز
از بہرِ دو روز ایں تمنّا غلط است

ترجمہ: دُنیا کے زر و مال و مرتبہ کی فکر ٹھیک نہیں
یہ وہم یہ خیال یہ بے ہُودہ فکر ٹھیک نہیں
یہ جسم کبھی رُوح کا وطن ہو نہیں سکتا
دو دِن کی زِندگی میں یہ رنج و فکر ٹھیک نہیں

یہ دُنیا حرص و ہوس کی آماجگاہ ہے۔ ہر جگہ ہر شخص زر و مال کی فکر و طلب میں ہے۔ دُنیا طمع کے مرض میں مُبتلا ہے۔ صبر و سُکون کا شربت بہُت کم بلکہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ تمام دُنیا بیمار و برباد لوگوں کے گھر کی مانند ہے۔

دُنیا زِ ہوا و حرص بسیار پُر است
ہر جا است وَلے در غمِ دینار پُر است
بیمار بسے شربتِ دِینار کم است
ایں خانۂ ویرانہ زِ بیمار پُر است (34)

ترجمہ: یہ دُنیا حرص و ہوس سے پُر ہے
ہر دِل زر و مال کی فکر و طلب سے پُر ہے
بیمار بہُت ہیں، زر و مال کا شربت ہے بہُت کم
یہ اُجڑا ہُوا گھر (دُنیا) بیماروں سے سراسر پُر ہے

دُنیا کے لوگ اِس سُہانے باغ میں بے شُمار آرزوئیں لے کر آتے ہیں۔ مگر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کانٹے اور مُرجھائے پھُول چُن کر چلے جاتے ہیں۔ افسوس! اِنسان بغیر سوچے سمجھے، بِنا دیکھے بھالے، آنکھیں مُوندے چلتا چلا جا رہا ہے۔ سرمد اپنی رباعی نمبر 45 میں اِس خیال کو بہُت خُوبصُورت ڈھنگ سے بیان کرتا ہے۔ وہ سمجھاتا ہے کہ اِنسان کو دُنیا کے عیش و غم کا فِکر نہیں کرنا چاہیئے یہ سب لمحاتی و گزُر جانے والے ہیں۔ وہ خبردار کرتا ہے کہ اے اِنسان! تیری عُمر کے جو بھی ایک دو سانس باقی ہیں، بس وہی تیرا سرمایہ ہے۔ خبردار! کہیں یہ بھی ضائع نہ کر دینا۔

دِیدی کہ غم و عیشِ جہاں زُود گزُشت
چیزے در اندیشۂ تو بوُد گزُشت
ایں یک دو نفس کہ ماند سرمایۂ تو
ہُشیار کہ نُقصاں نہ کُنی سُود گزُشت (45)

ترجمہ: تُو نے دیکھا کہ غم و خُوشی کے دِن جلدی گزُر گئے
خدشے تھے جِن باتوں کے تُجھے، وہ بھی گزُر گئے
دو چار سانس زندگی کا سرمایہ بچا ہے اب
اِن کو نہ کر تُو ضائع، کرے گا کیا جو یہ بھی گزُر گئے

سرمد کہتا ہے کہ میں دُنیائے دنی سے کسی بھی شے کا طلبگار نہیں۔ میرے لئے اپنے محبُوب کے دِیدار کی دولت کے سوا سب کُچھ غم و آلام کا پھندا ہے۔ دُنیا کے اِس سارے سازوسامان کی کوڑی برابر بھی قیمت نہیں۔

دُنیا نہ کُنم طلب کہ کم تر از خس است
بے دولتِ دیدارِ تو ایں ہم قفس است (46)

ترجمہ: مَیں تُجھ سے دُنیا کا طلبگار نہیں۔ یہ تو خُشک گھاس سے بھی ہیچ ہے۔ تیرے دِیدار کی دولت کے بِنا یہ بھی اِک بندش ہے۔

دُنیادار، دُنیا کے غموں میں ہی ڈُوبے رہتے ہیں۔ وہ ناسمجھ و نااہل ہیں، وہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اِس چند روزہ زندگی کی تمنّا اور اس کی ہوا و حرص میں گرفتار رہتے ہیں۔ اُن سے نیکی کی اُمید نہیں کی جاسکتی۔

ایں مردمِ دُنیا کہ گرفتارِ غم اند
دیوانہ بسے دیدم و ہُشیار کم اند
از بہرِ دو روزِ عمر از شامتِ نفس
در حرص و ہوا اسیر و بد خواہم اند (101)

ترجمہ: یہ اہلِ دُنیا ہیں سب غم میں گرفتار
دیوانے ہیں بہت اِن میں مگر کم ہُشیار
دو روزہ زندگی کے لئے نفس کے غُلام ہیں
حرص و ہوس و طلب و حسد کے ہیں بیمار

اِس دُنیا کے لوگ ایک دُوسرے کے دُشمن ہیں۔ اِنکی دوستی پر اعتبار کرنا سراسر نادانی ہے:

بر دوستیٔ اہلِ جہاں تکیہ مکن
از بہرِ دو روز دُشمنِ یک دیگر اند (105)

ترجمہ: تُو اہلِ دُنیا کی دوستی پر بھروسہ نہ کر یہ دو دِن کی زندگی کے لئے ایک دُوسرے کے دُشمن بن جاتے ہیں۔

اِس لئے سرمد اہلِ دُنیا سے پناہ مانگتا ہے اُسے اور کوئی خواہش و تمنّا نہیں۔

از مردمِ دُنیا و زِ دُنیا شب و روز
دیگر ہوسم نیست، اماں می طلبم (214)

ترجمہ: مُجھے اہلِ دُنیا اور دُنیا سے دِن رات اور کوئی خواہش نہیں، بس پناہ چاہتا ہُوں۔

دُنیاوی کامیابی پر خُوش نہیں ہونا چاہیئے۔ اِس سے کبھی مہر و وفا نہیں مِل سکتی۔ اِسے پاکر خُوش ہونا دانائی نہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

دِل خُوش نہ شوی زِ وصلِ دُنیا ہرگز
ما مہر نہ داریم زِ آنہا ہرگز (159)

ترجمہ: دُنیا میں اپنی کامرانی پہ خُوش نہ ہو
ہم اِن اشیا کی ذرا بھی چاہ نہیں کرتے

اِسلئے سرمد اپنے دِل کو اِس فانی دُنیا سے ہٹا کر، محبُوبِ حقیقی کی طرف لگانے کی تلقین کرتا ہے۔

ہمارے گُناہ اور رحمان کی رحمت

سرمد انکساری کا مُجسّمہ ہے وہ ہر درویش کی مانند عاجزی وحلیمی کی تصویر ہے۔ اُسے اپنے اندر کوئی صِفت نظر نہیں آتی۔ وہ خُود کو نادانیوں، غلطیوں اور کمزوریوں کا پُتلا سمجھتا ہے۔ جو سراسر گُناہوں کی غلاظت سے آلودہ ہے۔ مگر اِس کمزوری و شرمندگی کے اِحساس کے باوجُود اُس کے باطن میں اپنے محبُوبِ حقیقی کے لئے یقینِ مُحکم موجُود ہے۔ اُسے 'اُس' کی رحمت پر بھروسہ و ناز ہے۔ بلاشُبہ گُناہ بے حِساب ہیں تو اُس رحمان الرحیم کی رحمت بھی ایک بحرِ بے کراں ہے۔ اِس لئے سرمد اُس خُداوند کریم سے اِلتجا کرتا ہے کہ اے میرے مالِک! میں اپنے کئے گُناہوں پر شرمندہ ہُوں۔ میری عُمر اِسی فکر میں گزر رہی ہے کہ جو بداعمال مُجھے نہ کرنے تھے، وہ بھی مُجھ سے سرزد ہو گئے ہیں۔ اب تو بس ایک ہی چارہ ہے کہ تُو میرے گُناہوں کو نہ دیکھے بلکہ مُجھ پر اپنی رحمت کی نظر رکھے۔

از کردۂ خویش مُنفعل بسیارم
عُمریست کہ پیوستہ دریں آزارم
چیزے کہ نہ باید شُد از من شُد
بر فضل نظر بکُن نہ بر کردارم (202)

خواجہ حافظ نے فرمایا تھا:

"مَیں ایک خستہ حال فقیر ہُوں، مَیں تیری پناہ میں آ گیا ہُوں، تیری دوستی کے سوا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

میرے پاس کوئی اور شہادت نہیں۔ میری عزّت و آبرو خطرہ میں ہے۔ بس تُو ہی خطا پوش ہے یہ سچ ہے کہ میرا اعمال نامہ سیاہ ہے، مگر تیرا ابرِ کرم ہی اِسے دھو سکتا ہے۔

فقیر و خستہ بہ درگاہت آمدم رحمے!
کہ جُز ولائے تو ام نیست ہیچ دستاویز
... ...
آبرُو مے رود اے ابرِ خطا پوش ببار
کہ بہ دیوانِ عمل نامہ سیاہ آمدہ ام (خواجہ حافظ)

شیخ بابا فرید کا قول ہے کہ لوگ میرا درویشانہ لباس دیکھ کر مجھے پارسا سمجھتے ہیں۔ مگر مَیں ہی جانتا ہُوں کہ مَیں کِتنا گُناہ آلودہ ہُوں۔

فریدا کالے میڈے کپڑے کالا میڈا ویس
گُنہی بھریا میں پھراں، لوک کہے درویش (آدگرنتھ صہ 1381)

آپ مزید فرماتے ہیں کہ اے خُداوند کریم، رحمان الرحیم میں تیری پناہ میں آگیا ہُوں تُو مُجھ پر رحمت کر، مُجھے بخش اور اپنا غُلام بنالے۔

تیری پناہ خُدایُو تو بخشندگی
شیخ فرید خیر دیجئے بندگی (آدگرنتھ، صہ 488)

مذہب کے مُتعصّب اور شرعی رہنماؤں اور خُدا کے عاشقانِ صادق میں یہ فرق ہوتا ہے کہ پنڈت، پادری اور مولوی اِنسان کو دوزخ یا نرک کا خوف دِلا کر نیک اعمال کی ترغیب دیتے ہیں۔ جب کہ خُدا کے عاشق اپنے گُناہوں کی گٹھڑی اپنے خُداوند کریم کے قدموں میں رکھ کر اُس سے رحمت کی بھیک مانگتے ہیں۔ اُنکو اپنے نیک اعمال کی طاقت پر نہیں بلکہ اپنے مالک کی رحمت پر ناز ہوتا ہے۔ سرمد کی پہلی رُباعی ہی اپنے جُرموں کا اِقبال اور رحمان کی لامحدود رحمت پر یقینِ صادق کے جذبہ کو بڑی خُوبصورتی سے بیان کرتی ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

از جرم فزوں یافتہ ام فضلِ ترا
ایں شد سببِ معصیتِ بیش مرا
ہر چند گناہ بیش، کرم بیش تراست
دیدم ہمہ جا و آزمودم ہمہ را (1)

ترجمہ : جرموں سے مرے فضل ترا بہت بڑا ہے
یہ ہی تو گناہوں کا مرے اسباب ہوا ہے
ہیں میرے گناہ بہت، رحمت ہے تری ان سے زیادہ
یہ امر مرا ہر جا دیکھا، آزمایا ہوا ہے

سرمد بار بار اپنے گناہوں کی معافی مانگتا ہے وہ اپنے گناہوں پر شرمندہ بھی ہے اور مالک کے حضور عاجزی وانکساری سے ساری ساری رات رو رو کر معافی کے لئے التجا بھی کرتا ہے وہ کہتا ہے کہ ہم تو گناہ کے پتلے ہیں بس، تیرا رحم وکرم ہی اُن سے نجات دلا سکتا ہے۔

یارب زِ کرم بہ بخش تقصیر مرا
مقبول بکن نالۂ شب گیر مرا
ما پُر از گناہ ماجرائست عجیب
لطفِ تو کند چارۂ تدبیر مرا (11)

ترجمہ : اے رحمتِ حق بخش میری تقصیر وخطا
مقبول تو کر راتوں کی مری آہ وبکا
ہم پُر ہیں گناہوں سے، عجب حال ہے اپنا
کر مجھ پہ کرم اور کوئی تدبیر بنا

گورُبانی میں اِس جذبہ وخیال کا یوں اظہار کیا گیا ہے۔

1. سبھ اوگن میں گن نہیں کوئے + کیوں کر کنت ملاوا ہوئے
نہ میں روپ نہ بنکے بینا + نہ کل ڈھنگ نہ میٹھے بینا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

سُرت مت ناہیں چترائی + کر کرپا پربھ لاہو پائی (آدگرنتھ صہ750)

2. جن نانک کو ہر بخس کے میرے سوامی + سر ناگت پیا اجان (آدگرنتھ صہ736)

سرمد کو پختہ یقین ہے کہ خدا رحیم و کریم ہے۔ کیونکہ اُس کا کام ہی رحم و کرم کرنا ہے۔ لہٰذا وہ (سرمد) اپنے سیاہ اعمال پر غمگین و شرمندہ نہیں۔

سرمد کارِ آں لُطف و کرم است ازمعصیت وسیاہ کاری چہ غم است (77)

ترجمہ: سرمد! اللہ کا ہے کام فقط مہر و کرم پھر اپنے گناہوں پہ مجھے کیسا ہو غم

سرمد فریاد کرتا ہے کہ اے میرے ناخدا (مالک) تُو ہی اِس بحرِ ظُلمات و گناہوں کے گرداب سے میری کشتی کنارے لگا سکتا ہے۔ میں شرمندگی و پشیمانی کے سمندر میں غرق ہُوں۔ بس تیرا فضل و کرم ہی پار لگا سکتا ہے[1]۔

یارب چہ کُنم گزشت جُرمم زِ شُمار
کشتیٔ دلِ خستہ ز گرداب بر آر
در بحرِ خجالت و ندامت غرقم
فضلِ تو کُند چارہ، بگیرد بکنار (152)

ترجمہ: کروں کیا اے خدا! گناہ ہیں بے شُمار
دلِ خستہ کی یہ کشتی، طُوفان سے کر پار
ہُوں غرق خجالت و ندامت کے سمندر میں
تو جو کرے فضل تو لگ جاؤں گا میں پار

اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ سرمد کا محبُوبِ حقیقی رحیم و کریم و غفّار ہے۔ گناہوں کو معاف کرنا اُس کا شعار ہے۔ وہ سزا نہیں دیتا، رحمت کرتا ہے۔ سرمد کو اپنے محبُوب اور اُس کے اِس وصف پر ناز بھی ہے اور یقینِ کامل بھی۔ اُس کا کہنا ہے کہ جتنے بڑے گناہ،

---

[1] سرمد کا یہ جذبہ گورُبانی کے اس خیال کی ترجمانی کرتا ہے۔
کر کرپا پار برہم سوامی ایہہ بندھن چھٹکاری + بُوڑہت اندھ نانک پربھ کاڈھت ساد ھجنا سنگاری
(آدگرنتھ، صہ681)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

مُتنی ہی بڑی اُس کی رحمت و بخشش وہ اپنے گُناہوں کی نذر لے کر اُس مالک کے حضُور اِس یقین کے ساتھ جاتا ہے کہ وہ اُس کی رحمت اور نظرِ کرم پانے کے قابل ہو سکے۔

شریعت اور توہّمات کی مُخالفت

پنجاب کے مشہُور صُوفی فقیر سائیں بُلّھے شاہ نے لکھا ہے کہ عشق و شرع میں تضاد و کد ہے۔ صُوفیائے کرام کے فلسفہ کی اصل بُنیاد ہی یہ ہے کہ تمام ظاہرہ رسم و رواج اور بناوٹی رُسُوم فضُول و بے معنی ہیں۔ خُدا کا سچّا عاشق یہ نہیں کہتا ہے کہ ایک مذہب کی شریعت صحیح ہے اور دُوسرے کی غلط۔ وہ ہر طرح کی شریعت اور ظاہری رسم و رواج اور اُن سے پیدا ہونے والی مُخالفت و تضاد سے آزاد و بالا ہوتا ہے۔ وہ تمام مذہبوں کی شریعت کو بے معنی و فضُول کہتا ہے۔ سرمد کہتا ہے کہ میرا نہ تو زاہد و عابد کی تسبیح سے واسطہ ہے اور نہ ہی برہمن کے زُنّار (جنیئو) سے کوئی سروکار، مُجھے تو صُوفیوں کا یہ پشمینہ کا لبادہ بھی پسند نہیں، کیونکہ اِس کے پردہ میں بھی کئی گُناہ پوشیدہ ہیں۔

گر مُتقیم کار بہ یار است مرا
با سُبحہ و زُنّار چہ کار است مرا
ایں خرقۂ پشمینہ کہ صد فِتنہ دروست
بازش نہ کشم بدوش، عار است مرا (17)

ترجمہ: گو پارسا و درویش ہُوں پر مُجھ کو ہے یار سے کام
مُجھ کو بھلا تسبیح و جنیئو سے ہے کیا کام
اِس پشمینہ کے جامہ میں کئی عیب چُھپے ہیں
ہرگز نہ اِسے پہنُوں، کردے گا یہ بدنام

شیخ بابا فرید نے اِسی انداز میں فرمایا ہے کہ صُوفی کے بیرونی لباس نے اُسکے اندر کے گُناہوں پر پردہ ڈالا ہوتا ہے۔ وہ اپنی پارسائی دِکھانے کے لئے کندھے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

پر مُصلّا لئے پھرتا ہے وہ اپنے عجز کی نمائش کے لئے گلے میں صُوف کی کفنی ڈالے رکھتا ہے، لوگوں کو دھوکا دینے کے لئے اُس کی زبان سے شہد سے بھی شیریں الفاظ نکلتے ہیں۔ مگر اُس کا دل حسد و نفرت اور طمع کے زہر سے بھرا ہوتا ہے۔ وہ ظاہرہ نیکی کے نُور سے رَوشن نظر آتا ہے مگر باطن میں اعمالِ بد کی سیاہی کا مُجسّمہ ہوتا ہے۔

فریدا کَن مُصلاّ، صُوف گل، دِل کاتی گڑوات
باہر دِسے چانّنا، دِل اندھیاری رات (آدگرنتھ، صہ 1380:)

درویشانِ حق کی تعلیم کے مُطابق خُدا لباسِ ظاہری نہیں دیکھتا، وہ تو دل کی پاکیزگی اور عشق کی شِدّت دیکھتا ہے۔ سرمد کہتا ہے کہ صرف فقیروں کا لبادہ یا خرقہ پہن لینا ہی کافی نہیں۔ کیونکہ جب تک دِل میں مکر و فریب، بُغض و کینہ، حسد اور دُشمنی موجود ہے، درویشانہ لباس کی کوڑی قیمت نہیں۔ یہ تسبیح و زُنّار یا دُوسری مذہبی علامات اِنسان کو خُدا کی بارگاہ میں ذلیل و خوار ہونے سے نہیں بچا سکتیں۔ بغیر پاکیزگی قلب اور عشقِ صادق کے سبھی مذہبی لباس رُوح پر فضُول بوجھ ہیں۔

ایں خرقۂ پشمینہ کہ زُنّار دروست
مکر است و ریا، فِتنۂ بسیار دروست
بر دوش مکش، دست بکش، تا نہ کشی
ایں بارِ ندامت کہ صد آزار دروست (27)

ترجمہ: یہ پشمینہ کا خرقہ کہ جس میں زُنّار چھپا ہے
یہ مکر و ریا اور عیبوں سے بھرا ہے
کندھے پہ نہ رکھ اِسکو، دُور پرے دُور پٹک دے
بدنامی کا باعث ہے یہ ہر طور بُرا ہے

درویش نہ کسی مذہب کے پابند ہوتے ہیں۔ اور نہ اُس کی مُخالفت برائے مُخالفت کرتے ہیں، وہ صُلح کُل ہوتے ہیں اور تمام مذاہب کے لوگوں سے یکساں پیار کرتے ہیں۔ ہر مذہب کے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

لوگ اُس مالک کے بندے ہیں۔ اور وہ سب کا مالک ہے۔ اس لئے خُدا کا سچّا عاشق سب کا مشترکہ ہوتا ہے۔

ہم مطیعِ فرقانم، ہم کیششِ رہبانم
ربّیٔ یہُودانم، کافرم مُسلمانم (ابھے چند)

مطلب: مَیں قرآن کا بھی فرمانبردار ہُوں، عیسائیوں کا بھی ہم مذہب ہُوں، یہُودیوں کا بھی واعظ ہُوں۔ کافر (ہندو) بھی ہُوں اور مُسلمان بھی۔

سرمد کافر و مُسلمان ہونے کے اِس نازک خیال کو اپنی ایک رُباعی میں بڑی خوبصورتی سے یُوں بیان کرتا ہے۔

سرمد بہ جہان بسے نکو نام شُدی
از مذہبِ کُفر سُوئے اِسلام شُدی
آخرش چہ خطا دیدی زِ اللہ و رسُول
برگشتہ مُریدِ لچھمن و رام شُدی

ترجمہ: سرمد تُو جہاں میں بڑا نیک نام ہُوا
کُفر کو ترک کیا، پیرو ے اِسلام ہُوا
اللہ و رسُول میں کیا دیکھی کمی تُو نے
کیوں پھر سے تُو پرستارِ رام ہُوا

مُراد یہ ہے کہ لوگ سمجھتے ہیں کہ سرمد نے ایک مذہب کو ترک کر کے دُوسرا مذہب اختیار کرلیا ہے۔ مگر وہ اِس امر کو سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے کہ دراصل وہ اِس حقیقت کا اظہار کر رہا ہے کہ رام و رسُول ایک ہی کُل مالک کے پیغمبر ہیں۔ اور رام اور رحمان ایک ہی کُل مالک کے دو نام ہیں۔

سرمد نے اپنی زندہ مثال اور اپنے کلام کے ذریعہ نسلِ انسانی کو یہ پیغام دیا ہے کہ مذہبی شریعت کی پیدا کی ہُوئی تلخی و تعصّب جو انسان اور انسان کے درمیان حسد و نفرت کا باعث بن رہا ہے، بے معنی و فضُول ہے۔ اِنسان کا واحد مذہبِ حقیقی، خُدا کا عشق ہے۔ اگر دِل میں چاہ ہے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

تو خواہ کوئی لباس ہو یا کسی بھی مذہب کی شریعت کا پابند ہو، سب واجب و روا ہے۔ لیکن اگر دل عشقِ خدا سے عاری ہے تو دُنیا کے تمام مذہبوں کی شریعت بھی اِنسان کا کچھ سنوار نہیں سکتی۔ خُدا بھی اِنسان کے باطن میں ہے۔ اور اُس سے وِصال کی راہ بھی اُس کے اندر ہے۔ اُس راہ پر چلنے کے لئے نہ کسی شریعت کی پابندی لازم ہے، اور نہ اُسکا ترک۔ صُوفی کی واحد شریعت اُس محبُوبِ حقیقی کے نام کا ذِکر و تصوّر ہوتا ہے۔ وہ اُٹھتا بیٹھتا، چلتا پھرتا، سوتا جاگتا، ہمیشہ اُس محبُوبِ حقیقی کے ذِکر و تصوّر میں محو رہتا ہے۔ وہ رُوح کو باطن میں یکسُو کر کے رُوحانی طبقات میں پُہنچ کر محبُوبِ حقیقی کے جمال کا نظارہ کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ وہ شریعت کے باہری جھمیلوں میں وقت ضائع نہیں کرتا۔

مئے حق

بیشتر صُوفیائے کرام نے اپنے کلام میں مے، مے خانہ، ساقی یا پیرِ مُغاں کا ذِکر کیا ہے۔ سرمد کے کلام میں بھی بار بار شراب، مئے خانہ و ساقی کا ذکر مِلتا ہے، صُوفیائے کرام و سرمد کی شراب انگُور سے بنی شرابِ خانہ خراب نہیں بلکہ محبُوبِ حقیقی کا عشقِ صادق، لافانی محبت اور اُس کے سچّے نام کی پرستش و عبادت ہی اُن کی مئے عرفانِ حق ہے، جس کا نشہ کبھی اُترتا ہی نہیں، اور اُسکا ساقی ہے مُرشد یا محبُوب۔ دُنیاوی شراب تو ہوش کھو دیتی ہے، مگر مئے عشقِ خُدا رُوحانی بیداری و ہوش عطا کرتی ہے۔ مئے نامِ حق کا مے خوار اِس مادّی دُنیا کو بھُول کر باطن میں لطیف رُوحانی طبقات کا مکین ہو جاتا ہے۔ جہاں اُسے عجیب مستی، بے خُودی و سُرور مِلتا ہے۔ حیاتِ انسانی چند روزہ ہے۔ موت تاک میں ہے، اور شکاری کُتّے کی طرح پیچھا کر رہی ہے۔ اِس لئے سرمد اس قلیل موقعہ سے فائدہ اُٹھا کر مئے اُلفت سے مست و سرشار ہونے کا پیغام دیتا ہے۔

ہُشیار بوَد ہر کہ گُلِ جام کشد
خود را زِ غم و محنت ایّام کشد
مے نوش کہ صیّادِ فلک می گردد
آخر ہمہ را از حیلہ در دام کشد (117)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

ترجمہ: وہی ہُشیار ہے پیتا ہے جو مے کے جام
رکھتا نہیں غم و آرام سے ہرگز کچھ کام
آسماں بن کے شکاری تیرے پیچھے لگا ہے
لے آتا ہے ہر اک کو آخر یہ تہ دام

سرمد اشارہ کرتا ہے کہ شرابِ حقیقی کا راز بہت گہرا ہے۔ جو غافل اِنسان خُدا کی ذات کو نہیں پہچانتا وہ اِس راز کو نہیں جان سکتا۔ (54)

سرمد خبردار کرتا ہے کہ اُس کا اِشارہ دُنیاوی شراب کی طرف بالکل نہیں ہے۔ وہ کہتا ہے کہ جو شخص اِس حقیقت سے واقف ہو جاتا ہے کہ یہ دُنیا چند روزہ ہے، دارِ فانی ہے، مُسافر خانہ ہے وہ نہ تو اِس کی پھولوں جیسی خُوب صُورت شکلوں کی طرف مائل ہوتا ہے اور نہ ہی یہاں شرابِ خانہ خراب کے نشہ میں بدمست ہو کر اپنا وقت برباد کرتا ہے۔ (۲۶) وہ کہتا ہے کہ جس لاجواب نشہ کا میں ذِکر کرتا ہُوں وہ عشقِ الٰہی کا نشہ ہے۔ جس شراب کا میں ذِکر کرتا ہوں وہ مئے دردِ محبت کو کشید کر کے نکالی جاتی ہے۔ اُس کے پینے سے محبُوب سے وِصال نصیب ہوتا ہے۔ (113)

سرمد کہتا ہے کہ دُنیاوی شراب اِنسان کے ہوش و حواس کھو دیتی ہے مگر عشقِ خُدا کے جام کا نشہ بالکل نرالا ہے۔ اِسے پینے والا ایک عجیب سُرور سے بے خُود ہو جاتا ہے۔ وہ ظاہرہ طور پر دیوانہ و سودائی نظر آتا ہے۔ مگر باطن میں اپنے مولا کے حُکم سے پُوری طرح ہُشیار و باخبر ہوتا ہے سرمد کا کہنا ہے کہ اِس نرالی شراب کو باہر کی آنکھ نہیں دیکھ سکتی۔ مگر یہ مئے عرفان، آبِ حیات بن کر دِلوں کو مسرُور و مخمُور کر دیتی ہے۔

صُوفی نظریہ کے مُطابق زاہد و پارسا ایسے شخص کو کہا جاتا ہے، جو شریعت کا پُوری طرح پابند ہو۔ جو حج روزہ اور نماز کے ذریعہ اپنے آپ کو پارسا و پرہیز گار بنانے کی پُوری کوشش کرتا ہو۔ ایسا زاہد باقی سب کچھ تو جانتا ہے، مگر عشقِ خُدا کے نشہ سے ناواقف ہوتا ہے۔ اُس کا طریقِ زندگی بڑا خشک اور بناوٹی ہوتا ہے۔ وہ ظاہرہ نیکی کا دِکھاوا کرتا ہے۔ مگر اُس کا باطن طلب و تمنّا، حسد و دُشمنی، بدی اور بداعمال کی سیاہی سے سیاہ ہو چُکا ہوتا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

وہ دُوسروں کو نصیحت کیلئے ہر وقت تیار رہتا ہے جبکہ خُود پاکیزگی و محبّت کے لُطف و سرُور سے خالی و محرُوم ہوتا ہے۔ اِس لئے صُوفیائے کرام ایسے زاہد و پرہیزگار اور واعظ پر ہمیشہ طنز کرتے رہتے ہیں۔

سرمد کہتا ہے کہ زاہد و دُنیا دار مئے نام خُدا کے نشہ سے ناواقف و محرُوم ہیں۔ وہ مئے عشقِ خُدا میں سرشار و بے خُود فقرا کو دیوانہ سمجھتے ہیں۔ وہ لوگوں کو خُدا کے دیوانوں کی صُحبت میں جانے سے منع کرتے ہیں اور بے جان شریعت اور رسم و رواج کی طرف کھینچتے ہیں۔ مگر جن کو یہ مئے عرفانِ حق ایک بار مُنہ لگ جاتی ہے، وہ اِس کے جام کو کبھی ہونٹوں سے ہٹا نہیں سکتے۔ جو ایک بار اِس نعمتِ باری سے سرُور و سرشار ہو جاتے ہیں، وہ اِس نعمتِ الٰہی کو کب چھوڑتے ہیں؟ (133, 144)

سرمد ایک اور رُباعی (169) میں زاہد سے کہتا ہے کہ تُو اپنے پند و نصائح اپنے ہی پاس رکھ ہم ایسے عاشق ہیں جو دِل کے ظرف کو عشق کی آنچ دیکر وہ شراب کشید کرتے ہیں جو کثرت کو جلا کر خاک کر دیتی ہے۔ سرمد ایک اور رُباعی (210) میں زاہد کو آگاہی دیتا ہے کہ عشقِ خُدا کے مئے خواروں پر دُنیا کبھی خُوش نہیں ہوتی۔ مگر جس عاشقِ صادق (مُرید) کو ساقی (مُرشد) اپنے پاس بٹھا کر عشقِ الٰہی کی مے پلا رہا ہو، وہ عاشقِ صادق، زاہدوں کے حلال و حرام کے وعظ پر کب توجہ دیتا ہے؟ وہ تو ہوش و حواس کھو کر مئے عشقِ الٰہی کے جام غٹا غٹ پیئے جاتا ہے۔

سرمد پُرزور الفاظ میں کہتا ہے کہ پیر و مُرشد یا رہبر ہی آپ کا ساقی ہے۔ اگر وہ مِل جائے تو خُدا کا شکر گُزار ہونا چاہیئے۔ اُس سے مئے عرفان کے دو چار گھُونٹ پی کر عاجزی و انکساری کے نشہ سے سرشار ہو جاؤ۔ دیکھنا! کہیں مئے عرفان کے نشہ سے پیاسے و محرُوم نہ رہ جانا۔ ورنہ خُمار کی تکلیف اُٹھاؤ گے۔ اور اس دُنیا کے چاؤ اور لگاؤ میں ہی پھنسے رہ جاؤ گے۔ (155)

گورو ارجن دیو جی نے فرمایا ہے: "جیوں پاوک اندھن نہیں دھرا پے" یعنی آگ کبھی لکڑیاں ڈالنے سے سرد نہیں ہوتی۔ اِنسان کی خواہشات، تمنائیں اور لذات بھی دہکتی آگ کی مانند ہیں۔ کچھ لوگ اِس وہم کا شکار ہیں کہ تمام خواہشات کی تکمیل کر لینا چاہیئے تاکہ خواہشات کے پُورا ہونے سے من کو سکُون مِل جائے۔ مگر وہ من کی اصل فِطرت سے واقف نہیں کہ جتنا زیادہ خواہشات کی تکمیل کا سامان اِس آگ میں ڈالتے جائیں گے یہ اُتنا ہی اور زیادہ تیز ہوتی جائے گی۔ گورو نانک صاحب نے جپ جی،

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

کی ابتدا میں ہی فرمایا ہے:

"بُھکیا بُھکھ نہ اُتری جے بناں پُریاں بھار" (آدگرنتھ، صہ 1)

اِنسان کو اگر دو جہان کی حکومت بھی مِل جائے تو بھی اُسے صبر و سکون نہیں مِلتا۔ اِس لئے خُدا کے سچّے عاشق فرماتے ہیں کہ خواہشات کی آگ خواہشات کی تکمیل سے نہیں بلکہ خُدا کے نام کے آبِ حیات سے سرد ہوتی ہے۔ گورُو ارجن دیو جی نے فرمایا تھا:

"وِن تُدھ ہور جے منگنا سر دُکھاں دے دُکھ
دے نام سنتو کھیا اُترے من کی بُھکھ (آدگرنتھ، صہ 958)

سرمد کہتا ہے کہ تُو اپنے مُرشد کے باطنی تصوّر کے آبِ حیات کی صُبوحی پی اور من اور رُوح کو سکون پہنچا۔ اگر تُو نے نفس کی اِس آگ کو نامِ خُدا کے آبِ حیات سے سرد نہ کیا تو خواہشات کی اِس آگ کے دریا میں تُو جل کر خاکستر ہو جائے گا۔ یہ آگ ایک طُغیانی بن جائے گی جس میں تُو بہہ جائیگا رُباعی (۲۷) اِسی خیال کی ترجمانی کرتی ہے۔

ہندو رِشیوں نے بھی 'نام' کو 'امرت' کہا ہے۔ مُسلمان درویشوں نے اِسے 'آبِ حیات' کہا ہے۔ حضرت عیسےٰ نے اِسے 'زندہ جل' یا 'زِندگی کا پانی' کہا ہے، جو مُردوں کو زندہ کر دیتا ہے۔ فُقرائے کامل وسنتوں کا خیال ہے کہ موجودہ صُورتِ حال میں اِنسان زندگی اور مَوت کے چکّر میں ہے۔ اِس لئے فانی ختم ہو جانے والا ہے مگر رُوح، باطن میں 'نامِ خُدا کا امرت'، 'آبِ حیات' یا 'زندگی کا پانی' پی کر حیات و موت کے چکّر سے آزاد ہو کر زندہ جاوید یت پالیتی ہے۔ موجودہ حالات میں ظاہرہ تو انسان خواہشات وتمناؤں کی کبھی نہ ختم ہونے والی آگ میں جل رہا ہے۔ مگر باطن میں خُدا کے نام کی شراب پی کر اُس کا من آرزوؤں اور تمناؤں سے ہمیشہ کے لئے نجات پالیتا ہے۔

گورُبانی کے مُطابق نام خُدا وہ 'آبِ حیات' (امرت) ہے جس کے پینے سے حرص و ہوس کی تشنگی مِٹ جاتی ہے۔

1. امرت ہر کا نام ہے، جت پیتے تِکھ جائے (آدگرنتھ، صہ 1283)
2. گورُ کا شبد امرت ہے، جت پیتے تِکھ جائے
ایہو من ساچا سچ رتا سچّے رہیا سمائے۔ (ایضاً صہ 35)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

سرمد کے کلام میں اگر کسی بات پر سب سے زیادہ زور دیا گیا ہے تو وہ 'نامِ خُدا' 'عشق و بندگی' کی مئے حیات افزا کے نشہ سے لُطف اندوز ہونے پر ہے۔ سرمد افسوس کرتا ہے کہ مُردہ دِل زاہد و پارسا خُشک رسُوم کا شِکار ہو کر زِندگی کی بیش بہا دَولت کو فضُول ضائع کرتے جا رہے ہیں۔ وہ نامِ خُدا کے عِشق کی مستی سے نا آشنا ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ وہ رُوحانیت کے سنجیدہ مسئلے کی لطیف باریکیوں کو سمجھنے کے ناقابِل ہیں۔

اسرارِ مے و جام بہ کس رَوشن نیست
ایں راز بہر مُردہ دِلے گُفتن نیست
زاہد بخُدا کہ از خُدا بے خبری
سررِشتۂ ایں بدستِ ہر کودن نیست (54)

ترجمہ: مے و جام کا یہ راز ہر شخص میں پایا نہیں جاتا
یہ بھید دلِ مُردہ کو بتایا نہیں جاتا
اللہ کی قسم زاہد، تُجھے اللہ کی خبر کیا؟
نادان سے یہ پردہ اُٹھایا نہیں جاتا

سرمد کہتا ہے کہ دُنیا کے لوگ دُنیاوی کامیابیوں پر ناز کرتے ہیں۔ مگر عاشقانِ صادق مُرشِد (ساقی) اور اُسکے بخشے ہُوئے (جامِ مئے حق) 'نام' کے ذِکر کے سِوا اور کسی چیز کی چاہ و پرواہ نہیں کرتے۔

دِل خُوش نہ شوی ز وصلِ دُنیا ہرگز
ما مہر نداریم زِ آنہا ہرگز
جُز ساقی و جام نیست غم خوار کسے
از دست مدہ گردنِ مینا ہرگز (159)

ترجمہ: تُو خوش نہ ہو دُنیا میں اپنی کامرانی پر
ہم نظر نہیں رکھتے اِن اشیائے فانی پر
غمخوار نہیں کوئی ساقی و پیالے کے سِوا
رکھ ہاتھ سدا صُراحی کی روانی پر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

اعمال اور اُن کا ثمر

سرمد اپنے گُناہوں پر شرمندگی کا اظہار کرتا ہے۔ یہ اُس کا جذبۂ عاجزی و انکساری ہے۔ وہ بار بار اس خیال کا بھی اظہار کرتا ہے کہ میرے گُناہوں کا انبار خواہ کتنا ہی بڑا ہو، اُس کے رحمت کے سمندر کے سامنے اُسکی کیا ہستی ہے! یہ ایک عاشقِ صادق کی رحمان اور رحیم وخُداوند کریم پر مکمل یقین کی شہادت ہے۔ مگر سرمد بہت سی رُباعیات (327,290,272,204,203,40,38,37, 328. 330) میں اِنسان کو بدی، بداعمال اور لذّاتِ نفسانی میں پھنس کر کئے گئے بداعمال کے خطرناک نتائج سے خبردار کرتا ہے۔ وہ بُری صُحبت سے بھی خبردار کرتا ہے۔ مزید برآں اپنی رُباعیات (267,266,, 309.301) میں مزید پُرزور الفاظ میں یہ بھی تنبیہہ کرتا ہے کہ بداعمال سے بچ کر رہنا چاہیئے۔ کیوں کہ ہر ایک کو اپنے اعمال کا نتیجہ بھگتنا پڑتا ہے۔

سرمد کہتا ہے کہ یہ دُرست ہے کہ میرے گُناہوں کے بمقابلہ تیری رحمت کا کوئی حد و حساب نہیں۔ تاہم میرا دل اپنے سرزد گُناہوں کے بوجھ تلے گھبرا رہا ہے۔ میرا دل ہمیشہ اِس فکر میں ڈُوبا رہتا ہے کہ میرے گُناہ مُجھے کہاں لے ڈُوبیں گے، مَیں سدا تیری رحمت کی اُمید اور اپنے گُناہوں کے غم کے گرداب میں گھرا رہتا ہوں (64)

سرمد کہتا ہے "میں ہمیشہ اِس سوچ میں ڈُوبا رہتا ہُوں کہ میرے گُناہ مُجھے کہاں لے جائیں گے (215) "سرمد مزید کہتا ہے۔ "میرا دل جب بھی حِساب کرتا ہے میں اپنے سرزد گُناہوں پر شرمسار ہوتا ہُوں۔ مُجھے میرے گُناہوں کے غم گھیر لیتے ہیں۔ میرا دل ہلکان و پریشان ہو اُٹھتا ہے۔ مَیں اِن گُناہوں سے اپنا دامن نہیں چھُڑا سکتا۔" (109) یہ بے وقوف دِل لمبی عُمر کی خواہش و تمنا کرتا ہے۔ مگر یہ نہیں سوچتا کہ یہ کردہ اعمال بعد میں کیا رنگ لائیں گے (108) اِسی لئے سرمد خُدا سے بار بار رحم و کرم کیلئے دُعا کرتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ میں کردہ اعمال کے باعث بُری طرح اُن کے چکّر میں پھنسا ہُوا ہُوں۔ صِرف تیری رحمت ہی سے مَیں اِس گرداب سے نِکل سکتا ہُوں۔ (131)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

خود آگاہی

سرمدنے اِنسان کو خُود کو پہچاننے کی تحریک وترغیب دی ہے۔ صُوفیائے کرام کی خُود آگہی سے مُراد جسم کے اندر کام کر رہی طاقت، قُوت یعنی رُوح کی پہچان سے ہے۔ جسم ونفس (من) سے اُوپر اُٹھ کر رُوح کو بیدار کرنے اور اُسے اُس کے اصل سے وِصال کو 'اپنی پہچان'، 'خُود آگاہی'، 'خُود شناسی' یا 'اپنے اصل کی پہچان' کا نام دیا گیا ہے۔

شیخ بابا فرید فرماتے ہیں:

آپ سوارہ میں مِلے، مَیں مِلیا سُکھ ہوئے
فریدا جے توُں میرا ہوئے رہیں، سب جگ تیرا ہوئے (آدگرنتھ، صہ 1382)

خُدا بندے سے کہتا ہے کہ تُو اگر خُود کو پہچان لے تو تُو مُجھے بھی پہچان لے گا۔ مُجھے پہچان کر تُجھے سچا سُکھ مل جائیگا۔ اور میری طرح تُو بھی مالکِ کُل بن جائے گا۔

سرمد انسان کو خبردار کرتا ہے کہ تُو جسم، حواس اور نفس (من) کو اولیّت اور اپنی اصل رُوحانی ہستی کو ثانوی درجہ دیکر اُسے پسِ پُشت مت ڈال۔ وہ اپنے مُتعلق کہتا ہے۔ اے دوستا! اگر تُو مُجھے بہ نظرِ غور دیکھے تو تُجھے پتہ چلے گا کہ میرا علم وفلسفہ لاجواب ہے۔ مہر، محبّت وعقیدت میں میرا کوئی ثانی نہیں۔ مَیں تمام حقائق کا مالک ہُوں۔ مَیں سدا جوان رہتا ہُوں۔ اگر تُو کتابِ زندگی پڑھ کر دیکھے تو ہر صفحہ پر میرا ذِکر و بیان مِلے گا۔

اے دوست مرا بعلم و حکمت بہ نگر
در مہر و وفا و محبت بہ نگر
من صاحبِ معنیم و صوتِ تعظیم
در من چُو کِتاب ہر دو صُورت بہ نگر (142)

دراصل سرمد یہاں انا الحق (میں حق ہُوں) کے خیال کا اِظہار کر رہا ہے۔ اُسکا اشارہ اِنسان کے باطن میں کارگر رُوح کی جانب ہے، جِس میں خُدا کے سب وصف موجُود ہیں۔

سرمد ایک اور رُباعی (140) میں اِنسان کو سمجھاتا ہے۔ اے اِنسان! ذرا آئینہ میں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

دیکھ کہ خُدا نے تیری صُورت کیسی بنائی ہے؟ بائیبل میں درج ہے کہ خُدا نے اِنسان کو اپنی صُورت پر بنایا ہے۔ اِنسان جسم کے باعث نہیں بلکہ رُوح کے باعث اُس خُدائے برتر کا جزو یا ہم ذات ہے۔ آئینہ سامنے رکھ کر دیکھنے سے مُراد اپنے باطن میں اپنی ذات کا دِیدار کرنا ہے۔

اِسی امر کو دُوسری طرح بیان کرتا ہُوا سرمد کہتا ہے کہ لفظ کو معنی سے، آنکھ کو نظر سے اور پھُول کو خوشبُو سے جُدا نہیں کیا جا سکتا۔ (157) مُراد یہ ہے کہ رُوح میں رحمان کے تمام اوصاف موجود ہیں اِسی خیال کو گورُو نانک صاحب نے یُوں سمجھایا ہے۔

"آتم مہہ رام، رام مہہ آتم" (آدگرنتھ، صفحہ 1153)

اِسی کو قُرآن مجید میں "الرُّوح مِن امرِ ربّی" کہہ کر بیان کیا گیا ہے۔

سرمد ایک اور رُباعی (194) میں کہتا ہے کہ میں خُود سُلطان ہوتے ہُوئے کسی کے آگے ہاتھ کیوں پھیلاؤں؟ وہ مزید کہتا ہے کہ یہ ٹھیک ہے کہ میرے ساتھ نفس کا کُتّا لگا ہُوا ہے۔ مگر مَیں نے اِسے زنجیر ڈال رکھی ہے، اِس لئے میں کسی دُوسرے کے سامنے ہاتھ پھیلا کر اپنی شاہی شان کو داغ نہیں لگا سکتا۔ یہاں سرمد اسی خیال کو یاد دِلانا چاہتا ہے کہ اِنسان خُدا کا ہم جِنس یا ہم ذات ہونے کے ناطے تمام کائینات کا سرتاج ہے، بس نفس ہی اُس کی بے عزّتی و خواری کا باعث ہے۔ اگر انسان نفس یا من پر قابُو پالے تو وہ اِس دُنیا کی غُلامی سے آزاد ہو سکتا ہے۔

سرمد ایک اور رُباعی (278) میں اِنسانی ہستی کے اعلیٰ و ادنےٰ، عُلوی اور سِفلی پہلوؤں پر روشنی ڈالتا ہے، وہ کہتا ہے "اگر تجھے خُود سے محبت ہے تو خُود اپنا آپ دُشمن بن جا" وہ مزید کہتا ہے کہ تُو تمام بُری خواہشات سے بچ اور نفس پر قابُو پا۔ کیونکہ تیری بے عزتی اور خواری کا اصل باعث یہی ہے۔ وہ کہتا ہے: "اگر نفس کے لالچی کُتے کو اندر سے نکال کر باہر پھینک دیا جائے تو انسان کے باطن میں صبر و سکُون کے خُوبصورت چمن کھِل اُٹھیں گے۔" سرمد اشارہ کرتا ہے کہ صرف نفس پر قابُو پانے سے ہی رُوح خُوشی سے کھِل اُٹھتی ہے اور انسان اندرونی پوشیدہ رازوں سے واقف ہو سکتا ہے۔

سرمد نے اِس خیال کا اِظہار دو طرح سے کیا ہے۔ ایک طرف وہ رُباعیات (21, 18, 5) میں کہتا ہے کہ انسان کو اپنی ہستی یا خُودی کو مِٹا دینا چاہیئے۔ مگر ساتھ ہی دُوسری طرف یہ بھی اِشارہ کرتا ہے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

(69) کہ محبوب کے عشق میں اپنی ہستی مٹا کر (174, 73) بندہ خدا بن سکتا ہے۔ اِن رُباعیات میں صُوفیائے کرام کے فنا و بقا کے اصُول کی بڑی خُوبصورت ترجمانی ملتی ہے۔ اِنسان اپنے من (نفس) کو مار اور اپنی ہستی، ذات یا رُوح کو خُدا میں جذب کر کے دائمی زندگی حاصل کر سکتا ہے۔ قطرہ سمندر میں مِل کر سمندر ہی بن سکتا ہے۔ سرمد کے کلام میں 'فنا و بقا' یا فانی ہستی کے مِٹنے اور لافانی و جاوید زندگی حاصل کرنے کا خیال (157, 135, 89) رُباعیات میں بڑے خوبصورت ڈھنگ سے بیان کیا گیا ہے۔

خُود آگاہی کی حُصُولی

سرمد نے خُود کی پہچان کے لئے اِنسان کو کچھ اِشارات و ہدایات دی ہیں۔ وہ کہتا ہے کہ نُورِ الٰہی ہر انسان کے اندر دمک رہا ہے۔ وہی نُور پتھروں میں بھی ہے اور سمندر میں موتیوں کے اندر بھی۔ وائے افسوس! گو وہ نُور سب میں موجُود ہے مگر اہلِ دُنیا نے اُس سے مُنہ موڑ رکھا ہے حیرت کی بات ہے کہ باطن میں مئے اُلفت ہونے کے باوجُود انسان اُس کے نشہ سے بے بہرہ و محروم ہے۔ (44) سرمد کہتا ہے کہ جو شُعلۂ عشق میرے سینے میں روشن ہے وہی سمندر میں موتی اور پتھر میں چنگاری کی شکل میں بھی موجُود ہے۔ وہ تو سب میں موجُود ہے۔ مگر کوئی بھی اِس سے واقف نہیں۔ یہ رازِ عشق کِتنا بڑا لا ہے، کِتنا عجیب ہے!

سرمد کہتا ہے کہ خُدا کی ذات رات دِن سینکڑوں رنگ دِکھا رہی ہے مگر اُن کو دیکھنے والی آنکھ سب کو نہیں مِلتی۔ کوئی خاص اور خُوش نصیب آنکھ ہی اِس خُدائی کھیل و تماشا اور اِس کی رمز کو جانتی اور پہچانتی ہے (9) ایک اور رُباعی (222) میں سرمد کہتا ہے کہ جب چشمِ بینا سے اندر جھانکا تو دونوں جہان کی خُوبصورتی جلوہ گر نظر آئی، اور نیک و بد کا علم ہو گیا۔

فارسی زُبان میں من کو دِل کہتے ہیں۔ دِل کی آنکھ سے مُراد من کی آنکھ ہے جو باطن میں دیکھنے کا کام کرتی ہے۔ صُوفیائے کرام نے اُسے 'غیب کی آنکھ' کہا ہے۔ خواجہ حافظ فرماتے ہیں کہ جن کی غیب کی آنکھ، کھُل جاتی ہے وہ اپنے محبُوب کی بارگاہِ حضوری میں خُود کو خوشی خوشی قُربان کر دیتے ہیں۔

فُقرائے کامل و سنتوں نے اِسے 'اندرُونی آنکھ'، 'چشمِ باطن'، 'ایک آنکھ'، 'شونیتر'، 'دُویہ درشٹی'

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

یا' دِویہ چکشُو' بھی کہا ہے۔ حضور تُلسی صاحب (ہاتھرس) نے اِسے 'چشمِ دل' یعنی 'من کی آنکھ' کہا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ 'دِل کی آنکھ' کھُلنے سے اِنسان کو تمام کائینات کے نظارے نظر آنے لگتے ہیں۔

چشمِ دِل سے دیکھ یہاں جو جو تماشے ہو رہے
دِلستاں کیا کیا ہیں تیرے دِل ستانے کے لئے (سنتوں کی بانی صہ 176)

سرمد کے مُطابق اگر انسان 'دیدۂ باطن' یا 'اندرونی آنکھ' کھول لے تو اُس پر نہ صرف دُنیا کی اصلیت ہی ظاہر ہو جائے بلکہ اُسے ربّی نُور و جمال بھی نظر آنے لگے۔ یہ جھوٹی زندگی ماسوا ایک بُلبلے کے کچھ بھی نہیں۔ اور یہ چمکتا اور لہراتا سمندر ایک سراب ہے۔ چشمِ باطن سے ہی نظر آتا ہے کہ یہ دُنیا اِک سایہ ہے، اِک عکس بر آئینہ ہے، پانی پر اک لکیر ہے۔

ایں ہستیٔ موہوم حُبابست بہ بیں
ایں بحرِ پُر آشوب سرابست بہ بیں
از دیدۂ باطن بہ نظر، جلوہ گر است
عالم ہمہ آئینہ و آب است بہ بیں (243)

سرمد اِنسان کو خُود آگاہی کی تلقین کرتے ہُوئے کہتا ہے: "اے اِنسان تُو دُنیا کے بوجھ کو پرے پھینک، لاتعلق ہو کر خلوت میں آ۔ اپنی بند چشمِ بینا کو کھول اور اپنے اندر جھانک کر خُود کو پہچان۔ غفلت چھوڑ کر اپنی خُود آگاہی کی تکمیل کے لئے تیار ہو جا۔

با ترکِ تعلّق نفسے یار بشو
زیں بارِ گراں دمے سُبکبار بشو
تا چشم کُنی باز بہم باز نہی
اے بے خبر از خویش خبردار بشو (269)

خلوت

سرمد نے اپنی رُباعیات (56, 65, 197, 240, 268 وغیرہ) میں گوشہ نشینی یعنی تنہائی یا خلوت کی پُرزور تلقین کی ہے۔ وہ خلوت کو سُکونِ حقیقی کا خزانہ کہتا ہے (56) وہ دُنیا سے کنارہ کشی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کرکے ایک گوشہ میں تنہا بیٹھنے کی نصیحت کرتا ہے۔ (197, 65) کیوں کہ اِس کیفیت سے اِنسان کو سرِبسر خوشی حاصل ہوتی ہے۔

سرمد کہتا ہے: "ایک گوشہ میں بیٹھ کر خُدا کی بندگی میں محو و مست ہوجا۔ ایسی خلوت و تنہائی سے حقیقی سُکون مِلتا ہے اور حق (حقیقت) یا اللہ تعالےٰ کے دِیدار کی عادت ہوجاتی ہے (240) کیونکہ خلوت میں دونوں جہاں کا سُکون پنہاں ہے۔" وہ مزید کہتا ہے کہ میری اِس نصیحت کو مان اور خامُشی اِختیار کر، کیونکہ جو انسان فقُرا و بندگانِ خُدا کی طرح گوشہ نشینی اِختیار کرلیتا ہے اُسکا نام تمام دُنیا میں روشن ہوجاتا ہے۔ (268)

ذِکر اور تصوّر

سرمد نصیحت کرتا ہے کہ گوشہ نشیں ہوکر اپنے محبُوب کے ذِکر (سُمرن) اور تصوّر (دھیان) میں محو ہوجانا چاہیئے۔ اُسکا قول ہے کہ خُدا کا ذِکر و تصوّر کرنے والا اِنسان ہمیشہ خُوش و خُوشحال رہتا ہے اُسکا آغاز و انجام بخیر و خوبی ہوتا ہے۔ اُس کا ماضی و مُستقبل شاندار ہوتا ہے۔ (66) ذکرِ خُدا ہی اِنسان کی عاقبت سنوارنے کا واحد وسیلہ ہے۔

سرمد تاکید کرتا ہے کہ اے عزیز! تُو اپنے باطن میں اُس محبُوبِ حقیقی کا تصوّر جما کر خُود کو دائمی سُرور کے لُطف سے سرشار کرلے۔ اِس سے تیرے تمام رنج و غم مِٹ جائیں گے۔ تُجھے زندگی میں کبھی مات نہیں ہوگی۔ یہ ایک ایسا سُود مند سودا ہے جسے ضرُور بالضرُور کرنا چاہیئے۔

دِل را بہ خیالِ یار خُوشنود بدار
سررِشتۂ ایں دولتِ سرمد بکف آر
گنج است کہ رنجش نہ بوَد آخرِ کار
سودا ست کہ سُودش بوَد افزوں زِ شُمار (148)

سرمد اِشارہ کرتا ہے کہ حیاتِ جاوید پانے کا واحد طریق یہ ہے کہ دِل ہمیشہ محبُوب کے حضُور رہے۔ ایک لمحہ بھی دل اُس کی یاد سے غافل نہ ہو، جو دل اُس کی یاد میں مُستغرق ہوجاتا ہے وہی دائمی حیات پاجاتا ہے۔ (151)

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

حیاتِ انسانی بڑی مختصر ہے، اِس کا کوئی بھروسہ نہیں اِس لئے محبوب کی صورت سدا دِل میں بسی رہنی چاہیئے۔ ایک لمحہ بھی اُس کی یاد سے غافل نہیں ہونا چاہیئے۔

دِل شاد مشو زِ دہرِ فانی ہرگز
گر شاہی و گر گدا بمانی ہرگز
باید کہ دریں دو روز غافل نہ شوی
یکدم زِخیالِ یارِ جانی ہرگز (165)

جیسے پہیہ سدا اپنے دُھرے کے گرد گھومتا رہتا ہے۔ ویسے ہی دل بھی ہمیشہ یار کے پیار کے دائرہ میں قید رہنا چاہیئے۔ یار کے تصوّر کا موقع پاکر اُس کے فضل و کرم کا شکریہ ادا کرتے رہنا چاہیئے۔ اُس کی یاد میں خوش رہنا چاہیئے۔ دُنیا کی ہوا و حرص کے جال سے بچنا اور اس بھاری بوجھ کو دِل کے کندھوں سے اُتار پھینکنا چاہیئے۔

در دائرۂ خیالِ اُو پابندم
صد شکر بیادش ہمہ دم خُرسندم
از دامِ ہوا و حرصِ دُنیا رستم
ایں بارِ گراں زِ دوشِ دِل افگندم (188)

دِل خواہ کتنے ہی آلام و مصائب میں کیوں نہ گھرا ہو، محبوب کا لمحہ بھر کا تصوّر تمام تکلیفوں کے بوجھ کو اُتار کر اُسے ہلکا کر دیتا ہے (216) سرمد کہتا ہے کہ میں دل ہی دل میں محبوب کی یاد میں کھویا رہتا ہوں۔ میری یہی واحد تمنّا ہے کہ پھولوں سے بھی پیارا دلربا صورت میرا محبوب ہمیشہ میرے پاس رہے اور میں سدا اُس کی اُلفت کے جام پیتا رہوں (177) یہ امر بے حد ضروری ہے کہ دل ہمیشہ محبوب کے تصوّر میں محو رہے، کیونکہ اُس کے خیال میں محو ہو کر ہی رُوحانیت کے آسمانوں پر پرواز کی جا سکتی ہے۔

دل را بہ خیالِ اُو ہم آغوش بکُن
خُود را بہ فلک زِ اُوج ہمدوش بکُن
ایں حرف زِ متّقی فراموش مکُن
یادِ دو جہاں زِ دِل فراموش بکُن (248)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

سچ بات تو یہ ہے کہ اگر خُدا کسی خوش نصیب اِنسان کو خلوت بخشے اور وہ مے خانۂ خلوت میں یار کے تصوّر میں محو و مست ہو جائے تو اُسے اپنے سامنے ایک شمع روشن نظر آتی ہے۔ (180) اِس بے خُودی کی حالت میں اُس کا دِل محبُوب کے پاک قدموں میں لگ جاتا ہے اور اُس کے اندر خوشیوں کے چمن کِھل اُٹھتے ہیں۔ (67) اُس کی چشمِ باطن کُھل جاتی ہے اور اُسے دریچۂ باطن (باطنی کھڑکی) سے رُوحانی روشنی پھیلاتی، صبحِ صادق کے نظارے نظر آنے لگتے ہیں۔ (189) اُس حالت میں اُس کی رُوح کا بھٹکنا بند ہو جاتا ہے اور اُسے حقِ مُنتہا کے دِیدار ہو جاتے ہیں۔ اُسے وہ رُوحانی عالم مُتوازن مِل جاتا ہے جو یکسر قائم و دائم ہے، جو دُکھ سُکھ، آرام و آلام کے اِمتیاز سے بالا ہے۔

سرمد کہتا ہے: "مَیں نے درویشی کی اِس گوشہ نشینی میں تمام عالم کی سیر کی ہے اور اپنے لئے سکُون مُہیّا کیا ہے، وہ سکُون جسے نیکی و بدی اپنی جگہ سے ڈگمگا نہیں سکتی۔ مَیں نے اِس طور آئینۂ دل سے یہی نظارہ کیا ہے۔

در گوشۂ فکر سیرِ دُنیا کردم
از بہرِ خُود آرام مہیّا کردم
ہر نیک و بدی کہ بیند از جا نرود
ایں وضع ز آئینہ تماشا کردم (226)

اِن تمام تذکروں سے پتہ چلتا ہے کہ سرمد نے رمزیہ زبان میں نہ صرف ذِکر و تصوّر کے رُوحانی عمل کی طرف اِشارہ کیا ہے بلکہ یکسُوئی، مُراقبہ (سمادھی) کی حالت میں حاصل ہونے والے لطیف رُوحانی تجربات کے اِشارے بھی دیئے ہیں۔ اِن سے صاف ظاہر ہے کہ سرمد کے اُصول صرف لفظی نہ تھے بلکہ وہ ایک عامل باعمل، خُدا رسیدہ درویش کے ذاتی رُوحانی تجربات کی مضبُوط بُنیاد پر مبنی تھے۔

مُتفرق

سرمد کی رُباعیات اِن اہم اُمور کے علاوہ دیگر کئی مضامین پر بھی بھرپُور روشنی ڈالتی ہیں۔ سرمد نے اپنے کلام میں موت کی پُر یقینی، حیاتِ جاوِداں کی ضرورت، محبُوبِ حقیقی کے جمال و رضا

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

اور مہر و کرم پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ وہ اِنسان کی غفلت، نفس پرستی، بدی اور بد اعمال کے انجامِ بد کا ذکر کرتا ہے۔ وہ دُنیا کی شان و شوکت اور کامرانیوں کی اصلیت بیان کرتا ہے۔ دُنیا کے لوگوں کے غرور کی عکاسی کرتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ صُوفیوں، سنتوں اور درویشوں کی عاجزی، انکساری اور حلیمی پر بھی رَوشنی ڈالتا ہے۔

سرمد نے زندگی کے وسیع سمندر کو رُباعی کے چھوٹے سے کُوزہ میں بند کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔ وہ جس مضمون پر بھی اپنے تجربہ کی روشنی کی کرن ڈالتا ہے اُسے پُوری طاقت، شدّت اور خُوبصورتی سے رُوبرُو لا کھڑا کرتا ہے وہ نہ صرف زندگی کے تلخ حقائق کو ہی بیان کرتا ہے بلکہ اِنسان کو اُن تلخ حقائق سے باہر نکلنے کا راستہ بھی دِکھاتا ہے۔ وہ نہ صرف اِنسان کی کمزوریوں اور خامیوں کو ہی سامنے لاتا ہے بلکہ اُس کے اندر پوشیدہ لاتعداد امکانات و صلاحیتوں کو بھی اُجاگر کرتا ہے۔ وہ اگر ایک طرف اِنسان کو لعنت و ملامت کرتا ہے تو دُوسری طرف اُس لعنت کی بُنیاد و باعث سے رہائی کے لئے تحریک بھی دیتا ہے۔ وہ مرض کی تشخیص بھی کرتا ہے اور اُس کے علاج کیلئے کارگر دوا بھی تجویز کرتا ہے۔ اِس طرح اُس کا کلام اصلیت کی سیاہی اور اُصولوں کے نُور کا ایسا بہترین اِمتزاج و مجموعہ بن جاتا ہے جو انسان کے اِحساس کو جھنجوڑتا اور رُوح کو متحرک کرتا ہے۔ اُسکی المست، لاغرض، بے پرواہ، بے نیاز اور عشق سے شرابور حیات کی طرح اُس کا کلام بھی اِنسان کو بے خُودی، مستی اور مہر و محبت کی بیش بہا دولت سے مالا مال کرنے والا ہے۔ اُسکا کلام اُسکی زندگی کی ترجمانی کرتا ہے۔ اور اُسکی زندگی، اِنسان کے سامنے اُن آسمانوں کے خواب لاتی ہے جن پر پرواز اِنسان کا نہ صرف مُوروثی مُقدّر و مقسُوم ہے بلکہ مُسلّمہ حق بھی ہے۔

درویش سرمد

سرمد فارسی زبان میں اپنے محبُوب کے گیت گانے والا وہ نغمہ گو تھا جو دُنیا کی چاہ و رغبت کی آلائشوں کے جال کے ایک بھی تار کو بغیر چھُوئے سر برہنہ ننگے پاؤں گلی گلی کُوچہ کُوچہ پھرتا رہا۔ وہ صدا دیتا رہا کہ وہ عیب و گناہ آلود ایک لاچار، غریب و مسکین انسان ہے جو اُس محبُوب کی رضا میں گھوم رہا ہے۔ مگر ایسا غریب، مسکین اور عاجز جسے بڑے سے سُلطان یا شہنشاہ کی بھی پرواہ نہ ہو، جو کسی سے ایک تِل یا تنکے کا طالب نہ ہو۔ وہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اپنی بے نیازی اور محبوب کی مہر و محبت کے گیت گاتا رہا۔ وہ دُنیا کو اُس کی بے ثباتی فنائیت سے خبردار و ہُشیار کرتا رہا۔ اُسے نہ کسی سے کچھ لینا تھا اور نہ کسی سے کچھ تمنا ہی تھی۔ وہ زر و مال کی طرف آنکھ اُٹھا کر بھی نہ دیکھتا۔ اُسے کوئی ذاتی غرض، خواہش، یا طلب نہ تھی۔ وہ اپنے محبوب کے عشق میں دیوانہ ہو چکا تھا۔ اُس کی زندگی اپنے محبوب سے وابستہ تھی۔ اُس نے محبوب کی محبت کے سوا اور کوئی کام نہ کیا اور ماسوا اُس کے جلوہ و دیدار، و فضل و کرم کے اُس سے کسی اور چیز کا تمنائی نہ ہُوا۔ وہ محبوبِ حقیقی کے لئے زندہ رہا، اُسی کی راہ پر چلتا رہا۔ اور آخر ہنستے ہنستے اُسی کے نام پر جامِ شہادت پی گیا۔

سرمد کی زندگی ہنس (Swan) کی مانند تھی۔ جو صرف شبد (کلمۂ الٰہی) کے موتی چگتا ہے 'نامِ حق' کا آبِ حیات پیتا ہے اور کبھی بھی دُنیاوی بدلیوں کی غلاظت کے لئے چونچ نہیں کھولتا اُس کی موت راج ہنسنی (Swan) کی طرح تھی۔ جب راج ہنسنی کو 'سنسار ساگر' (دُنیائے فانی) سے پرواز کرنا ہوتا ہے تو وہ 'مانسرور' (حوضِ کوثر) پہ آ کے تیرنے لگتی ہے۔ اور تیرتے ہُوئے اپنا آخری نغمہ پُرسکون و پُرموسیقی ماحول میں بڑی میٹھی لَے میں شروع کرتی ہے۔ اور تیرتی رہتی ہے۔ اُس کا گیت پُر درد ہوتا جاتا ہے اور وہ پُر درد نغمہ پُر کیف گہرائیوں میں اُترتا چلا جاتا ہے۔ 'راج ہنسنی' گاتی اور تیرتی چلی جاتی ہے۔ اور آخر گاتے گاتے خاموشی کے سمندر میں ڈُوب جاتی ہے سرمد بھی اُسی طرح اپنے محبوب کے ہجر و وصال کے نغمے گاتا رہا اور گاتے گاتے ہی تلوار کی تیز چمک کی مانند پلک جھپک کر حیاتِ دائمی میں بیدار ہو اُٹھا۔

گورو نانک صاحب فرماتے ہیں کہ خُدا کے سچے عاشق ہر زمانہ میں آتے رہتے ہیں۔ اُن کے دل میں کسی کے لئے حسد یا دشمنی نہیں ہوتی۔ وہ یک نظر و عداوت و عناد سے پاک ہوتے ہیں۔ وہ محبت کا خزانہ ہوتے ہیں۔ وہ ہمیشہ عشقِ مولا کے گیت گاتے ہیں۔ اور اپنی صحبت میں آنے والوں کو بھی اللہ تعالےٰ یا کلمۂ الٰہی بصورت حق سے منسلک کر کے بحرِ ظلمات سے پار کر دیتے ہیں۔

جُگ جُگ سنت بھلے پربھ تیرے
ہر گُن گاوہے رسن رسیرے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

اُستت کرہِ پر ہر دُکھ دالا
جِن ناہی چِنت پرائی ہے
اُئی جاگت رہے نہ سوتے دِسہے
سنگت کُل تارے ساچ پر سہے
کلمل میل ناہی تے نرمل
اُوئی رہِ بھگت لِو لائی ہے (آدگرنتھ، صہ 1025)

سرمد سچّا صُوفی اِنسان تھا۔ وہ عامل بہ عمل تھا، خُدا کی بارگاہ کا درویش تھا۔ وہ مے عشقِ اِلٰہی کا متوالا، محبُوب پر مر مِٹنے والا عاشقِ صادق تھا۔ وہ راہِ حق کا راہ نُما تھا، مسلکِ عشق کا ہادی تھا، حدیثِ عشق کا داستاں گو تھا، رمُوزِ عشق کا راز داں تھا، اُسکا کلام رُوحانی رمُوز کا آئینہ دار تھا۔ اُس نے اپنی رُباعیات کے کُوزہ میں معرفت کے بیکراں سمندر کو نہایت خُوبصُورتی سے سمویا ہے۔ وہ دُنیائے تعصب سے بے نیاز، اپنے کلام میں رازہائے حقیقت کا بڑی دلیری سے اِنکشاف کرتا رہا۔ حق پرستی اُسے اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز تھی۔ وہ راہِ حق میں جاں بحق ہونے والا مردِ حق اور شہیدوں کا سرتاج تھا۔

سرمد ایک سچّا صُوفی درویش اور عابدِ حق تھا۔ کہاوت ہے کہ کوئل اپنے انڈے مادہ کوّا کے گھونسلے میں دیتی ہے کیونکہ اُسے علم ہوتا ہے کہ کوّا اُس کے گھونسلے میں آکر اُس کے انڈے کھا جائیگا اِس لئے وہ پہلے ہی مادہ کوّا کے گھونسلے میں جاکر اپنے انڈے دے آتی ہے۔ جب انڈوں سے بچے نکلنے والے ہوتے ہیں تو وہ کوّے کے گھونسلے کے گِرد آسمان میں چکّر لگاتی ہُوئی اپنے میٹھے سُر میں گانے لگتی ہے۔ اُسکی آواز سُن کر اُس کے بچّے مادہ کوّا کے گھونسلے سے اُڑ کر کوئل کے پیچھے پیچھے اُڑنے لگتے ہیں۔

رُوح ربّ کا جزو ہے لیکن اِس کا جنم مایا بصُورت مادہ کوّا کے گھونسلے یعنی دُنیا میں ہُوا ہے۔ فُقرا و سنت کوئل کی صُورت ہوتے ہیں، وہ مقامِ حق سے آکر رُوح کو اللہ تعالےٰ کے کلمۂ اِلٰہی، شبدیا نام کی ندائے شیریں سُنا کر، اِسے اپنی طرف راغب کر کے مقامِ لامُنتہا، دُھر دھام لے جاتے ہیں۔ جن خُوش قسمت رُوحوں نے سرمد، بصُورت کوئل کے نغمۂ اِلٰہی کو سُنا وہ پہلے کوئل (مرشد) سے اور پھر مُرشد کی وساطت سے اپنے مقامِ ازلی پر جا پہنچے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

رُباعیات

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

دُنیا کی فنائیت

12

از صحبتِ ہمدمان بہ باغ و صحرا
ذوقِ سخنی بود و ہوائی مینا
آخر سخنی ماند و عزیزان رفتند
مینائی فلک فگند اُو را از پا

ترجمہ

اِحباب سے تھی رونقِ باغ و صحرا
تھا ذوقِ سخن اور ہوائے مینا
اِحباب تو اُٹھ گئے رہی یاد ہی یاد
اِس بزم کو آسماں نے تاراج کیا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

13

باز آ باز آ ز فکرِ باطل باز آ
از وہم و خیالِ خام اے دل باز آ
خوشنود مشو ز فکرِ دُنیا ہرگز
نے وصل بماند و نہ واصل باز آ

ترجمہ

دُنیا کے یہ اِفکار ہیں باطل بے سُود
تیرا یہ خیالِ خام اے دل بے سُود
دُنیا کے خیالات میں خوشنود نہ ہو
بے کار ہے وصل اور واصل بے سُود

32

اندیشۂ مال و جاہِ دُنیا غلط است
ایں وہم و خیال و فکرِ بیجا غلط است
در خانۂ تن وطن نہ باشد ہرگز
از بہرِ دو روز ایں تمنّا غلط است

ترجمہ

اندیشۂ مال و فکرِ دُنیا ہے غلط
یہ شوق غلط یہ فکرِ بے جا ہے غلط
یہ رُوح بدن میں نہ رہے گی دائم
دو روز کی خاطر یہ تمنّا ہے غلط

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adoycate Showkat

57

ایں جسم بصد قسم فنا بُنیاد است
ایں شعلۂ خس در نفسی برباد است
از دامِ اجل ترا رہائی نہ بود
صیدی و سروکار تو با صیّاد است

ترجمہ

بُنیاد نہیں جس کی وہ بنیاد ہے تُو
اِک شعلۂ خس فانی و برباد ہے تُو
کب دامِ اجل سے ہو رہائی تجھ کو
اے صیدِ زبوں بستۂ صیّاد ہے تُو

59

دُنیا طلبان را نہ براحت کار است
تا آخرِ دم فکرِ زر و دینار است
ایں طائفہ را خیال مُردن نبود
پیوستہ غمِ سیم و زرِ بسیار است

ترجمہ

وارفتۂ دُنیا کو تو آرام نہیں
جُز فکرِ زر و مال کوئی کام نہیں
مرنے کا خیال اُس کو آئے کیوں کر
دم بھر بھی تو وہ فارغِ آلام نہیں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

73

ایں شہر و دیار و کوہ و صحرا ہمہ ہیچ
دیدیم تمام زشت و زیبا ہمہ ہیچ
خود را بخدا گذار و بگذر ز ہمہ
ایں خواہش و فکرِ دین و دُنیا ہمہ ہیچ

ترجمہ

یہ شہر و دیار و کوہ صحرا سب ہیچ
دُنیا اور اس کے زشت و زیبا سب ہیچ
سب چھوڑ کے بس ایک خُدا کا ہو جا
یہ حرص یہ فکرِ دین و دُنیا سب ہیچ

83

دُنیا ہمگی اگر بکام تو بود
دین سکۂ مہر و مہ بنام تو بود
آخر ز جہان پئے بقا باید رفت
گر قیصر و فغفور غلام تو بود

ترجمہ

دُنیا سے جو حاصل ہوں تجھے سب انعام
ہو سکۂ مہر و مہ پہ بھی تیرا نام
اِک دن تو یہاں سے کوچ کرنا ہوگا
ہوں قیصر و کسریٰ بھی اگر تیرے غُلام

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

91

بنگر کہ عزیزان ہمہ در خاک شُدند
در صید گہِ فنا بفتراک شُدند
آخر ہمہ را خاک نشین باید شُد
گیرم کہ برفعت ہمہ افلاک شُدند

ترجمہ

جتنے بھی تھے دوست سب تہِ خاک آئے
صیّاد فنا سے نہ وہ بچنے پائے
ہونا ہے بہرحال اُسے خاک نشیں
جو اوج کی حرص میں فلک تک جائے

263

گہِ متقیم کند گہی پیرِ مغاں
احوالِ جہاں گاہ نہ دیدم یکساں
چوں نخل گہی سبز و گہی عریانم
بی موسمِ گُل بہار ہنگامِ خزاں

ترجمہ

زاہد ہے کبھی بشر کبھی پیرِ مغاں
حالاتِ جہاں نہ دیکھے یکساں
بے برگ کبھی اور کبھی ہوں سرسبز
بے موسمِ گُل بہار بے وقت خزاں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

296

ای جانِ گرامی تو چرا نادانی
باید کہ بدانی چہ قدر می مانی
بر ہستیٔ موہوم عبث مغروری
پیوستہ نمانی دو سہ دم مہمانی

ترجمہ

اے دوست بھلا کس لئے نادان ہے تُو
فانی ہے مگر اس پہ بھی انجان ہے تُو
ہے ہستیٔ موہوم پہ یہ ناز عبث
دو تین ہی دن کے لئے مہمان ہے تُو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

تنبیہ

72

چیزی کہ گذشت و رفت یادش ستم است
سودا است کہ سرمایۂ او رنج و غم است
این عمر گرامی بعبث صرف مکن
بیش از نفسی مگیر بسیار کم است

ترجمہ

جو بیت گئی اس کا عبث ماتم ہے
اس سودے کا سرمایہ ہی رنج و غم ہے
اس عمر گرامی کو نہ کر تو برباد
بس ایک نفس ہے یہ بہت ہی کم ہے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

88

در دہر عدُو مثالِ غفلت نہ بود
خواری بہ تُراز خواہشِ رِفعت نہ بود
ہُشیار دمِ پیری شو کاخر وقت
حاصل دگرت بجُز ندامت نہ بود

ترجمہ

دُشمن ترا کوئی نہیں غفلت کے سِوا
یہ خواہشِ رفعت نہیں ذلّت کے سِوا
ہُشیار ہو پیری میں کہ اس منزل پر
ملتا نہیں کچھ شرم و ندامت کے سِوا

97

دُنیا مطلب دُشمنِ جان باید شُد
دل خستۂ این بارِ گران باید شُد
اندیشۂ سنجیدن این درکار است
میزانِ تامّل بہ جہان باید شُد

ترجمہ

دُنیا کی طلب چھوڑ یہ ہے دُشمنِ جاں
دَب جائے گا دل اُٹھا کے یہ بارِ گراں
اِس بات کو تولنا ہے لازم تجھ کو
تو ہاتھ میں لے ہوش و خِرد کی میزان

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

102

دُنیا بکسی رُوئے فراغت نہ نمُود
سود است چُنیں خیالِ بیہودہ چہ سُود
امروز چُنیں ہست سوئ دامنِ تو
تابود چُنیں بود چُنیں خواہد بُود

ترجمہ

آرام نہیں دہر کے آب و گِل میں
کیوں نفع کا رکھتا ہے تو سودا دل میں
جو حال میں ہے تھی وہی ماضی میں خلش
کچھ اور سوا ہوگی یہ مُستقبل میں

105

این بے خِردان کہ از خُدا بے خبر اند
از بہرِ زر و سیم بہم کینہ ور اند
بر دوستیٔ اہلِ جہان تکیہ مکُن
از بہرِ دو روز دُشمنِ یک دِگر اند

ترجمہ

دولت کے لئے کرتے ہیں جو کینہ وری
اللہ سے غافل ہیں خِرد سے ہیں بَری
تُو دوستیٔ اہلِ زمانہ پہ نہ جا
بہتر ہے کہ چھوڑ دے یہ آشُفتہ سری

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

108

طولِ امل عُمر بآخر نہ رسید
دیوانہ دلم عاقبتِ کار نہ دید
شبہا بخیالِ خوابِ غفلت بگذشت
اکنون چہ کنم کہ صُبحِ صادق بدمید

ترجمہ

ہوتا ہی نہیں ختم کہیں طولِ اَمَل
سوچا نہ کبھی دل نے کہ کیا ہوگا کل
اب بھی کچھ سوچ صُبح پیری آئی
راتوں میں تو جاری رہا غفلت کا عمل

120

آن روز کہ جا زیرِ زمین خواہد بود
از لطفِ تو یارب بہ ازیں خواہد بود
بر روئے زمین ہست حلاوت مُشکل
در زیرِ زمینِ اگر چُنین خواہد بود

ترجمہ

اِک روز ہمیں زیرِ زمیں سونا ہے
ہے لُطفِ خُدا جس میں یہی کونا ہے
بڑھ جائے کی زندوں کی مُصیبت کچھ اور
مرنے پہ یہی حال اگر ہونا ہے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

130

این مردمِ دُنیا ز خُدا بے خبر اند
ہر شام و سحر در طلب سیم و زر اند
از پہلوئی ہمدگر جگر ریش تر اند
ہر چند کہ چوں بادِ صبا در گزر اند

ترجمہ

ہیں اہلِ جہاں بے خبرِ رازِ خُدا
ہے شام و سحر غم اِنہیں سیم وزر کا
رُکتے ہی نہیں اِن کے لڑائی جھگڑے
ہر چند گزر جائیں گے سب مثلِ صبا

140

در بحرِ وجُود از حُبابی کم تر
موجی کہ درین بحر فتد ہست خطر
آئینہ بہ کف دیگر و یکدم بہ نگر
عکسی تو درین آب بمانی چہ قدر

ترجمہ

اے بحرِ وجُود کے حُبابِ کم تر
تیرے لئے ہر موج میں ہے خوف وخطر
آئینے میں خود دیکھ ذرا عکس اپنا
پائے گا نہ کچھ قرار اِس میں دم بھر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

141

از وہم وخیال و فکرِ دُنیا بگذر
چون بادِ صبا ز باغ وصحرا بگذر
دیوانہ مشو برنگ و بُوئے گل و مُل
ہُشیار بشو ازین ہوا ہا بگذر

ترجمہ

تُو وہم وخیال و فکرِ دُنیا سے گزر
مانندِ صبا گلشن و صحرا سے گزر
بُوئے گُل و مُل کا تُو نہ ہو دیوانہ
ہُشیار ہو اِس جوشِ تمنّا سے گزر

156

چیزی کہ درد عیب بود نیست ہُنر
آمیزشِ خلق است بگیرش کمتر
بسیاریٔ اِختلاطِ مردم رنج است
گفتم بتو ہر چند کہ کمتر بہتر

ترجمہ

سو بات کی اک بات رہے پیشِ نظر
رکھ اہلِ زمانہ سے تعلّق کمتر
ابنائے زمانہ سے بہت میل نہ رکھ
جِتنا بھی یہ ربط کم ہو اُتنا بہتر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

160

چون نقشِ نگیں در پئے نامی تو ہنوز
جان می کنی و در پئے کامی تو ہنوز
از خرمنِ عمر خوشۂ توشہ بگیر
ہنگام در و رسید و خامی تو ہنوز

ترجمہ

تو مثلِ نگیں ہے بندۂ نام ابھی
مرتا ہے مگر پھر بھی ہے ناکام ابھی
لے عمر کے خرمن سے عمل کا توشہ
پکنے کے ہیں دن تو ہے مگر خام ابھی

161

از بوالہوسان کام نیابی ہرگز
این طائفہ آرام نیابی ہرگز
صد سال اگر جان بکنی، ہمچو نگین
بدنام شوی نام نیابی ہرگز

ترجمہ

یہ اہلِ ہوس ہونے نہ دیں گے خوش کام
اِن سے نہ ملے گا تجھ کو ہرگز آرام
سو سال اگر مثلِ نگیں گھستا رہے
اے نام کے طالب تو رہے گا بدنام

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

164

ای دل ز ہوا و ہوس از بہر دو روز
خود را و مرا ز آتشِ جاں سوز مسوز
ہنگامِ جوانی شُد و پیری آمد
این آتشِ افسُردہ بدامن افروز

ترجمہ

ہاں اے دلِ شوریدہ ہوس سے باز آ
اس آگ میں جل جل کے تُو مجھ کو نہ جلا
گزُرا ہے شباب اور پیری آئی
خاموش ہے جو آگ نہ اِس کو بھڑکا

165

دل شاد مشو ز دہرِ فانی ہرگز
گر شاہی و گر گدا نمانی ہرگز
باید کہ دریں دو روز غافل نشوی
یک دم ز خیالِ یارِ جانی ہرگز

ترجمہ

رکھتے گا نہ خوش جہانِ فانی ہرگز
یہ عُمر نہیں ہے جاودانی ہرگز
لازم ہے یہی بات کہ تیرے دِل سے
نکلے نہ خیالِ یارِ جانی ہرگز

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

171

صہبائی خیالِ یار پیوستہ بنوش
از بہرِ دو روز دین بدُنیا مفروش
ایں آتشِ خواہش کہ تو افروختۂ
طوفان بشود اگر نہ گردد خاموش

ترجمہ

ہو مستِ خیالِ یار، ہو جامے نوش
دُنیا کی ہوس میں ہو نہ ایمان فروش
یہ آتشِ خواہش جو ہوئی ہے روشن
بن جائے گی طُوفاں جو نہ ہوگی خاموش

179

ایں مالِ جہاں تمام رنجست و وبال
اندیشہ بکن بہ بین کہ وہم است خیال
کارِ یکہ از اوّل بودش رنج و ملال
مالست ز محنتش و بال است مآل

ترجمہ

یہ دولتِ دُنیا تو سراسر ہے وبال
تو غور کرے اِس پہ تو ہے وہم و خیال
آغاز ہی جس کام کا ہو رنج و ملال
دولت ہی سہی، نیک نہیں اِس کا مآل

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

227

پابند مشو بہ رنجِ دُنیا گفتم
دل شاد مکن بکوہ وصحرا گفتم
عالم ہمہ پابندِ سراب است بہ بیں
اے جوشِ حباب و موجِ دریا گفتم

ترجمہ

یہ فکر یہ غم یہ رنجِ دُنیا سب جھوٹ
مستانہ یہ سیرِ کوہ وہ صحرا سب جھوٹ
دنیا کو سمجھ خوب کہ ہے ایک سراب
یہ جوشِ حباب و موجِ دریا سب جھوٹ

239

صد رنگ بود ہمیشہ احوال جہاں
گہ سیرِ بہارش کُن و گہ سیرِ خزاں
از پستی و بُلند او دل آزُردہ مشو
ہموارہ بکُن درد بخود ہم دَرمان

ترجمہ

سو رنگ کی تصویر ہے نیرنگِ جہاں
دیکھ اِس کی بہار اور کبھی اِسکی خزاں
پستی و بُلندی سے دل آزُردہ نہ ہو
تو آپ ہی بن دردِ دروں کا درماں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

240

خواہی کہ شوی شاد و نگردی غمگیں
از خلق کنارہ گیر و تنہا بہ نشیں
آسودگیٔ ہر دو جہان است ہمیں
یک حرف زمن بشنو و راحت بگزیں

ترجمہ

ہے تجھ کو اگر شادی و آرام کی دُھن
رہ خلق سے دُور اور گُلِ راحت چُن
آسودگیٔ ہر دو جہاں ہے اس میں
یہ کام کی بات ہے اِسے غور سے سُن

252

ای فکر کزیں خدمتِ شاہان بگزیں
پیوستہ کسی نماند بر رُوئے زمین
پیشانیٔ شاہان ہمہ پُرچیں دیدم
دُنیا نبود بقدر یک چینِ جبین

ترجمہ

رکھتا ہے جو تُو خدمتِ شاہاں پہ یقیں
انجام کچھ اُن کا تجھے معلوم نہیں
پیشانیٔ شاہاں پہ تو بل ہی دیکھے
دُنیا کچھ ہے تو ہے فقط چینِ جبیں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

307

گہ شہر و دیار گہ بہ صحرا رفتی
در راہِ ہوس بصد تمنّا رفتی
این قافلہ نزدیک سرِ منزل شُد
اتمام سفر گشت کجا ہا رفتی

ترجمہ

تو شہر و دیار و صحرا میں گیا
راہِ ہوس و حرص کا راہی بھی ہوا
یہ قافلہ اب پہنچا ہے منزل کے قریب
باقی نہ رہی عُمر کرے گا اب کیا

310

افسوس کہ از کردۂ خُود بے باکی
در دشتِ ہوس جیب و گریباں چاکی
این یک دو نفس ہستیٔ خود نیست شمار
پندار کہ بر خاک نئی در خاکی

ترجمہ

تو اِتنا گُنہ گار پھر اِتنا بے باک
ہے دشتِ ہوس میں ترا دامن صد چاک
دو چار نفس ہی کی ہے ہستی تیری
تو خاک پر آباد نہیں خُود بھی ہے خاک

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

317

بیہُودہ در اندیشۂ سیمی و زری
حاصل زجہان بجز ندامت نہ بری
بیش از نفسِی ہستیٔ موہومِ تو نیست
مانندِ حُباب رفتہ و در گذری

ترجمہ

بے ہُودہ ہے اندیشۂ زر اے غافل
ہونا ہی پڑے گا تجھے ہستی پہ خجل
مانند حُباب آکے چلا جائے گا
بس ہستیٔ موہوم کا ہے یہ حاصل

323

افسوس کہ غافل تو ز ہستی ہستی
پیوستہ زصہبائے رعونت مستی
ہرچند شوی بُلند چون شُعلہ خسی
از شامتِ سرکشی در آخر پستی

ترجمہ

تُجھ کو یہ نہیں خبر کہ ہے کیا ہستی
صہبائے رعونت کی ہے دائم مستی
کُچھ بھی نہیں کِتنا بھی ہو اُونچا شُعلہ
انجام ہے سرکشی کا آخر پستی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

332

ہر روز بدریائی ہوس گردابی
از ظلمتِ غفلت ہمہ شب درخوابی
ایامِ جوانی شُد و پیری آمد
وقت است اگر فیض چمن دریابی

ترجمہ

کھاتا ہے تُو دریائے ہوس میں چکّر
طاری تجھ پر ہے خوابِ غفلت شب بھر
ایامِ جوانی گئے پیری آئی
ہے وقت ابھی فیضِ خُدا حاصل کر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

نفس یا مَن

53

ایں نفسِ ستمگار بہ بین شیطان اَست
پیوستہ عیان بود مگو پنہان است
ابلیس خودی چرا بہ ابلیس بَدی
در پیشِ خیالاتِ تو اُو حیران اَست

ترجمہ

یہ نفس ستمگار ہے سچ مُچ شیطاں
یہ بات تو ظاہر ہے، نہیں ہے پنہاں
ابلیس ہے خود تو ہی بُرا اُس کو نہ کہہ
وہ تیرے خیالات سے خود ہے حیراں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

63

چندان دلِ نادان بہ غمِ سیم و زر است
کو وقتِ نماز ہم بفکرِ دِگر است
در وہم و خیالِ این و آن بیشتر است
از فکرِ مآلِ کارِ خود بی خبر است

ترجمہ

اِتنا دلِ نافہم ہے دیوانہ زر
ہے وقتِ نماز بھی اِسے فکرِ دِگر
سودا اِسے ہر وقت این و آن کا
اپنے انجام کی نہیں کچھ بھی خبر

78

راضی دلِ دیوانہ بہ تقدیر نہ شُد
فارغ زخیال و فکرِ تدبیر نہ شُد
ایّامِ شباب رفت و باقیست ہوس
ما پیر شُدیم و آرزو پیر نہ شُد

ترجمہ

دیوانہ ہے دِل ، شاکرِ تقدیر نہیں
کس وقت وہ محوِ فکر و تدبیر نہیں
ایّامِ شباب گذرے باقی ہے ہوس
ہم پیر ہوئے حرص مگر پیر نہیں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

185

با نفسِ ستم گار بہ جنگم ہر دم
در بحرِ وجُودِ خود نہنگم ہر دم
رُو باہ بود حرص و ہوا در نظرم
در بیشۂ اندیشہ پلنگم ہر دم

ترجمہ

دن رات رہی نفسِ ستم گار سے جنگ
ہُوں اپنی ہی ہستی کے سمندر میں نہنگ
ہیں حرص و ہوا میری نظر میں رُوباہ
ہیں دشتِ خیالات میں ہوں ایک پلنگ

194

سُلطانِ خودم منّتِ سُلطاں نہ کشم
از بہرِ دو نان منّتِ دُوناں نہ کشم
نفسِ من سگ است ومن سگ بانم
از بہر سگی منّتِ سگباں نہ کشم

ترجمہ

سُلطان ہوں خُود منّتِ سُلطاں کیسی
ٹکڑوں کے لئے منّتِ دُوناں کیسی
سگ ہے یہ مرا نفس تو سگ بان ہوں میں
اِک سگ کے لئے منّتِ سگباں کیسی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

278

خواہی کہ بخود دوست شوی دشمن شو
از آفتِ خواہش بجہان ایمن شو
این نفسِ ستمگار دل آزارِ ترا
خاریست کن از باغِ دل و گلشن شو

ترجمہ

تو خود کو عزیز ہے تو خود دشمن ہو
رکھ دل میں نہ خواہش کوئی اور ایمن ہو
یہ نفسِ ستم گر ہے دل آزار بہت
کانٹے کو نکال اور خود گلشن ہو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

خُودی

20

آسودہ دمی ز خُود پسندی مطلب
زین ہمّتِ پستِ خُود بُلندی مطلب
سودائی جہان سُود ندارد چندان
نقصان بہ پذیر سُود مندی مطلب

ترجمہ

ہے باعثِ رنج خُود پسندی کی طلب
بے حوصلگی اور بُلندی کی طلب
نُقصان ہی نُقصان ہے اِس سودے میں
بے سُود ہے اِس میں سُود مندی کی طلب

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

162

فارغ نہ شُدی زخُود پسندی ہرگز
آگہ نہ شُدی زسُود مندی ہرگز
خواہی درجہان یک طرف راغب شو
غیراز طرفی طرف نہ بندی ہرگز

ترجمہ

کی ترک نہ تُونے خُود پسندی ہرگز
دیکھا نہ جمالِ سُود مندی ہرگز
رفعت کا ہے خواہاں تو فقط ایک کا ہو
جُز اس کے نہ پائے گا بُلندی ہرگز

174

خواہی نہ رسد پائی تُو ہرگز برسنگ
بگذر زخُودی مکُن درین راہ درنگ
پیوستہ جُدائی بکُن از خواہشِ دل
یانفسِ ستمگارۂ خُود باش بجنگ

ترجمہ

خواہش ہے اگر کہ زیست تجُھ پر نہ ہو تنگ
کر ترکِ خُودی اور نہ کر اس میں درنگ
بیگانہ ہی رہ خواہشِ دل سے ہر دم
ہو نفسِ ستمگار سے آمادۂ جنگ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

صُحبتِ بَد

266

خواہی نکشی رنج و نجوئی درماں
دُوری بگزین زہمنشینانِ جہاں
چُون عقرب و مار کُن تصوّر ہمہ را
از صحبتِ ہم دمان امان خواہ امان

ترجمہ

خواہش ہے اگر رنج نہ ہو تُجھ کو یہاں
ہرگز نہ ہو دل دادۂ اربابِ جہاں
کھا جائیں گے کاٹ کر یہ ہیں عقرب و مار
اِن نیش زنوں سے ہر گھڑی مانگ اَماں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

301

از مردمِ روزگار غافل نظری
وز گرمیِ این طائفہ خوشدل نہ شوی
پرواز بکُن ہمیشہ از صحبتِ شان
تا در قفسِ فریب بسمل نہ شوی

ترجمہ

دُنیا سے ہے لازم تجھے غافل ہونا
اچھا نہیں اِس بزم میں خوشدل ہونا
تُو چھوڑ بھی دے بُروں کی صحبت ورنہ
اِس پنجرے میں ہو گا تجھے بسمل ہونا

309

از مردمِ دُنیا بود اندیشہ بسی
ایں گرگ و پلنگ اند دریں بیشہ بسی
مینائی دل از سنگدلان در خطر است
اندیشہ بود ہمیشہ زین شیشہ بسی

ترجمہ

دُنیا والوں سے زندگی سب کی ہے تنگ
اِس دشت میں رہتے ہیں بہت گرگ و پلنگ
اِن سنگ دلوں سے دل نہیں بچ سکتا
اِس شیشے کو ہر وقت ہے اندیشۂ سنگ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بَدَ اعمال

37

آن را کہ ہوس بیش بود ناکام است
مُرغی کہ پیئے دانہ رَود در دام است
این مال پُر از ملال بسیار و بال
ہر چند کم او بیش درو آلام است

ترجمہ

جو شخص ہوس پیشہ ہے وہ ہے ناکام
دانے کی ہوس ہی سے ہے طائر تہِ دام
ہے مال تو در اصل ملال اور و بال
کم ہو کہ زیادہ ہے سراسر آلام

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

38

ہر کس کہ گرفتارِ ہوا و ہوس است
گر سلطنتش دہی نگوید کہ بس است
سررشتۂ زندگی بسی کوتاہ است
از طولِ اَمل حذر کہ دام و قفس است

ترجمہ

جس شخص کا شیوہ ہے فقط حرص و ہوس
شاہی بھی ملے اُس کو۔ کہے گا نہ وہ بس
سررشتہ حیات کا بہت ہے کوتاہ
یہ طول امل کیا ہے بجز دام و قفس

40

آن را کہ ہوس بیش بود آزار است
از شربتِ دینار دلش بیمار است
از گرسنہ چشمی بجہان سیری نیست
ایں طائفہ دیدم ہمہ جا بسیار است

ترجمہ

جن لوگوں کے سینے ہیں ہوس سے معمور
ہے خواہشِ دُنیا سے دل اُن کا رنجور
دیکھا نہ حریصوں کو کسی وقت بھی سیر
اِس قسم کے لوگوں سے ہے دُنیا بھرپور

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

204

من تُخمِ ہوس کاشتہ ام غمگینم
صد رنگ گُلِ داغ ازو می چینم
طُوفان بشود اگر نہ گیرد خاموش
این آتشِ خواہش کہ بخود می بینم

ترجمہ

میں تُخمِ ہوس بو کے ہُوا ہُوں نالاں
داغوں سے بھرا ہُوا ہے دل کا داماں
شُعلوں کو بُجھانا ہے نہایت لازم
یہ آتشِ حرص ہے بنے گی طُوفاں

272

بگذر ز خُودی ز فتنہ ہا ایمن شو
تا چند شوی خار گہی گلشن شو
با نفسِ ستمگار خصُومت برکُن
گُفتم بتو ای دوست بخُود دُشمن شو

ترجمہ

ہاں چھوڑ خُودی کو شر سے تو ایمن ہو
کانٹا نہ بن اے دوست کبھی گُلشن ہو
اِس نفسِ ستمگار کو دُشمن نہ سمجھ
لازم ہے کہ خُود اپنا ہی تُو دُشمن ہو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

290

بادامِ ہوا و حرص تا ہم نفسی
پابندِ خودی شام و سحر در قفسی
آزاد چو سرو باش در گلشنِ دہر
گر سنبل و نسرینی و گر خار و خسی

ترجمہ

تو حرص سے آزاد نہیں ایک نفس
ہے تیری خودی تیرے لئے ایک قفس
ہو سرو کی مانند چمن میں آزاد
تو سنبل و نسرین ہے، ہے خار کہ خس

327

افسوس ز سر تا بقدم بوالہوسی
اندیشہ بکن بہ بین چہ چیزی چہ کسی
آزاد بشوزِ دامِ غفلت گفتم
تا در ہوسی اسیر اندر قفسی

ترجمہ

ہے تیرِ ہوس اور تو اُس کا نخچیر
کچھ سوچ کہ تو خاک ہے یا ہے اکسیر
پھندے غفلت کے توڑ۔ ہو جا آزاد
جب تک تو ہوس میں ہے قفس میں ہے اسیر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

228

ای دل ز ہوا اور حرص غمگین بشُدی
با بیش و کمِ جہان بہ تسکین بشُدی
خود را سُبک و ننگِ دو عالم کردی
از بارِ گراں خستہ و سنگین بشُدی

ترجمہ

کیوں حرص و ہوا سے ہے تُو اے دل غمگیں
کیوں بیش و کمِ جہاں سے پائی تسکیں
اب پھرتا ہے کیوں ننگِ دو عالم ہوکر
اِس بوجھ سے دم بھر تجھے آرام نہیں

330

فارغ ز ہوا و حرص یک دم نشُدی
از فکر مآل کار از غم نشُدی
چون گاو خری کہ ہست در فکرِ وجُود
کم تر تُو ز سگ شُدی و آدم نشُدی

ترجمہ

بے گانہ کبھی حرص سے یک دم نہ ہُوا
تسکین ملی کب تجھے کب غم نہ ہُوا
حیواں کی طرح تجھ کو رہا فکرِ وجُود
کُتّے سے بھی کمتر ہوا آدم نہ ہُوا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

شریعت

27

این خرقۂ پشمینہ کہ زنّار در و ست
مکر است و ریا فتنۂ بسیار در وست
بر دوش مکش دست بکش تا نکشی
این بارِ ندامت کہ صد آزار در وست

ترجمہ

یہ خرقۂ پشمینہ ہے جس میں زنّار
شر اِس میں ہیں اِتنے کہ نہیں جِنکا شمار
اِس کو نہ کبھی زیبِ بدن کر اے دوست
ہیں اِس میں ندامت کے ہزاروں آزار

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

144

اے زاہدِ خود فروش ہرگز مغرور
باید نشوی کہ تا نگردی رنجور
گویند ترا زاہد و ہستی فاسق
برعکس نہند نامِ زنگی کافور

ترجمہ

ہرگز نہ ہو اے زاہدِ خُود بیں مغرور
ڈر ہے کہ نہ ہو جائے سراسر رنجور
تو نام کا زاہد ہے مگر ہے فاسق
برعکس نہند نامِ زنگی کافور

172

باخرقہ مشو یار غلط گیر غلط
این زُہدِ زیان کار غلط گیر غلط
سر رشتۂ مہر یار در دست بیار
ایں سبحہ و زُنّار غلط گیر غلط

ترجمہ

ظاہر کا یہ کِردار غلط صاف غلط
یہ زُہدِ زیاں کار غلط صاف غلط
ہاتھوں سے نہ چھوڑ رشتۂ عشقِ خُدا
یہ سبحہ و زُنّار غلط صاف غلط

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

عاجزی

11

یارب زکرم بہ بخش تقصیرِ مرا
مقبول بکن نالۂ شب گیرِ مرا
ما پُر زگناہ ماجرائیست عجیب
لُطفِ تو کُند چارۂ تدبیرِ مرا

ترجمہ

بخشش ہے ترا فرض تو تقصیر مرا
مقبول تو ہو نالۂ شب گیر مرا
حیرت ہے کہ میں تو ہوں سراپا عصیاں
اِس پر بھی ہے تُو چارۂ تدبیر مرا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

18

ہر چند غرورِ دستگاہ است این جا
بر خود پیچیدَن عروجِ جاہ است این جا
در سازِ شکستگی حضورِ دگر است
از سُرمہ شُدن سنگ نگاہ است این جا

ترجمہ

دُنیا میں غرورِ مال و دولت ہے بہت
بے چین بشر کو پاسِ حشمت ہے بہت
ہے سازِ شکستہ کی مگر اور ہی شان
اک سُرمہ شُدہ سنگ کی عظمت ہے بہت

29

ہر جا کہ گُلِ ایاغ و جوشِ چمن است
اُو مسکنِ دل خوش است ما را وطن است
گر بادہ پرست گوئی اُو را حق است
وَر زاہدِ مُتقی بگوئی سُخن است

ترجمہ

جو ساغرِ گُل اور چمن کا ہے مقام
اِس مسکنِ زیبا ہی میں ہے تیرا قیام
حق ہے جو کہے کوئی مُجھے بادہ پرست
سمجھے کوئی پارسا تو ہے اِس میں کلام

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ترک

65

از کارِ جہان تمام انکار خوش است
این کار کنی اگر تو بسیار خوش است
خود را بکنار گیرو بگذر ز ہمہ
در عالم تدبیر ہمین کار خوش است

ترجمہ

تو دل میں ذرا بھی غمِ ایام نہ کر
تدبیر میں اندیشۂ انجام نہ کر
دُنیا سے الگ ہوکے ہی دُنیا سے گزر
اِس کام میں دَم بھر کبھی آرام نہ کر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

86

عُزلت بجہان راحتِ جان یافتہ شُد
برُوئے زمین گنجِ نہان یافتہ شُد
این گوہرِ نایاب کہ ہم بے قدر است
در بحرِ پُر آشوبِ جہان یافتہ شُد

ترجمہ

عُزلت ہے اگر تجھ کو جہاں سے حاصل
راحت ہے اِسی گنجِ نہاں سے حاصل
یہ گوہرِ نایاب اِسی بحر میں ہے
ہوتی ہے یہی چیز یہاں سے حاصل

146

از مردمِ دُنیا بجُدا گیر کنار
تا دل بکُشد عُروسِ راحت بہ کنار
سر رشتۂ اِختلاط از دست بدہ
سرمایۂ آرام و فراغت بہ کف آر

ترجمہ

دُنیا میں اگر گوشۂ عزلت مِل جائے
لازم ہے تجھے عُروسِ راحت مِل جائے
جب تک ہے اِس اِختلاط کا شوق تجھے
مُمکن نہیں آرام و فراغت مِل جائے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

عشق و فراق

46

دُنیا نگُنم طلب کہ کمتر زخس است
بی دولتِ دیدارِ تو این ہم قفس است
خواہانِ وصالم و ہمین است سخن
در خانہ اگر کس است یک حرف بس است

ترجمہ

دُنیا کی طلب چھوڑ یہ ہے محض ہوس
بے دولتِ دیدار یہ دُنیا ہے قفس
میں تیرے وصال کا ہوں خواہاں ہر دم
عاقل ہو اگر کوئی تو اِک حرف ہے بس

126

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

55

دُوریٔ نفسی مرا ازو مُمکن نیست
این یک جہتی بہ گفتگو ممکن نیست
اُو بحر۔ دِلم سبُوست این حرفِ غلط
گنجائشِ بحر در سبُو ممکن نیست

ترجمہ

دَم بھر بھی مجھے اُس کی جُدائی ہے گراں
اِس عشق کو لفظوں میں کرے کون بیاں
وہ بحر ہے دل سبُو ہے یہ قولِ غلط
گنجائش بحر کی سبُو میں ہو کہاں

67

نابُود شُدم بُود نمی دانم چیست
اخگر شُدہ ام دُود نمی دانم چیست
دل دادم وجان دادم و ایمان دادم
سوداست مگر سُود نمی دانم چیست

ترجمہ

نابُود ہوں معلوم نہیں بُود ہے کیا
اخگر ہوں خبر اس کی نہیں دُود ہے کیا
دے بیٹھا ہوں اُس کو دل وجان و ایماں
اِس سودے میں معلوم نہیں سُود ہے کیا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

94

سرمد غمِ عشق بوالہوس راند ہند
سوزِ دلِ پروانہ مگس راند ہند
عمری باید کہ یار آید بہ کنار
این دولتِ سرمد ہمہ کس راند ہند

ترجمہ

سرمدؔ غمِ عشق بوالہوس کو نہ دیا
سوزِ دلِ پروانہ مگس کو نہ دیا
اِک عمر گزرنے پہ ہی ملتا ہے وہ دوست
یہ وہ ہے شرف جو خار و خس کو نہ دیا

112

غیر از تو مرا یار و نگاری نہ بود
دل را ہوسِ باغ و بہاری نہ بود
پیوستہ خیال و وہم اندیشہ بشوی
جز مہر و مہ رُوئ تو کاری نہ بود

ترجمہ

اِک تیرے سوا کچھ نہیں مطلوب مجھے
گلشن کی بہاریں نہیں محبوب مجھے
بے کار ہیں ہر وقت کے یہ وہم و خیال
جلوہ ترے حُسن کا ہے مرغوب مجھے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

113

جُز بادۂ شوقِ دوست عشرت نہ بود
بے دُرد کشی نشۂ وحدت نہ بود
مے خانۂ عالم کہ پُر از دردِ سراست
خالی زخُمار و رنج و محنت نہ بود

ترجمہ

جُز بادۂ شوق کوئی عشرت ہی نہیں
بے دُرد کشی نشۂ وحدت ہی نہیں
میخانۂ عالم ہے سراپا غم و رنج
راحت ہی نہیں اِس میں مسرت ہی نہیں

119

در مسلخ عِشق جُز نکورا نکشند
لاغر صفتانِ زشت خُورا نکشند
تو عاشقِ صادقی زِ کُشتن مگریز
مُردار بود ہر آنکہ اُورا نکشند

ترجمہ

ہوتے ہیں شہید جو ہیں ابرار یہاں
پُوچھے نہیں جاتے ہیں بد اطوار یہاں
تو عاشقِ صادق ہے تو خنجر سے نہ ڈر
مُردار پہ چلتی نہیں تلوار یہاں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

123

ہرکس بخیال اُو ہم آغوش بود
دیوانہ نمُاید ہمہ سرہوش بود
کیفیتِ این نشہ بکس ظاہر نیست
این بادہ نہان ہمہ درجوش بود

ترجمہ

جو تجھ سے تصوّر میں ہم آغوش رہا
ہروقت وہ فرزانہ و باہوش رہا
اِس کیف کا عالم ہے نرالا سب سے
یہ بادہ نہاں ہوکے بھی سرجوش رہا

124

از منصبِ عشق سرفرازم کردند
وز منّتِ خلق بے نیازم کردند
چون شمع درین بزم گدازم کردند
وز سوختگی محرمِ رازم کردند

ترجمہ

جب عشق کے منصب سے سرفراز کیا
آزادیٔ رُوح کا بھی در باز کیا
بخشا مجھے سوزِ شمع گھُلنے کے لئے
اِس ڈھنگ سے مجھ کو محرمِ راز کیا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

139

سر پا شُد و پائی سر مرا در رہِ یار
من بے سر و پا شُدم تو معذُورم دار
ہُشیار بسر چگُونہ پوشد پاپوش
دیوانہ بہ سر چگُونہ پیچد دستار

ترجمہ

چلتا رہا میں سر کے بل اے ربِّ کبار
ہے عشق کی راہ میں یہی مرا شعار
ہُشیار پہنتا نہیں جُوتی سر میں
دیوانہ باندھتا نہیں سر پر دستار

150

مُمکن منہ بَود کہ یار آید بکنار
خُود را ز خیالِ خام و اندیشہ برآر
ہر چیز کہ غیر اوست در سینۂ تُست
بسیار حجابیست میانِ تُو و یار

ترجمہ

پائے گا نہ تُو اُس کو نہ کر بات بہت
بے کار نہ ہو محوِ خیالات بہت
ہے اُلفت ماسوا ہی تیرے دل میں
تُجھ سے تو ابھی ہے دُوریِ ذات بہت

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

169

زاہد بہ نصیحتم تو بسیار مکوش
از آتشِ عشق اوست این دیگ بجوش
ہشیار شو و بہ بین کہ خمخانۂ دل
از بادۂ کیست ہست در جوش و خروش

ترجمہ

زاہد نہ مرے سامنے ہو پند فروش
ہے عشق کی آتش سے مرا دل پُرجوش
کچھ ہوش بھی کر دیکھ کہ میرے دِل میں
ہے بادۂ عشق کا بہت جوش و خروش

221

پیوستہ درین دیار با دیدۂ نم
در بحرِ خجالت و ندامت غرقم
خواہم کہ نگردم ز تو غافل یک دم
افسوس ازیں غفلت ہر دم ہر دم

ترجمہ

ہر دم رہی ہیں مری آنکھیں پُرنم
ہوں غرقِ خجالت و ندامت ہر دم
خواہش ہے کہ تجھ سے کبھی غافل نہ رہوں
افسوس کہ غافل ہی رہا ہوں پیہم

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

241

تا فکر و خیالش بدلم کرد وطن
سر تا بقدم فکر و خیالم ہمہ تن
از خود سخنی ہمیشہ دارم آقا
اِظہار محالست ہمین است سخن

ترجمہ

جب سے تری اُلفت کی ہوئی دل کو لگن
ہوں غرق ترے خیال ہی میں ہمہ تن
دل ہی میں ترا ذِکر کیے جاتا ہوں
ممکن کسی صورت نہیں اِظہارِ سخن

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

عِبادت

147

سررشتۂ اختیار با یار گذار
